یہ ممکن ہے کہ اس اعلامیہ کی اس مفہوم میں تشریح کی جائے کہ بادشاہ نے تمام مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ وہ حنفی مذہب کی پیروی کریں مگر اس صورت میں کہ افتتاحی جملہ کو باقی پیراگراف سے مربوط کئے بغیر پڑھا جائے۔ پورے پیراگراف کو پڑھیئے تو اس اعلامیہ کا مقصد یہ نہیں ہے کہ مسلمان حنفی مذہب کی پیروی کریں بلکہ یہ ہے کہ وہ مذہب کے معتبر اصولوں کی پیروی کریں۔ پیراگراف واضح کرتا ہے کہ یہ ضرورت اس لئے نمایاں ہوچکی ہے کہ موجود کتب معتبر اور متنازعہ اصولوں کے مابین کوئی امتیاز نہیں کرتیں۔ فتاوی عالمگیری کا مقصد صرف حنفی مذہب کے معتبر اصولوں کو جمع

کرنا ہے اور وہ یہ بھی واضح کرتا ہے کہ اس کو فتاوی کا نام کیوں دیا گیا۔ اس مخصوص پس منظر میں فتاوی، مذہب کے وہ اصول ہیں جن پر فقہاء اپنے فتووں میں اعتماد کرتے ہیں۔ بالفاظ دیگر فتاوی عالمگیری صرف ایسے اصول پر مشتمل ہے جو معتبر ہیں۔ لہٰذا یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ (فتاوی کا) منصوبہ ''سرکاری'' مذہب کی ضرورت کے مقابلہ میں ایک معتبر متن کی ضرورت کو زیادہ پورا کرتا ہے۔ عالمگیر کا سرکاری وقائع نگار مستعد خاں بھی اسی بیان کا حوالہ دیتا ہے مگر خیال ظاہر کرتا ہے کہ بادشاہ حنفی مذہب سے ذاتی تعلق رکھنے کی وجہ سے اس کا محرک بنا۔ (41) اس کی وضاحت بھی سرکاری مذہب کے تصور کو سہارا نہیں دیتی کیونکہ اس نے بھرپور امید کے ساتھ یہ رائے دی ہے کہ وہ (فتاوی) مکمل ہونے پر دیگر فقہی کتب پر انحصار سے مستغنی کر دے گا۔ (42)

اکبر کے برعکس جس نے متنازعہ آراء میں انتخاب کے فیصلہ کے لئے حکمراں کو حق دینے کے ادعاء کے ذریعے مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کی، عالمگیر نے علماء کو یہ ذمہ داری اپنے سر لینے کی اجازت دی، اس نے اس منصوبہ کے لئے ہندوستان میں شیخ نظام (برہانپوری) کی قیادت میں حنفی ماہرین کی ایک جماعت کو مقرر کیا اور شاہی کتب خانہ ان کی تحویل میں دے دیا۔

افتاوی عالمگیری، اسلامی قانون کے پیش کرنے میں بنیادی طور پر دیگر حنفی فقہی متون سے مختلف نہیں۔ اسے باقاعدہ ایک فقہی کتاب کی طرح مرتب کیا گیا ہے جو پہلے عبادات کو زیر بحث لاتا ہے اور پھر نکاح، سزائیں، معاہدات اور عدالتی طریق کار جیسے دیگر معاملات کے اکثر قانونی نکات پر دیگر فقہی متون کی طرح آراء کے اختلاف کو تسلسل سے بیان کرتا ہے۔ بسا اوقات یہ بہتر (اصح) رائے کو بھی پیش کرتا ہے۔ لیکن اکثر وہ اس کا فیصلہ کتاب کے پڑھنے والے پر چھوڑ دیتا ہے۔ یہ اس قاعدہ کو تفصیل سے تو بیان کرتا ہے کہ مذہب میں متضاد آراء میں کسی ایک کا انتخاب کیسے کیا جائے مگر اس کو متضاد آراء کی تفصیل میں تسلسل کے ساتھ منطبق نہیں کرتا۔ اس کا مقصد ایک متفقہ قانون پیش کرنا نہیں بلکہ حنفی اصول کا ایک مجموعہ مہیا کرنا ہے۔

(مثلاً) ادب القاضی کے ایک باب میں ان وجوہات کے طریق کار سے متعلق حنفی اصولوں کا خلاصہ بیان کیا گیا جو قاضی کو اپنے فیصلہ میں استعمال کرنا چاہئے۔ میں پہلے ہی اپنی اس رائے کی تائید میں ان آراء کا خلاصہ پیش کر چکا ہوں کہ حنفی مذہب اس بات کو ترجیح دیتا ہے کہ ایک قاضی کو آزادانہ فیصلہ کرنا چاہئے۔ حتیٰ کہ اس وقت بھی جب وہ ایک مخصوص مسلک کے اصولوں کے دائرہ میں رہ کر عمل کر رہا ہو، تو اسے آراء کے تنوع سے آگاہ ہونا چاہئے اور اسے اس بات کا اہل ہونا چاہئے کہ وہ اپنے سامنے پیش کئے گئے مسئلے میں بہتر رائے کو اختیار کر سکے۔

فتاوی عالمگیری اس ضرورت کو پورا کرتا ہے کہ اس نے حنفی مسلک میں سے فقہاء کے معتبر اصولوں کا ایک مجموعہ مہیا کر دیا ہے۔ وہ قاضی کو اس صورت میں حنفی مذہب کی پیروی کا پابند نہیں بناتا جب وہ اپنی رائے (اجتہاد) کے مطابق ان آراء سے اختلاف کرتا ہے۔ الغرض فتاوی عالمگیری حنفی اصولوں کا ضابطہ ہے مگر اس جدید مفہوم میں نہیں کہ وہ متفقہ اور سرکاری مذہب ہو۔

4۔ مغلیہ قانونی نظام:

اسلامی قانون میں بذریعہ ریاست (حکمراں) قانون سازی کا تصور واضح طور پر تشکیل نہیں پا سکا۔ ابن مقفع (756-720) نے عباسی خلیفہ منصور کو مشورہ دیا کہ وہ قانون پر ریاستی اختیار کو متعارف کرائے۔(43) مگر فقہاء نے اس سے اتفاق نہیں کیا۔ وہ اس پر بھی تیار نہیں ہوئے کہ ریاستی قانون کے طور پر ایک فقہی متن کو اختیار کیا جائے۔ قانون سازی میں حکمراں کے کردار کے بارے میں بھی فقہاء باہم تقسیم تھے۔ میرے خیال اس کی وجہ یہ تصور تھا کہ فقہ (قانون فقیہ) قانون کی تشریح اور سمجھنے کی ایک کوشش ہے۔ فقہاء کبھی اپنی آراء کے حتمی ہونے کا دعوی نہیں کرتے تھے۔ انہوں نے آراء کے تنوع (اختلاف) کی حوصلہ افزائی کی اور اسے آگے بڑھایا۔ یہ قاضی کی ذمہ داری تھی کہ وہ کسی قانونی نکتہ پر مقدمہ کے مخصوص حقائق کے حوالہ سے ایک متعین فیصلہ دے۔ یہ اس کا استحقاق تھا کہ وہ اپنی تعبیر اپنائے اور مختلف اصولوں کے مابین انتخاب کرے۔ بالکل معقول بات ہے کہ فقہاء نے، قاضی کے حق انتخاب کے دائرہ کو محدود نہیں کرنا چاہا۔

نتیجۃً سرکاری ریاستی مذہب سے آزاد رہ کر مذہب کا قانون، فقیہ کے قانون کے طور پر ارتقاء پذیر ہوا۔ اس دوران جب قاضیوں نے مآخذ سے ایک ماخذ کے طور پر فقہ پر اکثر اعتماد کیا، مسلم حکمرانوں نے عموماً اپنے شہریوں کے مفاد (مصلحہ) اور ریاست کے مفاد (سیاسۃ) کو مدنظر رکھتے ہوئے قوانین متعارف کرائے جو جرائم، سزاؤں، ٹیکسوں اور انتظامی معاملات جیسے متعدد قانونی امور میں بالخصوص بالکل واضح تھے۔ حکمرانوں نے بارہا مذہب کے قوانین کو نظر انداز کرتے ہوئے فرامین جاری کئے۔

اورنگ زیب عالمگیر کی درج ذیل قانون سازی اور اس کے قوانین کا تجزیہ اس نکتہ کی وضاحت کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔

اورنگ زیب کا فرمان 1671ء:

تاریخ گجرات ''مرآۃ احمدی'' میں مغل دور کے متعدد فرامین کے متون محفوظ ہیں۔ ان میں سے اورنگ زیب عالمگیر کے دور کے درج ذیل فرامین معنی خیز طور پر ہمارے نکتہ کی وضاحت کرتے ہیں۔

1۔ مملکت میں محتسب کا تقرر (1072ھ/1662ء)(44)

2۔ وصولی خراج کا فرمان (1079ھ/1668ء)(45)

3۔ فرمان عدالت جو تینتیس دفعات پر مشتمل ہے (1082ھ/1671ء)(46)

4۔ مسلمانوں سے وصولی زکوٰۃ کا فرمان (1089ھ/1678ء)(47)

5۔ نفاذ جزیہ (غالباً 1090ھ/1679ء)(48)

یہ فرامین، فتاوی عالمگیری کا کوئی حوالہ نہیں دیتے۔ درحقیقت فتاوی عالمگیری (تکمیل 1672ء) اس وقت تیاری کے عمل سے گزر رہا تھا جب ان میں سے اکثر فرامین جاری ہوئے تھے۔ صرف جزیہ اور زکوٰۃ کے فرامین ظاہر کرتے ہیں کہ وہ اس کی تکمیل کے بعد جاری ہوئے۔ اس لئے یہ مشکل ہے کہ ریاستی قانون سازی اور فتاوی عالمگیری پر منصوبہ کے درمیان کسی قسم کا براہ راست تعلق کو قائم کیا جا سکے۔

یہ مختصر مضمون محتسب، جزیہ اور زکوٰۃ کے فرامین کی ایسے مختصر تجزیہ کی بھی اجازت نہیں دیتا کہ جس میں ان فرامین کی تشکیل میں موجود حتمی تفصیلات کا فتاوی کے متعلقہ اصولوں سے موازنہ کیا جائے۔ عمومی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ خراج اور جزیہ کے دونوں فرمان، حنفی مذہب کے خصوصی حوالہ کے بغیر شریعت کی اصطلاح کو ظاہر کرتے ہیں۔ جزیہ کا فرمان اپنے دیباچہ کے مطابق اس کی وضاحت کرتا ہے کہ چونکہ بادشاہ نے ریاست کے تمام معاملات اور مالیاتی اور سیاسی پالیسیوں کو شریعت کے دائرہ میں رکھ کر طے کرنے کا فیصلہ کیا ہے، علماء اور فقہاء نے ان سے درخواست کی ہے کہ وہ شریعت کے تقاضہ اور ملت بیضاء (امت مسلمہ) کے تعامل کے مطابق غیر مسلم شہریوں پر جزیہ (ٹیکس) عائد کریں۔(49)

نتیجۂ فرمان واضح طور پر اس امر کا اظہار کرتا ہے کہ علماء نے بادشاہ کو فقہی کتب پیش کیں تا کہ اس پر زور دے سکیں کہ جزیہ غیر عرب بت پرستوں پر نافذ العمل تھا۔ (بظاہر ہندوستان میں موجود ہندوؤں کا حوالہ دیتے ہوئے)۔ یہ بیان اس وقت ہونے والے اس مباحثہ کو ظاہر کرتا ہے جو ہندوستان میں جزیہ کے نفاذ کے بارے میں شافعی اور حنفی آراء کے درمیان جاری تھا۔ کلاسیکی شافعی رائے یہ بتاتی ہے کہ صرف اہل کتاب، جزیہ کی ادائیگی کے بعد اپنے

مذہب پر عمل جاری رکھنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ یہ اختیار بت پرستوں کو حاصل نہ تھا خواہ وہ عرب ہوں یا غیر عرب، ان کو لازماً اسلام یا موت میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ (50) نہایت بدیہی طور پر بادشاہ ہندوستان میں شافعی رائے کو اختیار نہیں کر سکتا تھا کیونکہ یہاں آبادی کی اکثریت ہندو تھی۔

ظفر الاسلام نے اورنگ زیب عالمگیر کے فرامین کا نسبتاً تفصیل سے مطالعہ کیا ہے۔ انہوں نے محسوس کیا ہے کہ فرمان کے مضامین، حنفی فقہ کے حوالہ سے یکسر چیدہ چیدہ ہیں۔ خاص طور پر فتاوی کے مضامین سے موازنہ کرتے ہوئے انہوں نے یہ ملاحظہ کیا ہے کہ فرمان کی دفعات اسلامی قانون کی اصطلاحات کے حوالہ سے مکمل طور پر اظہار نہیں کرتیں۔ (51)

فرمان عدالت مجریہ 1671ء:

1671ء میں بادشاہ اورنگ زیب عالمگیر کے حکم پر صوبہ احمد آباد (گجرات) کے دیوان محمد ہاشم کے نام فرمان عدالت جاری کیا گیا۔ (52)

فرمان کی 33 دفعات درج ذیل جرائم سے تعلق رکھتی ہیں:

1۔ جائیداد سے متعلق جرائم جو چوری (دفعات 1 تا 4 اور 7) قبر چوری (دفعہ 5) رہزنی (دفعہ 6 اور 8) آتشزنی (دفعہ 12) اور دھوکہ دہی (دفعہ 14 تا 17) پر مشتمل ہیں۔

2۔ زندگی اور فرد سے متعلق جرائم جو قتل بشمول گلا گھونٹ کے مارنے، زہر دینے اور غرق کرنے (دفعات 10، 18، 24 اور 29) اغواء (دفعہ 19) بہتان طرازی (دفعہ 6(2)) بھگوڑے غلاموں (دفعہ 27) اور مخنث (ہیجڑا) بننے سے متعلق ہیں۔

3۔ امن وامان سے متعلقہ جرائم جو بغاوت، سول نافرمانی (دفعات 9 اور 13) اور تشدد (دفعہ 25) پر مشتمل ہیں۔

4۔ ممنوعہ امور جو جوا (دفعہ 20) شراب اور دیگر منشیات کی خرید وفروخت اور استعمال (دفعہ 21 تا 23) کو شامل ہیں۔

5۔ عدالتی کاروائی کے معاملات (دفعہ 28, 32 اور 33)۔

یہ امر لائق ذکر ہے کہ اس فرمان نے حدو تعزیر اور شریعت وسیاست کو متوازی اصطلاحات کے طور پر ذکر کیا ہے۔ ان کے استعمال کا تجزیہ، اس دور میں ریاستی قانون اور مذہب کے مابین تعلق کے بعض مزید اہم پہلوؤں کو

اجاگر کرتا ہے۔قوانین مذہب، حد اور تعزیر کے مابین سزاؤں کی دو اقسام کے طور پر امتیاز ظاہر کرتے ہیں۔حد کا تعلق مخصوص جرائم (چوری، زنا، تہمت زنا، ڈکیتی اور بغاوت) اور ان کی متعینہ سزاؤں سے ہے۔قاضی ان مخصوص جرائم کے علاوہ دیگر امور کو جرائم قرار دینے اور ان کے ارتکاب کرنے والوں کو سزائیں دینے کے صوابدیدی اختیارات رکھتا ہے۔ظاہر ہے کہ اس فرمان میں حد، تعزیر اور سیاست کی تمام اصطلاحات کا تعلق عمدہ فرق کے ساتھ سزاؤں سے ہے۔

اس فرمان میں ''حد'' کی اصطلاح سولہ سے زائد جرائم میں سے صرف چوری اور رہزنی کے حوالہ سے استعمال ہوئی ہے۔حتیٰ کہ ان دو جرائم میں معنی خیز طور پر حد کی سزائیں ذکر نہیں کی گئیں جو مذہب کے قوانین میں حتیٰ کہ فتاوی عالمگیری میں بیان شدہ ہیں۔

فرمان ''سیاست'' کی اصطلاح ریاست سے متعلقہ جرائم اور اقدامات اور ممنوعہ امور سے متعلق استعمال کرتا ہے۔فرمان میں باقی جرائم کا تعزیر کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے۔

''شریعت'' کی اصطلاح صرف ان دفعات میں استعمال کی گئی ہے جو ایک مسلمان کو غلام بنانے، مسلمان اور غیر کتابی ذمی کے درمیان شادی، شراب اور دیگر منشیات کے استعمال، ارتداد اور بھگوڑے غلام کی ممانعت سے متعلق ہیں۔اس طرح کے مقدمات میں قاضی کو واضح طور پر اختیار دیا گیا ہے وہ شریعت کے مطابق ان کا فیصلہ کرے۔یہ بہرحال اس کو ظاہر کرتا ہے کہ یہاں حتیٰ کہ اس نکتہ میں بھی حنفی مذہب کا کوئی حوالہ نہیں۔

فرمان، ثبوت شرعی (قانونی ثبوت) کی اصطلاح کو بہت زیادہ استعمال کرتا ہے جس کا مفہوم خواہ شریعت کے مطابق ثبوت ہو یا عام فہم کے مطابق محض ایک قانونی ثبوت ہو۔یہ اصطلاح آمدہ جرائم کے حوالہ سے استعمال کی گئی ہے یعنی چوری، رہزنی، قتل اور دھوکہ دہی۔یہ استعمال بنیادی طور پر جرم کے ارتکاب کے ثبوت کے حوالہ سے ہے مگر یہ دیگر پہلوؤں کو بھی ظاہر کرتا ہے مثلاً ملکیت کا ثبوت، معاوضہ کا ثبوت، یہ استعمال واضح کرتا ہے کہ ثبوت شرعی کی اصطلاح محدود معنوں میں استعمال نہیں کی جاتی تھی۔خاص طور پر ایسا ثبوت جو کسی مخصوص مذہب کے مطابق لازماً تشکیل دیا گیا ہو۔اگرچہ یقینی طور پر یہ عمومی فہم کے مطابق ایک قانونی ثبوت کو واضح کرتا ہے۔

سیاست کی اصطلاح کا استعمال ممکن ہے کہ ابہام کو ظاہر کرے بایں ہمہ اس کے استعمال کا تجزیہ بعض بنیادی مفاہیم کو واضح کرتا ہے۔اول یہ کہ یہ اصطلاح، فرمان میں مذکور بہت سے جرائم کے حوالہ سے استعمال کی گئی ہے۔اس کو دھوکہ دہی، زہر دینے اور شراب نوشی کی ممانعت سے متعلقہ دفعات میں ذکر نہیں کیا گیا۔یہ دلیل دینا مشکل ہے کہ

سیاست کا مفہوم صرف سزا ہے اور یہ کہ اس کو صرف حد یا تعزیر کی سزاؤں کے ضمیمہ یا تکملہ یا تخفیف کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ ''سیاست'' کی اصطلاح کو فرمان دو طرح کے جملوں میں استعمال کرتا ہے۔ ایک انداز، اصطلاح کو سادہ شکل میں استعمال کرنا ہے جس کا سزا دینے کے مفہوم میں ترجمہ کیا جا سکتا ہے (مثلاً سیاست نمایند، سیاست کند اور سیاست رسانند جیسے جملوں میں سزا دہی کا مفہوم پایا جاتا ہے) دوسرا انداز اصطلاح کو تعمیری صورت میں استعمال کرنا ہے مثلاً بطور سیاست موت کی سزا دی گئی (بسیاست بقتل رسانند) اور بطور سیاست ہاتھ کاٹنے کی سزا دی گئی (بقطع ید سیاست نمایند) درحقیقت دونوں طرح کے استعمال کو اصطلاح کے مفہوم کے سمجھنے کے لئے یکجا کر دینا چاہئے۔ میرے نزدیک یہ اصطلاح نظم وضبط کے مفہوم اور ''ریاست و معاشرے کے بہترین مفاد میں جرم سے نمٹنے'' کو واضح کرتی ہے۔ فرمان میں اصطلاح کا استعمال واضح طور پر بتاتا ہے کہ مغلیہ دور میں سیاست ''مذہب'' سے آزاد اسلامی قانون کا ایک اصول تھا اور حتیٰ کہ جو مذہب کے نظریات کو بھی مسترد کر سکتا تھا۔

چوری کے مقدمہ میں فرمان نے فتاوی عالمگیری میں اس نکتہ پر بیان کردہ نظریات کی نہ تو پیروی کی اور نہ ان کو پیش نظر رکھا۔ فرمان، سفارش کرتا ہے کہ حد کے طریقہ کار کے مطابق جرم کے ثابت ہونے کے بعد چور کو جیل بھیج دیا جائے جب تک وہ ندامت کا اظہار نہ کرے۔ (53) جبکہ دوسری طرف فتاوی عالمگیری کے مطابق چوری کے قانونی ثبوت کے بعد چور کا ایک ہاتھ لازماً کاٹ دیا جانا چاہئے۔ (54) قاضی، اعتراف کے ذریعہ ثبوت جرم کی صورت میں نرم روی سے کام لے سکتا ہے مگر اس وقت نہیں جب گواہی سے جرم ثابت ہو جائے تاہم فتاوی اس صورت میں جیل بھیجنے کی سفارش کرتا ہے جب چوری ثابت تو نہ ہو مگر ملزم دیگر مواقع پر چوری کے ارتکاب میں بدنام ہو۔ (55) نیز فرمان اس صورت میں سزائے موت تجویز کرتا ہے جب چوری کا بار بار ارتکاب کیا جائے اور جیل کی سزا مجرم کو چوریوں کے ارتکاب سے روکنے میں ناکام ہو جائے۔ (56) مگر فتاوی تیسری مرتبہ چوری کی صورت میں جیل کی سزا تجویز کرتا ہے بشرطیکہ مجرم کی پہلی دو سزاؤں میں ایک ہاتھ اور ایک پاؤں کاٹا جا چکا ہو۔ گو فتاوی اس مخصوص مقدمہ میں ریاست کو اس بات کی بھی اجازت دیتا ہے کہ وہ بطور سیاست مجرم کو سزائے موت دے دے۔ (57) یہ بات لائق ذکر ہے کہ فرمان میں بطور سزا ہاتھوں کے کاٹنے کا کوئی تذکرہ نہیں چنانچہ وہ تعزیر اور سزائے قید سے اگلے مرحلے میں سزائے موت تجویز کرتا ہے۔

فتاوی اور فرمان دونوں دو نکات پر متفق ہیں اول یہ کہ اس مقدمہ میں سزائے موت کی ''سیاست'' کے اصول پر اجازت ہے۔ اور دوم یہ کہ ''سیاست'' ایک مستقل اصول ہے۔ مجرم کی مملکت میں امن و امان کو تباہ کرنے کی

کوششوں کی بنا پر فتاوی، سیاست کے اصول کو زیر عمل لانے کی وضاحت کرتا ہے۔(58) اس طرح مذہب، سیاست کو ایک عام اصول کے طور پر متعین کرنے کو ظاہر کرتا ہے جو ہو سکتا ہے کہ ریاست اور سوسائٹی کے مفاد میں مذہب کے نظریات کو نظر انداز کر دے۔ ''سیاست'' کے باضابطہ بنانے کو امام (ریاست) کی صوابدید پر چھوڑتے ہوئے مذہب، ریاستی قانون سازی کے ماخذ کے طور پر اس کے مستقل اصول ہونے پر متفق ہونے کا بھی اظہار کرتا ہے۔

فرمان واضح طور پر قبر چوری کے جرم کے مقدمہ میں (بھی) اسی حیثیت کو واضح طور پر اختیار کرتا ہے۔ حنفی اصول، قبر چور (نباش) سے چور (سارق) کے طور پر معاملہ نہیں کرتا کیونکہ قبر میں موجود اشیاء کسی شخص کی ملکیت اور یقینی طور پر قبر میں موجود میت سے متعلق نہیں ہوتیں، حنفی مذہب واضح طور پر قبر چوروں کے ہاتھ کاٹنے کا واضح طور پر ذکر نہیں کرتا۔(59) جبکہ دوسری طرف فرمان (اس معاملہ میں) ہاتھ کاٹنے کی سزا کا تعین کرتا ہے بشرطیکہ صوبہ کا گورنر اور عدالتی افسران متفقہ طور پر اس فیصلہ پر پہنچیں۔(60)

ہم اس فرمان کو سیاست کی بنیاد پر دیگر مقدمات میں بھی حنفی مذہب کے فیصلہ کو نظر انداز کرتا ہوا پاتے ہیں۔ بطور مثال رہزنی کرنے والوں کے مقدمہ میں اگرچہ شریعت کے اصولوں کے مطابق جرم ثابت ہو چکا ہو گورنر صوبہ اور عدالتی افسران یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ ان کو سزائے موت نہ دی جائے اور سیاست کے اصول کے مطابق (کوئی دوسری) سزا دینے پر عمل کر سکتے ہیں۔(61) اسی طرح ایک شخص کسی کو گلا گھونٹ کر قتل کر دیتا ہے تو فتاوی اس پر سزائے موت (قصاص) جاری نہیں کرتا۔ حنفی مذہب کے مطابق قتل ایک شخصی جرم ہے اور ریاست صرف متاثرہ فریق (مقتول کے ورثاء) کے کہنے پر متحرک ہوگی۔ مگر ایسی صورت میں کہ کوئی شخص اس جرم کا بار بار ارتکاب کرے تو فتاوی عالمگیری سیاست کی بنیاد پر سزائے موت کی اجازت دیتا ہے۔(62) جبکہ فرمان اس جرم کے مرتکب شخص کے لئے پہلی بار جیل کی سزا اور عادی مجرم کے لئے خاص طور پر موت کا ذکر کئے بغیر صرف سیاست کی سزا (صوابدیدی سزا) تجویز کرتا ہے۔(63)

خلاصہ:

میں نے اس بات کو واضح کیا ہے کہ بادشاہوں اور شاہی سرپرستوں کے ذریعہ حنفی مذہب کا اختیار کیا جانا اور عوام میں اس کا فروغ، ریاست کی طرف سے اس مذہب کو سرکاری طور پر تسلیم کرنے کو ظاہر نہیں کرتا۔ کوئی مذہب سرکاری حیثیت تو اس وقت حاصل کرتا ہے جب وہ ریاستی قانون سازی کا بلاشرکت غیرے ماخذ ہو اور ججوں سے تقاضہ کیا جائے کہ وہ محض ایک مخصوص مذہب کو ہی نافذ کریں مگر مجھے اس صورت کی تائید میں کوئی ثبوت نہیں مل سکا۔

''مذہب'' کی سرکاری تسلیم شدہ حیثیت کا مظہر یقینی طور پر ریاست کے سرکاری قانون جو کہ لازمی طور پر علاقائی اور جغرافیائی ہوتا ہے اور فقہی نظریات جو کہ بنیادی طور پر شخصی ہوتے ہیں، کے مابین باہمی تعلقات کار کا مسئلہ ہے۔ میں نے واضح کیا ہے کہ حنفی مذہب بالخصوص جیسا کہ فتاوی عالمگیری میں بیان کیا گیا ہے اس حقیقت کو متعین کرتا ہے کہ عدل کا نظم ونسق مختلف انداز سے بروئے کار لایا جاتا ہے جیسا کہ ریاست کا تقاضہ ہوتا ہے۔ عالمگیری فرمان کا تجزیہ ظاہر کرتا ہے کہ ریاست، اپنی قانون سازی میں مذہبی نظریات سے زیادہ سیاست کے اصول کا حوالہ دیتی ہے۔ میں نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ سیاست کا ضابطہ اگرچہ مذہبی اصول کے تحت تسلیم شدہ ہے، مذہب کے نظریہ کے ساتھ مدغم نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بدستور دیگر نظریات کے مقابل ہے۔ یوں ریاست اپنی قانون سازی کے لئے متبادل ماخذ کا اختیار رکھتی ہوئی نظر آتی ہے۔

حواشی وحوالہ جات

1۔ اس مضمون کا ابتدائی تخیل 2000ء میں ہارورڈ یونیورسٹی بوسٹن میں ''تیسری بین الاقوامی کانفرنس برائے اسلامی قانونی مطالعات: مذہب'' کے موقع پر پیش کیا گیا تھا۔

2۔ Sarkar 1952: 101

3۔ Ahmad 1978: 48

4۔ Saran 1973: xix

5۔ Siddiqi 1969: 240-259

6۔ Schacht 1966: 65

7۔ Schacht 1966: 65

8۔ Marshall G. Hodgson, *The Venture of Islam*, Vol.3 (Chicago: The University of Chicago Press, 1974), P.110

9۔ Escovitz 1982: 529-531

10۔ Allouche 19875: 317-320

11۔ Nielsen 1984: 167-76

12۔ Jackson 1995: 52-65

13۔ دوسری طرف المعبر ی (الملیباری) کی تصانیف میں سے ایک کا حالیہ ایڈیشن، واضح کرتا ہے کہ مغلیہ ہندوستان میں گجرات میں المعبر ی ایک قابل ذکر شافعی قاضی تھا۔ وہ اس علاقہ کے معروف شافعی قاضیوں کے خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ المعبر ی کی تصنیف قرۃ العین بمہمات الدین، انڈونیشیا، ملائیشیا اور سنگاپور

کے شافعی مدارس میں پڑھایا جانے والا معروف شافعی متن تھا۔ تفصیلات کے لئے دیکھئے Ma'bari 1985: 5, 6, 15

14۔ Brockelmann 1949, 2: 554

15۔ مثال کے لئے دیکھئے Siraj 1985, 1: 649

16۔ اس نکتہ پر میں پروفیسر اشتیاق احمد ظلی کے تعاون کا ممنون ہوں۔

17۔ Siddiqi 1969: 247

18۔ Siddiqi 1969: 248

19۔ Saran, *Provincial Government,* P.320

20۔ Maqdisi 1906: 481 and Maclean 1989

21۔ Hujwiri 1995: 125-130

22۔ Hujwiri 1995: 56, 77

23۔ Smith 1917: 178

24۔ میں ڈبلیو ایچ لو، کا ترجمہ پیش کروں گا، تاہم فارسی متن سے تقابل کرتے ہوئے میں نے کئی جملوں کو غیر شامل دیکھا ہے، ان کے ترجمہ کا اضافہ مربع قوسین میں کروں گا۔

25۔ Al-Badaoni 1973, 2:379-80

26۔ Masud 1995: 53

27۔ Baqa', 1973

28۔ Nizam 1831, 3: 378, Ali N.d. 5: 107

29۔ Nizam 1831, 3: 383, Ali N.d. 5: 113

30۔ Nizam 1831, 3: 383, Ali N.d. 5: 113

31۔ Nizam 1831, 3: 385, Ali N.d. 5: 114

32۔ Nizam 1831, 3: 378-379

33۔ Nizam 1831, 3: 378 ff

34۔ Nizam 1831, 3: 433, Ali N.d. 5: 163

35۔ Nizam 1831, 3: 439, Ali N.d. 5: 168

36۔ Nizam 1831, 3: 434, Ali N.d. 5: 163

37۔ تفصیلات کے لئے دیکھیں Masud 2001

38۔ Bhatti 1973: 30

39۔ Khan 1979, 1: 387

40۔ Khan 1979, 1: 387

41۔ Khan 1871: 525

42- Khan 1979, 1: 387
43- Schacht 1966: 55
44- Hasan 1928: 249-253
45- Hasan 1928: 268-274
46- Hasan 1928: 277-283
47- Hasan 1928: 298-300
48- Hasan 1928: 296-298
49- Hasan 1928: 296

50- ضیاء الدین برنی (1972,18) اس حیثیت کو پرزور طریقہ سے پیش کرتا ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ قاضی مغیث نے علاؤ الدین خلجی کو وضاحت پیش کی، امام ابوحنیفہ جن کے ہم پیروکار ہیں، کے علاوہ کوئی اور امام ہندوؤں سے جزیہ لینے کی اجازت نہیں دیتا، ان کے نزدیک تو ہندوؤں کے لئے دو ہی راستے ہیں اسلام قبول کریں یا موت: ضیاء الدین برنی درحقیقت افسوس کرتا ہے کہ سلطان محمود (غزنوی) نے ہندوستان میں ہندوؤں پر شافعی مذہب کا اطلاق نہیں کیا، دوسری جانب فتاوی عالمگیری اس امر کا تعین کرتا ہے کہ صرف جزیرۂ عرب کے بت پرستوں کے لئے کوئی اور راستہ نہ تھا، دیگر تمام بت پرست اہل کتاب کی طرح مسلمانوں کے ساتھ جنگ سے بچنے کے لئے جزیہ دینے کا اختیار رکھتے ہیں۔ تفصیلی گفتگو کے لئے دیکھئے (Nizam 1831, 2:347 ff.)

51- Islam 1978:126

52- فرمان کے آغاز میں ''حسب الحکم'' کی اصطلاح یہ ظاہر کرنے کے لئے استعمال کی جاتی تھی کہ یہ فرمان بادشاہ کی جانب سے جاری کیا۔ ان اصطلاحات کی وضاحت کے لئے دیکھئے Nadvi N.d. 21

53- Hasan 1928: 278
54- Nizam 1831, 2: 245
55- Nizam 1831, 2: 248
56- Hasan 1928: 278
57- Nizam 1831, 2: 258
58- Nizam 1831, 2: 258
59- Nizam 1831, 2: 252
60- Hasan 1928: 279
61- Hasan 1928: 279
62- Nizam 1831, 6: 5
63- Hasan 1928: 279

اجتماعی اجتہاد میں مقاصد شریعت اور قواعد کلیہ کا کردار

ڈاکٹر محمد اکرم رانا*

Abstract :

It is an established fact that the role of Ijtihad in the past Muslim societies has been crucial. In the present scenario of global world, the importance of this source of law cannot be denied. It has been observed that the process of globalization has affected the individual and social aspects of the lives of the Muslims. The paper after tracing the history and development of Ijtihad describes its role offered by Shatibi. He has offered some objective which may be considered in the making of Ijtahad. The paper thus advocates that legal maxims and objectives of Shariah offered by Shatibi .be taken into consideration for the development of collective Ijtihad.

اجتہاد کا مفہوم:

لغوی طور پر اجتہاد کا مفہوم ہے ''کسی بات میں انتہائی جد و جہد کرنا'' اور اصطلاحی طور پر شرعی احکام کی معرفت حاصل کرنے یا جزئیات پر ان کو منطبق کرنے میں خالی الذھن ہو کر غور و فکر کی انتہائی طاقت صرف کرنا اجتہاد کہلاتا ہے۔(۱)

اجتہاد کا ایک محتاط مفہوم یہ بھی ہے کہ قرآن کی کسی نص یا ماضی کی کسی نظیر کو جس کے اندر ایک قانون موجود ہو، سمجھنے کی کوشش کرنا اور اُس کے اندر موجود قانون کو وسیع کرتے ہوئے یا محدود کرتے ہوئے یا کسی دوسری طرح سے اس میں ردو بدل کرتے ہوئے اس طرح سے تبدیل کرنا کہ ایک نئی صورتحال ایک نئے حل کے ذریعے اس کے دائرے میں سما جائے۔ (۲)

اجتہاد، قرآن و حدیث کے بعد اسلامی قانون کا اہم ترین ماخذ ہے۔ بدلتی ہوئی زندگی اور ترقی پذیر معاشرے کی رہنمائی کا واحد ذریعہ ہے اور ہدایت الٰہی کی تکمیل کا اہم باب ہے۔اس بنا پر رسول اللہ ﷺ نے بنفس نفیس اس کا دروازہ کھولا اور بے شمار مواقع پر اجتہاد کر کے اس کے نشیب و فراز سے واقف کرا دیا، تا کہ بعد کے لوگوں کے لئے اور باتوں کی طرح اس میں بھی آپ ﷺ کی زندگی نمونہ ثابت ہو۔لیکن وحی الٰہی سے آپ ﷺ کا تعلق

---

* پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

قائم ہونے اور براہ راست رہنمائی کی وجہ سے آپ کے اجتہاد میں غلطی کا احتمال باقی نہیں رہتا تھا۔

اجتماعی اجتہاد کا مفہوم:

پیش آمدہ مسائل پر غور وفکر کرنا اور اُن کا شرعی حل دریافت کرنا جب کسی منظّم یا اجتماعی تحریک کی بدولت ہوگا وہ اجتماعی اجتہاد یا ادارتی اجتہاد کہلائے گا۔

قرآن حکیم سے اجتہاد کا ثبوت:

ہم صرف ایک آیت پر اکتفا کریں گے۔ارشاد ربانی ہے:

فلولا نفرمن کل فرقة منهم طائفة ليتفقهوا فی الدين

کیوں نہ ایسا کیا گیا کہ مومنوں کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکل آئی ہوتی جو دین میں فہم وبصیرت حاصل کرتی۔(۳)

حدیث مبارکہ سے اجتہاد کا ثبوت:

یہاں بھی مشہور حدیث کا سہارا لیا جائے گا:

معاذ بن جبل کو جب یمن کا حاکم بنا کر بھیجا جا رہا تھا تو ان سے پوچھا گیا کہ اے معاذ! جب کوئی فیصلہ (مقدمہ) تمہارے پاس آئے تو تم کیسے فیصلہ کرو گے۔ جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ پوچھا گیا! اگر اللہ کی کتاب میں نہ ہو تو! کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق فیصلہ کروں گا۔

فرمایا! اگر رسول اللہ کی سنت میں نہ ہو تو؟ کہا کہ اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کروں گا۔(۴)

اس بات کو رسول اللہ ﷺ نے نہ صرف پسند فرمایا بلکہ دعا دی اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر یہ کہا اے اللہ تو نے اپنے رسول ﷺ کے رسول کو جس چیز کی توفیق دی ہے اس سے اللہ کا رسول خوش ہے۔

اگر اجتہاد کی اجازت نہ دی جاتی تو سب لوگوں کو صرف قرآن وحدیث پر اعتماد کرنا پڑتا۔قرآنی نصوص محدود ہیں جبکہ مسائل لامحدود ہیں اس طرح مسائل حل کرنے کے لئے اجتہاد کا اصول ہاتھ آ گیا۔(۵)

معلوم ہوا کہ اگر قرآن وحدیث میں صراحتاً حکم موجود نظر نہ آئے تو اجتہاد کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ابتداءً اجتہاد رائے کے ذریعہ ہوتا تھا کیونکہ معاذ بن جبل کے الفاظ تھے ''اجتہد برائی'' میں اپنی رائے سے

اجتہاد کروں گا۔

اسی رائے نے بعد میں قیاس کا لفظ اختیار کر لیا کیونکہ رائے پر اعتراض ہونے لگا کہ یہ تو مادر پدر آزادی کا دوسرا نام ہے۔ اس طرح رائے کی جگہ قیاس نے اختیار کی۔ اس کے لئے استدلال اور استطباق کے لفظ بھی استعمال ہونے لگے۔ اگر جمہور فقہاء اور قانون کے ماہرین متفق ہوں تو یہی اجتہاد، اجماع کہلانے لگتا ہے۔ مگر جو قیاس کی قسم بن کر اصطلاح استعمال ہوئی وہ استحسان کہلائی۔ احناف نے قانون سازی میں اس سے مدد لی، امام الشافعی نے اس اصطلاح کے خلاف ''ابطال الاستحسان'' کے نام سے کتاب الأم میں ایک آرٹیکل لکھا اور الرسالہ میں بحث کی یوں استحسان کو پسند نہ کیا۔ مگر احناف نے اس کو تقویت بخشی۔

استحسان ایسی اصطلاح ہے کہ اس سے عوامی مفاد کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ خوبصورت مثال کے ذریعے اسے واضح کرتے ہیں کہ آج کل ہمارے ڈاکخانوں سے منی آرڈر بھیجا جاتا ہے۔ ڈاک خانے میں جو رقم ادا کی جاتی ہے امانت کا اصول ہے وہی رقم ادا کی جائے لیکن ایسا ممکن نہیں لہٰذا دوسری رقم اسے ادا کر دی جاتی ہے۔ اس طرح رقم ادا ہو جاتی ہے اور امانت کا حق بھی ادا ہو جاتا ہے یہی استحسان ہے۔ (٦)

میکڈونلڈ استصلاح کو بھی استحسان کی قسم سمجھتے ہیں۔

"He finds no difference between the two terms istihsan and istislah."(٧)

> حضور اکرم ﷺ نے اجتہاد کر کے صحابہ کرام اور بعد کی نسلوں کو اجتہاد کی مشروعیت بتلائی اور امت کو یہ رہنمائی فرمائی کہ قرآن وسنت میں حکم کی دلیل نہ ملنے کی صورت میں ان کے لئے اجتہاد سے کام لینا لازم ہے۔ غالباً اس بات کو پختہ اور ذہنوں میں راسخ کرنے کے لئے نبی اکرم ﷺ بعض مسائل میں اپنے سامنے اجتہاد کرنے کا حکم فرماتے، پھر درست جواب دینے والے کی تصویب فرماتے اور خطا کرنے والی کی غلطی پر متنبہ فرماتے۔ ارشاد فرمایا: اذا حکم الحاکم فاجتھد ثم اصاب فلہ اجران واذا حکم فاجتھد ثم اخطاء فلہ اجر حاکم نے جب اجتہاد سے فیصلہ کیا اور درست کیا تو اس کے دو اجر ملتے ہیں اور غلط کیا تو ایک اجر ملتا ہے۔

اجتہاد کی اہمیت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے اس مکتوب سے بھی ہوتی ہے جو انہوں نے ابوموسیٰ اشعری کو لکھا کہ جن معاملات میں قرآن وسنت کی کوئی ہدایت موجود نہیں ہے اور وہ تمہارے دل میں کھٹکتے ہیں ان

کے بارے میں خوب غور وفکر اور سمجھ بوجھ سے کام لو۔ایسے نئے مسائل حل کرنے میں تم پہلے قرآن وسنت میں موجود ملتے جلتے مسائل اور اصولوں سے واقفیت حاصل کرو اور نئے مسائل پر ان کو قیاس کرلو۔اس کے بعد جو حل تمہاری رائے میں اللہ کی مرضی سے قریب تر اور حق سے زیادہ مشابہ معلوم ہو اسے اختیار کرلو۔ (۸)

اسی بات کو مدار بنا کر امام شافعی نے رائے کی تشریح اجتہاد سے کی ہے اور اجتہاد کی تشریح قیاس سے کی ہے اور فرمایا ہے ''اجتہاد اور قیاس ایک ہی معنی کے دو نام ہیں''۔ (۹)

صحابہ کرامؓ کے اجتہادات:

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے دور میں بے شمار اجتہادات کئے مثلاً مانعین زکوٰۃ کے خلاف قتال کا حکم دیا۔ عورتوں کی طرح مردوں سے نکاح کرنے والوں کو جلا دینے کا حکم دیا۔وغیرہ۔

آپ غیر منصوص واقعات میں پوری وسعت کے ساتھ قیاس کو اختیار کرتے تھے اور اجماع کو شعار بناتے۔ (۱۰)

حضرت عمر فاروقؓ کے اجتہادات:

عہد فاروقی میں اجتہاد کی بنیاد جن اصولوں پر تھی ان میں درج ذیل نمایاں ہیں:

1۔ مشقت اور تنگی کو دور کیا جاتا۔

2۔ دو چیزوں کے درمیان جو بات آسان ہوتی اسے اختیار کیا جاتا۔

3۔ مصلحت کے ذریعے حکم کی تعلیم کی جاتی۔

4۔ سدّ ذرائع کا اصول اختیار کیا جاتا۔

5۔ دفع مفاسد کے اصول پر کاربند ہوتے۔

6۔ بعض احکامات پر علت نہ پائے جانے، یا بعض شرائط کے مفقود ہونے کی وجہ سے (خاص واقعات وحالات میں) عمل درآمد روک دیا جاتا۔

آپ کے اجتہادات میں حضرت ابوبکرؓ کی امامت پر خلافت کو قیاس کرنا۔سواد کی اراضی کا تمام مسلمانوں کی مصلحت کی خاطر وقف کرنا، چوری کی سزا پر حکم موقوف کرنا، مؤلفۃ القلوب کے حصے کو روکنا، جلاوطنی کی سزا کو ترک کرنا، امہات الاولاد کی فروخت کا خاتمہ کرنا۔تدوین قرآن پر حضرت ابوبکر صدیقؓ کو آمادہ کرنا، شراب کی سزا ۸۰ کوڑے

مقرر کرنا، ایک مجلس کی طلاق کو تین طلاقیں قرار دینا نہایت اہم ہیں۔(۱۱) ان اجتہادات کو اولیات عمرؓ کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

حضرت عثمان غنیؓ کے اجتہادات:

تعداد فتاویٰ کے اعتبار سے حضرت عثمان غنیؓ متوسط صحابہ میں شمار ہوتے ہیں انہوں نے شیخین کے اجتہادات کو جاری رکھا۔ تاہم موسم حج میں منیٰ میں بجائے دو رکعت قصر پڑھنے کے چار رکعت پڑھی۔(انہوں نے کیونکہ مکہ میں نکاح کیا تھا اس لئے منیٰ کو مکہ کی حدود میں خیال کرتے ہوئے شاید ایسا کیا)۔ آپ کا سب سے بڑا اجتہاد امت مسلمہ کو قرآن مجید کی ایک قرآت پر اتباع کے حوالے سے ہے۔ جس کی بنا پر آپ جامع القرآن کہلائے۔ تاہم مولانا شبلی نعمانی کو آپ کو جامع القرآن کہنے پر اعتراض ہے ان کے نزدیک حضرت ابوبکرؓ جامع القرآن تھے۔ وہ کہتے ہیں یہ عجیب بات ہے کہ حضرت عثمانؓ کا نام جامع القرآن مشہور ہو گیا ہے حالانکہ ان کو قرآن مجید کے جمع و ترتیب میں کوئی دخل نہیں۔ انہوں نے جو کچھ کیا وہ صرف یہ تھا کہ حضرت ابوبکرؓ کے نسخہ کی چند نقلیں کرائیں اور مختلف صوبوں میں بھیج دیں کہ ان کے موافق قرآن پڑھا جائے۔ اتنا البتہ کیا کہ اُس وقت تک قرآن مجید مختلف قرآتوں میں پڑھا جاتا تھا حضرت عثمان نے قرآت مشہورہ کے موافق لکھوا کر باقی قرآتوں کو یا چاک کر دیا یا جلا ڈالا۔ (۱۲)

حضرت علیؓ کے اجتہادات:

حضرت علیؓ اپنے دور کے مجتہد اعظم تھے قرآن کے حوالے سے ان کا قول بڑا مشہور ہے ''مجھے ہر آیت کے بارے میں معلوم ہے کہ کس بارے میں نازل ہوئی اور کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی، اور کہاں نازل ہوئی''۔ (۱۳)

حضرت علیؓ اجتہاد میں مقاصد شریعت کو مدنظر رکھتے ہوئے قیاس، استصحاب حال، استحسان اور استسلام سے کام لیتے۔ شرابی کی سزا ۸۰ کوڑے مقرر کرنا ایک جماعت کے قتل میں پوری جماعت کا قتل کرنا، جن لوگوں نے آپ کو معبود کہا ان کو اصول استحسان کی بدولت زندہ جلانا آپ کی اجتہادی کوششوں کی چند مثالیں ہیں۔(۱۴)

دیگر صحابہؓ کے فتاویٰ و اجتہادی فیصلے بھی کتاب، حدیث اور اجماع و قیاس کی بدولت عمل میں آئے امام الحرمین جوینی کہتے ہیں ''صحابہ کرامؓ تقریباً ایک صدی تک مسائل میں قیاس کرتے رہے واقعات آئے دن پیش آتے اور یہ حضرات ان واقعات کے بارے میں احکام شرعیہ کی تحقیق کرتے اور پیش آمدہ مسائل پر ''کفیما اتفق''

اوراصول وقواعد کی رعایت کے بغیر احکام جاری نہیں کرتے تھے۔(۱۵)

تابعین اور فقہاء کے اجتہادات:

تابعین کا دور تقریباً 100 ھ کے بعد شروع ہوتا ہے اگر چہ اکثر تابعین جو فقہ وفتوی کی صلاحیت رکھتے تھے موالی یعنی آزاد کردہ غلام تھے جن میں عبیداللہ نخعی کا قول ہے کہ نئے واقعات جو میرے سامنے آتے ہیں انہیں میں سنے ہوئے احکام پر قیاس کر لیتا ہوں۔(۱۶) تابعین اور تبع تابعین میں سے بے شمار حضرات نے اجتہادات کئے اور لوگوں میں مقبول ہوئے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی یہ رائے ہے کہ امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ نے اپنے اپنے پیشرو تابعین کے اقوال پر عمل کیا اور شاذ ونادر ہی انکی آراء سے تجاوز کیا۔(۱۷) لیکن طہ جابر العلوانی کہتے ہیں ''شاہ ولی اللہ کی اس بات سے اتفاق کرنا مشکل ہے''۔ امام مالکؒ کا عمل اہل مدینہ کو اختیار کرنے کا اصول، امام ابوحنیفہؒ کا استحسان اور عرف کے اصول کو اختیار فرمانا اور قبولیت حدیث کے لئے چند شرائط لگانا ثابت کرتا ہے کہ ان کی آراء اپنے پیشروں سے مختلف تھیں۔(۱۸)

ان دو مدارس کی بدولت دو قسم کے سکول سامنے آ گئے ایک اہل الرائے (Hanafis, Iraqis, Kufians) اور دوسرے اہل حدیث،(Traditionists, Hijazis, Malikis) کہلائے۔ اہل الرائے پر جن مسائل میں مخالفت کی سخت قدغن لگائی گئی ہے ان مسائل میں ان کا عذر یہ ہے کہ یا تو انہیں حدیث پہنچی نہیں یا راوی ضعیف تھا اس لئے حدیث پر اعتماد نہیں کیا گیا یا کوئی دوسری حدیث معارض موجود اور ثابت تھی۔ تاہم اہل الحدیث، اہل الرائے کے ساتھ اس بات پر متفق تھے کہ جہاں نص موجود نہ ہو وہاں قیاس (رائے) کا سہارا بہت ضروری ہے۔

امام شافعیؒ:

ان دو مسالک کے مابین ایک تیسری رائے امام شافعی کی داخل ہوئی۔ انہوں نے محسوس کیا کہ اہل حدیث منقطع پر عمل کرتے ہیں اور حدیث مرسل پر مطلقاً عمل کرتے ہیں انہوں نے دیکھا کہ امام مالکؒ بعض اوقات صحیح احادیث کو ترک کر کے کسی صحابی یا کسی تابعی یا اپنا قیاس اختیار کرتے ہیں۔ بہت سے مسائل میں وہ اجماع کا دعویٰ کرتے ہیں حالانکہ وہ مسئلہ مختلف فیہ ہوتا ہے اور اکثر اہل مدینہ کے اجماع کو بھی حجت مانتے ہیں اس پر انہوں نے استنباط فقہی کے اصول جمع کئے۔ قواعد کی شیرازہ بندی کی فقہ کو قواعد فقہیہ سے عملی تطبیق کا نام دیا عموم وخصوص کی۔

پہچان پیدا کی۔ اصول فقہ پر ایک الرسالہ لکھ کر نئی فقہ تیار کی اس طرح آپ اہل الرائے اور اہل الحدیث سے ممتاز ہو گئے۔ تاہم تمام یورپینز آپ کو Champion of Hadith کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔(۱۹)

شاطبی اور اجتہاد:

اصول فقہ کی کتابوں میں اجتہاد کے حوالے سے جو مباحث ملتے ہیں ان میں اہل اصول اجتہاد کی تعریف کرتے ہیں۔ اس کی شرائط اور اقسام کی وضاحت کرتے ہیں کن مسائل میں اجتہاد جائز ہے یا کن میں اجتہاد جائز نہیں۔ شاطبی پہلے اصولی ہیں جنھوں نے اجتہاد کو فکری عمل کا نام دیا اور کہا کہ یہ دوستونوں پر قائم ہے۔(۲۰)

1۔ عربی زبان کے قواعد اور اسالیب تعبیر کی مکمل معرفت حاصل کرنا۔

2۔ شارع کے مقاصد کی معرفت حاصل کرنا۔

شاطبی نے مقاصد شریعت پر تفصیل سے گفتگو کی لیکن ان مقاصد کو پیچھے دھکیل دیا گیا اور ان سے کام نہ لیا گیا۔ ہماری رائے میں ضروری ہے کہ ایک بار پھر مقاصد شریعت سے واقفیت حاصل کی جائے، مقاصد شریعت پر تحقیقات کو ترقی دی جائے اور قواعد وضوابط وضع کئے جائیں۔

رسول اللہؐ، صحابہ کرامؓ، تابعین، فقہاء کے طرز عمل سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اجتہادات کئے اور لوگوں کو رہنمائی فراہم کی اسی راستے پر چلتے ہوئے فقہاء نے اس باب میں اتنا کام کیا کہ بعض کے نزدیک اجتہاد کی ضرورت ہی باقی نہ رہی اور اس کا دروازہ بند کر دیا گیا؟

کیا اجتہاد کا دروازہ بند ہے؟

زندگی اور اس کے مسائل ہردم ترقی کی طرف روبہ جانب ہیں۔ علامہ اقبالؒ نے اجتہاد کو Principle of Movement کہا ہے اور یہ امر ہر انسان پر واضح ہے کہ نئے نئے مسائل کا پیش آنا ناگزیر ہے ایسے میں اجتہاد کا دروازہ کیسے بند ہوسکتا ہے؟ اجتہاد کوئی (خدانخواستہ) نبوت تو نہیں جو بحکم الٰہی اپنے کمال کو پہنچ کر ختم ہو جائے۔ یہ تو مسائل کو سلجھانے اور حل کرنے کا ایک طریقہ ہے جو قیامت تک جاری رہے گا۔

دراصل ہوا یوں کہ پانچویں اور چھٹی صدی ہجری کے علمائے مذاہب اربعہ نے اس زمانے کے احوال کے پیش نظر یہ ضروی سمجھا کہ اجتہاد کی اہمیت کے لئے جن اعلیٰ صفات، شرعی بصیرت اور رسوخ علمی کی ضرورت تھی اب علماء میں اس کا فقدان ہو گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی عوامی شعور میں بھی انحطاط ہو گیا تھا جس سے وہ اہل اجتہاد اور

نا اہل میں تمیز نہ کر سکتے تھے۔ علماء نے یہ خطرہ محسوس کیا کہ مبادا جاہل اور ہوا پرست لوگ مسند اجتہاد کو سجانے لگیں اور اسلامی فقہ کی عظیم عمارت کو نقصان پہنچے۔ لہٰذا انہوں نے پیش بندی کے طور پر کہا کہ اس ضمن میں جتنا کام اب تک ہو چکا ہے فی الحال وہی کافی ہے۔ ظاہر ہے کہ ان حضرات کا یہ مقصد نہ تھا کہ اجتہاد کا دروازہ ہمیشہ کے لئے بند کر دیا جائے۔ نہ انہوں نے ایسا کیا اور نہ انہیں ایسا کرنے کا اختیار تھا۔ دوسری وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ جب ہلاکو خان نے بغداد پر حملہ کیا اور علمی ذخیرہ تباہ کیا تو اجتہاد موقوف کر دیا گیا۔

ہندوستان میں انگریزوں کے اقتدار کے بعد مسلمانوں کو مشکل ترین حالات کا سامنا کرنا پڑا۔ بے شمار مسائل پر توجہ نہ دینے کی وجہ سے سماج میں شدید اضطراب پیدا ہوا ایسے نازک حالات میں علماء کرام نے اجتہاد کی مسند سنبھالنے کا فیصلہ کیا۔ اور اس کے حق میں آراء بلند ہونے لگیں۔ اس طرح بے شمار مسائل کے حل کی جانب ایک قدم اٹھانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔

اسلام ایک زندہ مذہب ہے اس نے ہر دور کے تقاضوں کا ساتھ دینا ہے ورنہ تو مستشرقین کا یہ الزام ثابت ہو جائے گا کہ اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو جامد اور غیر متحرک ہے یہ جدید دور کے تقاضوں سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ ان کے بقول مسلمان ہر کام کر سکتا ہے مگر ترقی نہیں جمال الدین افغانی نے اس سلسلہ میں بہت کام کیا اور کہا کہ یہ بات غلط ہے ہمارے بے شمار علماء اور جدید سکالرز الحمدللہ وقت کی رفتار سمجھتے ہیں وہ نبض شناس ہیں۔ انہوں نے بے شمار مسائل پر قلم اٹھایا ہے۔ وہ قرآن وسنت کے دائرہ میں رہتے ہوئے کچھ مسائل کو حل کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں کہیں درمیانہ رائے اختیار کی ہے اور کہیں مزید پیش رفت کی ضرورت ہے۔ میری رائے ہے کہ اگر مقاصد ضروریہ، مصلحت عامہ، ضروریات، حاجات، وقت اور حالات کی عایت Principle of Movement جیسے اصولوں اور قواعد فقہیہ کو معیار بنا لیا گیا تو ہم کامیاب ہو جائیں گے۔ موجودہ دور میں اردن، انڈونیشا، پاکستان، تیونس، الجزائر، سعودی عرب، لبنان، مصر، موریطانیہ، نائجیریا اور ہندوستان کے علماء متحرک ہیں انہوں نے بے شمار عصری مسائل پر فتاوی دیئے ہیں جس سے تحقیق کے دروازہ کو کھلا رکھنے میں بہت حد تک مدد مل رہی ہے۔ ہم کچھ مسائل کے حل کی طرف یہاں ذکر کریں گے۔ جہاں اجتہاد ہوا ہے یا ہو سکتا ہے یا مزید کچھ کیا جا سکتا ہے۔ یہ صرف مثالیں ہیں ورنہ مقصود فی الذات نہیں ہیں۔ لیکن یہاں اتنا ذکر کر دینا ضروری ہے کہ آج کے مسائل کے حل میں اجتماعی اور ادارتی اجتہاد (Collective and Institutionalized Ijtihad) کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ مسلم معاشرے اجتماعی مسائل کو حل کرنے میں اب بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ ان میں سود اور

انشورنس کے علاوہ جدید ٹیکنالوجی کی ترقی کے نتیجہ میں سامنے آنے والے مسائل کا سامنا ہے جن میں ٹیسٹ ٹیوب بے بی، کلوننگ اور اعضاء کی فروخت چند مثالیں ہیں۔ اسی طرح معاشی میدان میں اسلامی بنکاری، کاغذی زر کی شرعی حیثیت، آزاد مارکیٹ اور عالمی تناظر میں تہذیبوں کی کش مکش کے نظریہ، مغرب کے لائف اسٹائل اور امت مسلمہ اور عالمگیریت جیسے مسائل پر قلم اٹھانا ازحد ضروری ہے۔ سیاسی طور پر نظام خلافت اور دارالاسلام اور دارالحرب کے تصور پر کام کرنا امت مسلمہ پر فرض ہے۔

موجودہ دور کے اجتہادات:

1۔ انشورنس اور اس کی مختلف حالتیں:

انشورنس (بیمہ) ایک مختلف فیہ مسئلہ بن چکا ہے اگرچہ بے شمار فقہاء، علماء، سکالرز اسے جائز تصور نہیں کرتے۔ انہوں نے اس پر تفصیلی گفتگو کی ہے اسے استصلاحاً، اباحتاً، اور ضرورتاً تسلیم نہیں کیا ہے کیونکہ ان کے نزدیک اس میں بیع غرر، قمار اور سود کا شائبہ ہے۔ اس کے مقابلہ میں کچھ علماء اسے جائز تسلیم کر لیتے ہیں۔ مثلاً ڈاکٹر مصطفیٰ الزرقاء اس سلسلے میں کہتے ہیں کہ ''جہاں کہیں انشورنس کمپنیاں ایسی شرائط عائد کرتی ہیں جنہیں اسلامی شریعت تسلیم نہیں کرتی اور استحصال ہوتا ہے تو وہاں لوگوں کی بنیادی ضرورت کی تکمیل کے لئے ضروری ہے کہ اس کا علاج کیا جائے نہ کہ انشورنس کو حرام ہی کر دیا جائے''۔ (۲۱)

2۔ ضبط تولید:

علماء کی متفقہ رائے ہے کہ انفرادی حالات میں اگر یقینی ضرر کا خطرہ ہو مثلاً کسی عورت کا معتاد طریقہ پر (Normal Delivery) ولادت نہیں ہو رہی اور آپریشن ہی کے ذریعہ بچہ کو نکالنا ممکن ہو تو استقرار حمل کو روکنے یا اسے مؤخر کرنے والے اسباب اختیار کرنا جائز ہے اس طرح اگر ماں کی جان کو یقینی خطرہ ہو تو ایسی صورت میں منع حمل کی تدبیر اختیار کرنا ہی متعین ہو جاتا ہے یہ تو وہیں اضطراری حالات، لیکن ''فاعتبروا یا اولی الابصار'' کی آیت کو مدار بنا کر اس کی اجازت بھی دی جا سکتی ہے بے شمار علماء اس بات کے قائل بھی ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ مصلحت کس چیز میں ہے۔

3۔ رویت ہلال میں وحدت:

اسلام دین فطرت ہے چاند کے سلسلہ میں دو حسابات ہیں۔

۱۔ فلکیاتی حساب

۲۔ بصری حساب

اکثر علماء بصری حساب کو ترجیح دیتے ہیں وہ اختلافات مطالع کو احادیث کی روشنی میں نافذ کرتے ہیں ان کے خیال میں عالم اسلام میں ایک ہی دن عید اور رویت میں وحدت کی دعوت کی ضرورت نہیں ہے اور یہ کہ عید میں اتحاد سے مسلمانوں کے اندر اتحاد پیدا نہیں ہوسکتا ثبوت روایت کا مسئلہ اسلامی مما لک کے دارالافتاء اور دارالقضاء حل کرسکتے ہیں اور یہی عمومی مصلحت ہے اس سلسلہ میں وہ ان لوگوں کے دلائل کو تسلیم نہیں کرتے جو وحدت رویت کے قائل ہیں۔

اس سلسلہ میں اگرچہ واضح احادیث اختلاف مطالع کی دعوت دیتی ہیں تاہم تھوڑا سا غور کرنے کی ضرورت ہے کہ ان دنوں ایک شہر سے دوسرے شہر جانا ایک ہی رات میں ممکن نہ تھا۔ اگر ممکن تھا تو ضرورت محسوس نہ کی جاتی تھی۔ اور ہر شہر کا ایک رویت کے حوالے سے زاویہ نگاہ شرعی ثبوت یعنی چاند دیکھنے پر تھا۔ اب یہ طے ہے کہ پورے ملک میں عید ایک ہوگی یعنی ہندوستان کی اگر مثال لیں تو پنجاب اور بنگال میں ایک ہی دن عید ہوگی۔

پاکستان میں کراچی اور پشاور میں ایک ہی دن عید ہوگی چاہے مطلع مختلف ہی کیوں نہ ہو۔ آج دنیا Global Village بن چکی ہے شاید ایک ہی دن وقت کا اعتبار کرتے ہوئے پوری دنیا میں عید منائی جانے لگے۔ وقت کا انتظار ہے علم اور آراء آگے بڑھتی رہتی ہیں۔ اجتہاد کا عمل رک نہیں سکتا۔

4۔ ٹیسٹ ٹیوب بے بی:

اولاد حاصل کرنے کے لئے مصنوعی بار آوری کے کئی طریقے ہیں۔

۱۔ اندرونی بار آوری کا طریقہ۔ مرد کے نطفہ کو عورت کے اندر مناسب مقام پر انجیکٹ (Inject) کر دیا جائے۔

2۔ بیرونی بار آوری۔ مرد کے نطفہ اور عورت کے انڈے کو ایک ٹیسٹ ٹیوب میں رکھ کر طبی لیبارٹری میں بار آوری کی جائے پھر اس بار آور انڈے کو عورت کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

3۔ اس کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ بار آوری کے بعد اسے نطفہ والے مرد کی دوسری بیوی کے اندر داخل کر دیا جائے جو اپنی سوکن کے بچہ کے لئے رضاکارانہ حمل کے لئے تیار ہو۔

تاہم مختلف احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہیں مثلاً

1۔ بے پردگی سے بچا جائے۔ معالج مسلم خاتون ہو۔ ورنہ غیر مسلم، وہ نہ ہوں تو قابل اعتماد مسلم ڈاکٹر، انتہائی مجبوری میں غیر مسلم ڈاکٹر تاہم معالج اور زیر علاج خاتون کے درمیان شوہر یا اور عورت موجود رہے۔

مصنوعی بار آوری یا ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی اگرچہ اور بھی شکلیں موجود ہیں لیکن انہیں فقہائے اسلام غیر پسندیدہ اور شرعی اصولوں کے خلاف سمجھتے ہیں۔

مذکورہ بالا طریقوں میں دوسرے طریقہ میں بھی انتہائی احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ جب یہ کام کثرت سے ہونے لگے گا اور عام ہو جائے گا تو انتہائی سخت احتیاطی تدابیر کی ضرورت ہوگی۔

تیسری قسم پر اگرچہ علماء نے موافق میں رائے اختیار کی ہے لیکن علامہ شیخ محمد رشید قبانی نے تیسری صورت میں جواز کا حکم دینے سے توقف کیا ہے۔

5۔ قواعد فقہیہ:

اجتہاد کی آبیاری کے لئے فقہاء نے خوبصورت اصول تحریر کئے ہیں ان میں اصولوں کی بنیاد پر قانون سازی میں کافی مدد ملتی ہے اگرچہ فقہاء کے نزدیک یہ اصول بذات خود ماخذ قانون نہیں ہیں تاہم یہ قانون کی طرف ایسا راستہ دکھاتے ہیں کہ اجتہاد کی راہیں خود بخود کھل جاتی ہے مجلۃ الاحکام العدلیہ میں ایسے 100 اصولوں کی تفصیل مرتب کی گئی ہے اور ابن نجیم نے اپنی الاشباہ والنظائر میں بھی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔

یہاں ہم ایک اصول کا ذکر کرتے ہیں جس کے تحت موجودہ علماء اعضاء کی پیوند کاری کو درست قرار دیتے ہیں۔ یہ بات اپنی جگہ درست معلوم ہوتی ہے کہ اجتماعی اجتہاد کے لئے قواعد کلیہ اور مقاصد شریعت سے رہنمائی لی جا رہی ہے لیکن باقاعدہ ایک منظّم کام کرنا باقی ہے۔ مثال ملاحظہ ہو۔

اصول:

کسی نقصان کے ازالہ کے لئے اسی جیسے یا اس سے بڑے نقصان کو گوارا نہیں کیا جائے گا اور چونکہ ایسی صورت میں عضو کی پیش کش اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے کے مترادف ہوگا جو شرعاً ناجائز ہے۔

اسلامک فقہ اکیڈمی، رابطہ عالم اسلامی کے مطابق کسی زندہ انسان کے جسم سے کوئی عضو لینا اور اسے دوسرے انسان کے جسم میں لگا دینا جو اس کا ضرورت مند ہو اپنی زندگی بچانے کے لئے یا اپنے بنیادی اعضاء کے عمل میں کسی عمل کو واپس لانے کے لئے جائز عمل ہے جو عضو دینے والے کی نسبت سے کرامت انسانی کے منافی نہیں ہے۔

(۲۲)

معلوم ہوتا ہے کہ عصر حاضر کی تحقیقات تیز رفتاری کے ساتھ اس جانب قدم بڑھا رہی ہیں کہ موجودہ زندگی کے تمام گوشوں کے سلسلے میں اسلام کا حکم ایسے انداز سے بیان کر دیا جائے کہ علم و آگہی کی ہر شاخ کے بارے میں دین اسلام کے مخصوص نظریات کی وضاحت ہو سکے۔

اس سلسلے میں ایک اہم کام یہ ہے کہ تمام فقہی قواعد کو جمع کر کے انہیں اس انداز سے کام میں لایا جائے کہ ان کی روشنی میں پوری اسلامی شریعت کی سطح پر عمومی نظریات وضع کئے جا سکیں۔اسی طرح شریعت کی ہر قسم اور ہر باب کی سطح پر بھی نظریہ سازی ہو سکے۔(۲۳)

ہمارے علماء نے بحیثیت مجموعی تین قسم کی صورتوں میں اجتہاد کی ضرورت کا ذکر کیا ہے۔

1۔ موقع و محل کے تعین میں اجتہاد

2۔ نئے مسائل کی تحقیق کے لئے اجتہاد

3۔ حکم اور مسئلہ کی صورت میں تو موجود ہے لیکن اس میں لوگوں کو مشقت پیش آتی ہے یا اس کا اصل مقصود فوت ہو چکا ہے اس لئے اجتہاد کے ذریعہ اس میں سہولت پیدا کرنا یا اس کو مفید بنانا۔

ہماری نظر میں اجتہاد نئے مسائل کی تحقیق اور لوگوں کی مشقت دور کرنے کے لئے جاری رہنا چاہئے نیز ضرورت اس امر کی ہے کہ اجتہاد ان بنیادوں پر ہونا چاہئے کہ امت مسلمہ کو درپیش جدید مسائل کا حل دریافت کیا جائے۔اس کی کئی صورتیں ہیں۔

1۔ قرآن و سنت یا اجماع سے جو صریحی احکام ثابت ہیں ان کے الفاظ و معانی میں غور کیا جائے اور فقہاء کے بیان کردہ طریقوں اقتضاء، اشارہ، کنایہ وغیرہ کے تحت حکم دریافت کیا جائے۔

2۔ نئے مسئلہ کے نظائر اور اس کے مشابہ احکام جو کہ حل شدہ ہیں ان میں علت نکالی جائے اور اس کی نوعیت و کیفیت پر غور کیا جائے پھر نئے مسئلہ کی علت دیکھی جائے اگر نئے اور پرانے دونوں کی علت میں اتحاد ہے تو پہلے کا حکم اس نئے مسئلہ پر بھی نافذ کر دیا جائے۔یہی طریقہ فقہاء کا رہا ہے۔

3۔ نظائر اور مشابہ احکام نہ ملنے کی صورت میں مقاصد شریعت ضرورت اور مصلحت کو مقررہ اصول کے مطابق بنا کر نئے مسئلہ کا حل دریافت کیا جائے اس بارے میں شریعت کی جو مقررہ حدود ہیں ان کی پوری رعایت کرنے کے بعد ہی جواز یا عدم جواز کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔

4۔ اصول وکلیات کے ذریعے استصلاح واستدلال وغیرہ کے جو طریقے فقہا نے بیان کئے ہیں اس کے ذریعے حل دریافت کیا جائے۔

غرض نئے مسائل کا حل ناممکن نہیں ہے۔ فقہائے کرام نے اتنا سرمایہ جمع کر دیا ہے کہ اس کے ذریعہ فقہ ہمیشہ ضروریات زندگی کا ساتھ دے سکتی ہے۔ البتہ اس کے لئے محنت وسیع القلبی اور ادارتی اجتہادی صلاحیت کی ضرورت ہے اور اگر وقت کے اہم مسائل حل نہ کئے گئے تو ہوا و ہوس کا غلبہ ہوگا اور دین وشریعت کا صرف نام باقی رہے گا۔ (۲۴) جیسا کہ عیسائیت کے خلاف آج کل امریکہ اور سپین میں ہو رہا ہے۔

موجودہ دور میں اجتہاد کو جاری رکھنے کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی صحابہ کرامؓ یا تابعین کے دور میں تھی حالانکہ وہ وقت تو آنحضورؐ سے بہت قربت کا دور تھا ابن خلدون کا یہ اقتباس ملاحظہ ہو۔

''جب ہم نے صحابہ کرامؓ اور سلف صالحین کے قرآن وسنت سے استدلال کے طریقوں پر غور کیا تو دیکھا کہ وہ نئے مسائل کو ان کے ہم مثل ومشابہ مسائل پر قیاس کرتے ہیں۔ نبی اکرمؐ کے بعد کتنے ہی واقعات ایسے پیش آئے جو ثابت شدہ نصوص کے دائرے میں نہیں آتے تھے انہوں نے ایسی منصوص مسائل پر کچھ ایسی شرطوں کی بنیاد پر قیاس کیا جن سے دونوں طرح کے واقعات کا ہم مثل ومشابہ ہونا متعین ہو جاتا۔ (۲۵)

تابعین کے ہاں تین مصادر تھے کتاب اللہ، سنت رسول اللہؐ اور صحابہ کرامؓ کے فتاویٰ۔ لیکن بعض حضرات ایسے تھے جو نص شرعی نہ ہونے کی صورت میں مصلحت شرعی کو بنیاد بنا کر حکم شرعی کا استنباط کرتے تھے۔ (۲۶)

امام ابوحنیفہ قرآن، حدیث، صحابہؓ کے فیصلوں کے بعد ایک واضح نہج رکھتے تھے۔ آپ قیاس کے باب میں کھل کر بحث ومباحثہ کرتے لیکن جب آپ دلیل استحسانی پیش کرتے تو سب شاگرد خاموش ہو جاتے۔ احناف نے عرف کا بھی اضافہ کیا عام کی قطعی دلالت پر زور دیا ایسی اخبار آحاد جو قرآن کے عموم کے خلاف ہوتیں رد کر دیتے کہ اخبار احاد ظنی ہیں۔

امام مالکؒ کا طرز عمل یہ تھا کہ اگر کوئی بات (حدیث) دین کے کسی معروف بنیادی قاعدہ سے متعارض ہوتی تو اسے رد کر دیتے بعد میں علمائے مالکیہ نے استحسان اور مصالح مرسلہ کا اضافہ کیا۔ فتح ذرائع اور سدّ ذرائع کا اصول، فقہ میں شامل کیا اور مقاصد کو بنیاد بنایا۔

شریعت کی بنیاد ضروریات، حاجیات اور تحسینیات تینوں درجوں کی حفاظت پر رکھی گئی ہے اور یہ تینوں وجوہات شریعت کے ابواب ودلائل میں بکھری ہوئی ہیں جس طرح کلیات (قرآن، سنت، اجماع، قیاس) کا اعتبار

کیا جاتا ہے اس طرح جزئیات کا لحاظ بھی ضروری ہے۔ایک قاعدہ کلیہ ہے کہ ''شریعت میں کوئی ایسی خبر نہیں آ سکتی جو واقعہ کے خلاف ہو''۔اب دیکھا گیا ہے کہ قرآن کی رو سے شہد لوگوں کے لئے باعث شفا ہے لیکن اطباء نے یہ انکشاف بھی کیا ہے کہ بعض وجوہ سے اس میں کچھ ضرر بھی ہے۔اب شریعت کے قاعدہ کلیہ کو سامنے رکھ کر علماء نے یہ حکم لگایا کہ شہد اس شخص کے لئے مضر ہے جس پر صفرا غالب ہو لیکن جس کے اندر یہ مرض نہ ہو اس کے لئے شفا بدستور ہے۔(۲۷)

نصوص کی وضاحت یا ان کو مزید سمجھنا قواعد فقہیہ کا محتاج رہا ہے موجودہ دور میں ان کو بنیاد بنا کر اجتہاد کو وسعت دی جاسکتی ہے۔

یہاں چند قواعد فقہیہ کا ذکر ضروری ہے جن کو بنیاد بنا کر فقہاء نے قانون سازی کی اور اب بھی انہی اصولوں کو بنیاد بنانا ہوگا۔تاہم اکثر فقہاء اور اصولین کا یہ خیال ہے کہ یہ قواعد فقہیہ اصول الفقہ کی جگہ نہیں لے سکتے لیکن غور سے دیکھا جائے تو تمام فقہاء نے انہی اصولوں کی بنیاد پر قانون سازی کی یہ اصول کئی اقسام میں منقسم ہیں انہی کے ذریعے فقہ میں مراتب اجتہاد تک پہنچنے کی استعداد پیدا ہوتی ہے اور حقیقت میں یہ قواعد اصول فقہ بھی ہیں۔صرف نظریاتی حد تک کچھ فقہاء انہیں اصول الفقہ سے علیحدہ گردانتے ہیں بہرحال ان کی مختلف اقسام کتابوں میں بکھری پڑی ہیں۔

1۔ فن فروق: اس قسم میں باریک فرقوں اور موثر معانی کی وضاحت کی جاتی ہے۔

2۔ فن اشباہ و نظائر اس میں ایسے فروعی مسائل جن کے احکام باہم یکساں ہوتے ہیں انہیں ان قواعد کے تحت درج کیا جاتا ہے۔

3۔ الفروع علی الاصول: فقہی جزئیات و فروعات کا اصول و کلیات سے تعلق بیان کیا جاتا ہے نیز وہ اصول بیان کئے جاتے ہیں جو فقہاء کے مابین اختلافی مسائل کی بنیاد ہوتے ہیں۔

4۔ سلسلہ: مسائل کا ایک دوسرے پر مبنی ہونا سلسلہ کہلاتا ہے۔

5۔ مقاصد شریعت: یہ وہ اصول ہیں جن کا شارع نے قانون سازی میں اعتبار کیا ہے اور اجتہاد و قیاس کی بنیاد ہوتے ہیں۔

6۔ فقہی معمے: یہ وہ فقہی مسائل ہیں جن کے احکام کی علتوں کو قصداً پوشیدہ رکھا جاتا ہے تا کہ مخاطب کی فقہی بصیرت کو آزمایا جائے۔

7۔ فقہی حیلے: یہ ان لوگوں کے لئے جو کسی دینی امر میں مبتلا ہوں چھٹکارے کا ایک شرعی طریقہ ہے بعض لوگ اسے مخارج کہتے ہیں (نکلنے کے راستے)۔(۲۸)

ان کتب میں جو اصول بکھرے پڑے ہیں ان کی نوعیت اور موضوع کے اعتبار سے درج ذیل قسمیں نکلتی ہیں۔

i۔ اصولی قواعد ii۔ کلامی قواعد

iii۔ لغوی قواعد iv۔ فقہی قواعد

امام عزالدین عبدالسلام (۶۶۰ ھ) نے تمام فقہی قواعد و فروعات کو دو قاعدوں کی طرف لوٹایا ہے (۱) جلب منفعت (۲) دفع مضرت۔ مختلف علماء کی آراء کو اگر اکٹھا کر دیا جائے تو پانچ ایسے مقولے ہیں جن کو اصل قواعد قرار دیا گیا ہے وہ درج ذیل ہیں۔

1۔ الیقین لایزول بالشک: یقین شک سے زائل نہیں ہوتا

2۔ المشقة تجلب التیسیر: مشقت آسانی کو کھینچتی ہے

3۔ الضرر یزال: نقصان کو دور کیا جائے

4۔ العادة محکمة: عادت کے مطابق حکم لگایا جائے

5۔ الامور بمقاصدھا: اعمال کی حیثیت مقاصد کے اعتبار سے ہوگی

چند مزید قواعد کا تذکرہ بھی ذیل میں کیا جاتا ہے، یہ قواعد بے شمار اور مختلف اقسام سے متعلق ہیں۔

1۔ امور، درستگی اور اصلاح پر محمول ہونگے تاوقتیکہ اس کے خلاف ظاہر ہو جائے۔

2۔ سوال اور خطاب میں غالب مفہوم کا اعتبار ہوگا۔

3۔ اذابطل الخصوص بقی العموم: جب خصوص ختم ہو جائے تو عموم باقی رہتا ہے۔

4۔ درء المفاسد اولیٰ من جلب المصالح: دفع مضرت جلب منفعت پر مقدم ہے۔

5۔ ما اجتمع الحلال و الحرام الا و غالب الحرام: جب حلال وحرام دونوں جمع ہوں تو حرام کے اعتبار سے حکم ہوگا۔

6۔ القادر علی الیقین لا یعمل بالظن: جو یقین پر قادر ہو وہ ظن پر عمل نہیں کرے گا۔

7۔ ما ثبت بالشرع اولیٰ ما ثبت بالشرط: جو چیز شرع کی بنیاد پر ثابت ہو وہ اولیٰ ہے اس سے

جو شرط کی وجہ سے ثابت ہو۔

8۔ الرخص لا تناط بالمعاصی: شرعی رخصت معاصی میں حاصل نہیں ہوتی۔

9۔ اعمال الکلام اولیٰ من اھمالہ: کلام کو بامعنی بنانا اس کو لغو اور مہمل کر دینے سے اولیٰ ہے۔

10۔ الفرض افضل من النفل: فرض نفل سے افضل ہے۔

11۔ الواجب لا یترک الا بواجب: واجب دوسرے واجب ہی کی وجہ سے چھوڑا جا سکتا ہے۔

12۔ اذا تعارض الواجب و المحظور یقدم الواجب: جب واجب اور ممنوع میں تعارض ہو تو واجب کو مقدم کیا جائے گا۔

13۔ الاجتہاد لا ینقض بالاجتہاد: ایک اجتہاد دوسرے اجتہاد سے نہیں ٹوٹتا۔

14۔ حقوق اللّٰہ تعالیٰ مبنیۃ علی المسامحۃ: اللہ تعالیٰ کے حقوق آسانی پر مبنی ہیں۔

15۔ الضرورات تبیح المحظورات: ضرورت ممنوعات کو مباح بنا دیتی ہے۔

16۔ الفرض لا یؤخذ علیہ عوض: فرض پر اجرت نہیں لی جاتی۔

17۔ ما ثبت بیقین لا یرتفع الا بیقین: جو چیز یقین سے ثابت ہو وہ یقین سے ہی زائل ہو گی۔

18۔ الخراج بالضمان: نفع ذمہ داری کے اعتبار سے ہوتا ہے۔

19۔ ایسا ظن جس کی غلطی واضح ہو اس کا اعتبار نہیں ہوتا۔

20۔ تابع تابع ہی رہتا ہے اصل نہیں ہو جاتا۔

21۔ ما کان اکثر فعلاً کان اکثر فضلاً: کام کی مقدار جتنی زیادہ ہو گی اس کی فضیلت بھی اس قدر ہو گی۔

22۔ الشبھۃ تسقط الکفارہ: شبہات کفارہ کو ساقط کر دیتے ہیں۔

23۔ الجزاء یسقط بالشبھۃ: سزا شبہ سے ساقط ہو جاتی ہے۔

24۔ المبنی علی الفاسد فاسد: جو چیز فاسد پر مبنی ہے وہ خود بھی فاسد ہو گی۔

مذکورہ قواعد کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ موجودہ مصنفین نے ان کوششوں میں شرح و بسط کے حوالے سے اضافہ کیا ہے۔ استاد مصطفی احمد زرقاء اور شیخ محمد الحسین آل کاشف الغطاء نے کچھ نئے قواعد کا اضافہ بھی کیا ہے۔ (۲۹)

خلاصہ کلام:

جہاں تک تمام قواعد فقہیہ کے احاطہ کا تعلق ہے اس پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ہمارا ابھی تک یہ مسئلہ ہے کہ اجتہاد کا دروازہ کھل جانے کے باوجود، اجتہاد کا عمل موقوف نظر آتا ہے کیونکہ چند صدیوں تک اسلامی زندگی میں جمود آ جانے کی وجہ سے جو عملی و تہذیبی خلا پیدا ہو گیا تھا اسے پر کرنے کی تراکیب سمجھ میں نہیں آ رہیں۔ اس گھاٹی کو کس طرح پار کرنا ہے۔ اسلام کے زیر سایہ کس طرح زندگی گزارنی ہے اسلام کو چھوڑ کر مغرب کی تابعداری کرنی ہے یا مغرب کو مسترد کر کے اپنے آپ کو اسلام کے دروازے تک محدود رکھنا ہے یا پھر سائنسی اور تکنیکی مہارت حاصل کرنی ہے اور اسلام کے علمی سرمایہ کی حفاظت کرنی ہے اور مصالح کا خیال رکھنا ہے۔ ان سوالوں کا جواب طے کرنا ہو گا۔

اس سلسلہ میں میرے رائے میں مقاصد الشریعۃ ترقی کا زینہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ شاطبی کی موافقات کو سامنے رکھنا چاہئے اور حضرت عمرؓ نے اپنے دور میں جن اصولوں کا خیال رکھا تھا جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے ان کو بنیاد بنانا ہو گا۔ استحسان، مصالح، ضرورت، عرف، قواعد فقہیہ، حالات و واقعات کی رعایت کے ساتھ اجتہاد کو ایک قدم اور اٹھانا ہو گا۔

علامہ اقبال کے فلسفہ اجتہاد یعنی Principle of Movement کو بھی جگہ دینی ہو گی۔ اب یہ ساری بحثیں ختم ہو جانی چاہئیں کہ اجتہاد کا دروازہ بند ہے یا کھلا، اجتہاد کی ضرورت ہے یا نہیں، اجتہاد کی صلاحیت لوگوں میں پائی جاتی ہے یا نہیں، علماء اور فقہاء اور سکالرز کو احساس کرنا چاہئے اور تمام کوششوں کو منظّم کرنا چاہئے، یہی اجتماعی اجتہاد ہے۔ مختلف فقہ اکیڈیمی (ہندوستان، سعودی عرب، پاکستان، مصر) اپنی نوعیت کی بہترین خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ تاہم انہیں آگے قدم بڑھانے میں ہچکچانا نہیں چاہئے۔ ہم نے صدیوں کے فاصلے اب سالوں میں طے کرنے ہیں۔ پاکستان میں اسلامی نظریاتی کونسل کے کام کی جتنی تعریف کی جائے وہ کم ہے لیکن ان کی سفارشات کو حکومتی سطح پر پذیرائی دلوانے کے لئے شاید وقت لگے گا۔ اسی ادارے کی فقہی آراء کو دیگر مسلم معاشروں میں قبول عام دلوانے کے لئے کام کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ تاکہ اجتماعی طرز عمل متعین کرنے میں مدد مل سکے۔

اجتماعی اجتہاد کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ''تلفیق'' کے اصولوں پر کام کرتا ہے۔ اس میں تمام فقہاء کے اجتہادات اور فرمودات سے یکساں استفادہ کیا جاتا ہے۔ زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ نقطہ نظر سامنے آئے

جو عصری تقاضوں کو بھی پورا کرے اور اُس میں پوری امت مسلمہ کی رہنمائی مقصود ہو۔

قواعد فقہیہ کے مطالعہ سے نفع بخش اور عظیم الشان اثرات مرتب ہوں گے۔ نئے پیش آمدہ مسائل کو منصوص مسائل پر قیاس کرنے اور تخریج مسائل کا سلیقہ آئے گا۔ اور یہ چیز اجتہاد کا وسیع باب ہے ان قواعد سے انسان میں فقہی ملکہ پروان چڑھتا ہے استدلال کی خاصیت پیدا ہوتی ہے۔ یہ علم اجتہاد کے دروازوں پر پہنچاتا ہے اور اجتہاد کی ان راہوں تک لے جاتا ہے جن پر مجتہدین امت گامزن تھے۔

ابن نجیم کا بھی یہی خیال ہے کہ ''ان قواعد کے ذریعہ فقیہ درجہ اجتہاد تک ترقی کر جاتا ہے''۔ (۳۰)

المختصر قواعد فقہیہ کا موضوع اجتہاد کے حوالے سے انتہائی معاون و مددگار ہے اس سے اجتہاد کو نہ صرف ایک قدم بلکہ چند قدم آگے بڑھایا جا سکتا ہے اور مطلوبہ مقاصد حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

حوالہ جات

۱۔ شاطبی، ابو اسحٰق، الموافقات، ج4 (کتاب الاجتہاد)، دار الفکر لطباعۃ والنشر والتوزیع، س ن۔

۲۔ فضل الرحمٰن، ڈاکٹر، اسلام اور جدیدیت (مترجم محمد کاظم) مکتبہ جدید پریس لاہور، 1998ء، ص30

۳۔ القرآن (سورۃ التوبۃ: 122)

۴۔ ابوداؤد، کتاب الاقضیہ، باب اجتہاد الرائی فی القضاء، دار الفکر لطباعۃ والنشر والتوزیع، س ن۔
یہ حدیث بخاری اور مسلم میں موجود نہیں ہے۔ ابن قیم اور ابن عربی کے نزدیک اگر روایتی اعتبار سے اسے ضعیف تسلیم کیا جائے تو درایتی اعتبار سے یہ ضعیف نہیں ہے۔

۵۔ حمید اللہ، ڈاکٹر، خطبات بہاولپور، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، ص95، 1996ء

۶۔ ایضاً، ص103

۷۔ (i) اکرم رانا، ڈاکٹر Hamdard Islamicus، بیت الحکمت، 1996ء، No.4، ص52
(ii) میکڈونلڈ Development of Muslim Theology، نیو یارک، رسل اینڈ رسل، 1965ء، ص69

۸۔ العلوانی، طٰہٰ جابر، اصول فقہ اسلامی، قاضی پبلشرز، نئی دہلی، س ن ص100

پورا مکتوب اعلام الموقعین میں موجود ہے

۹۔ الشافعی، محمد بن ادریس، الرسالۃ، تحقیق و شرح احمد محمد شاکر، 1939ء، ص476

۱۰۔ العلوانی، طٰہٰ جابر، اصول فقہ اسلامی، ص16، انٹرنیشنل اسلامک انسٹی ٹیوٹ، ورجینیا، امریکہ، 1980ء

۱۱۔ ندوی، مولانا محمد حنیف، مسئلہ اجتہاد، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور، ص166

ہیکل، محمد حسین، عمر فاروق اعظمؓ، (ترجمہ حبیب اشعر) مکتبہ جدید میکلوڈ روڈ، لاہور، ص701

۱۲۔ مقالات شبلی، مرتبہ مولانا سید سلیمان ندوی، مطبع جنرل بائنڈنگ کارپوریشن پریس، 1989ء، ج1، ص23

۱۳۔ (i) خضری، اصول الفقہ، مطبع الرحمانیہ، س ن ص391

(ii) وھبہ الزحیلی، اصول الفقہ، ص61، بیروت، دار الفکر، 1994ء

۱۴۔ ایضاً، ص21

۱۵۔ جوینی، امام الحرمین، البرہان، فقرہ 711، دار العادر بیروت، س ن۔

۱۶۔ ابن حجر، الاصابۃ، ج4، ص112، مطبعۃ مصطفیٰ محمد، مصر، 1358ھ

۱۷۔ ولی اللہ، حجۃ البالغۃ، ج1، ص205، ناشر قدیمی کتب خانہ، مقابل آرام باغ، سن ندارد کراچی

۱۸۔ العلوانی، طہٰ جابر اصول فقہ اسلامی، ص28

۱۹۔ شاخت نے وضاحت کے ساتھ اس لقب کا ذکر کیا ہے

۲۰۔ الموافقات، المقاصد الشریعہ، دار الفکر، لطباعۃ والنشر والتوزیع، سن ندارد۔

۲۱۔ قاسمی، مجاہد الاسلام، عصر حاضر کے پیچیدہ مسائل کا شرعی حل، ادارہ القرآن والعلوم السلامیہ، کراچی، ص43

۲۲۔ ایضاً، ص157

۲۳۔ جمال الدین عطیہ، فقہ اسلامی کی نظریہ سازی، ص224، قدیمی کتب خانہ، آرام باغ کراچی، 1980ء

۲۴۔ تقی امینی، اجتہاد، ص356، کتب خانہ قدیمی، کراچی، 1995ء

۲۵۔ ابن خلدون، مقدمہ، ص453

۲۶۔ جمال الدین عطیہ، فقہ اسلامی کی نظریہ سازی، ص16

۲۷۔ شاطبی، الموافقات، ج4، ص5

۲۸۔ (i) کرابیسی، کتاب الفروق، مقدمہ زنجانی، کتاب تخریج الفروع علی الاصول، مقدمہ

(ii) جوینی، کتاب السلسلہ

(iii) خضری، اصول الفقہ، ص 11

(iv) ابن نجیم، ص 40

۲۹۔ جمال الدین عطیہ، فقہ اسلامی کی نظریہ سازی، ص 85

اس کتاب میں مزید قواعد کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے

۳۰۔ ابن نجیم، الاشباہ والنظائر، ص 15

عاکف کی مغربی تہذیب سے مخالفت

ڈاکٹر جلال سوئیدان*

Abstract:
This paper is about the attitude of Mehmet Akif towards the Western culture and civilization. A critical appraisal of Akif's poetic collection Safahat reveals a strong opposition against the Western political ideas and civilization. This conflict springs from two factors namely: the failed innovative movements that the Ottoman Empire experienced and Akif's own religion based political and social concept of the world. These two aspects constitute an inevitable conflict in Akif's mind which is clearly revealed through his poetry.

محمد عاکف ارصوئے (۱۸۷۳-۱۹۳۶ء) ترکی کے دورِ انقلاب کے سب سے بڑے شاعر اور مفکر تھے اوران کی شاعری نے ترکی کے دورانقلاب کی جدوجہد میں ایک نئی روح پھونکی اور ولولہ ءتازہ قوم کو عطا کیا۔اسی لیے وہ ترکی کے ملّی شاعر کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔عاکف کی نظموں کے مختلف موضوعات ہیں۔انہوں نے ترکوں کی مذہبی، سیاسی اور معاشرتی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اپنا موضوع بنایا ہے۔لیکن موضوع خواہ کوئی بھی ہوان کے سوچنے اور غور کرنے کا انداز ایک باشعور مسلمان کا انداز ہے۔عاکف کے زمانے میں عالمِ اسلام کے بیشتر ممالک مغرب کی استعماری طاقتوں کے قبضے میں تھےاور چند ممالک جو بچے تھےوہ مغرب کے تباہ کن سیاسی افکار کی زد میں تھے۔ چنانچہ عاکف نے اپنی پوری شاعری میں ایک خاص پہلو پر نظر رکھی اور وہ یہ کہ اقوام مشرق اور خاص طور پر ترکوں کو مغربی تہذیب وسیاست کی برائیوں سے پوری طرح آگاہ کیا جائے اور انہیں یقین دلایا جائے کہ مغربی تہذیب اور افکار میں مسلمانوں کے لیے تباہ کن اثرات پوشیدہ ہیں۔

اس سے پہلے کہ ہم عاکف کی مغرب سے مخالفت کا جائزہ لیں ان کی سوانح پر مختصر سی نظر ڈالتے ہیں۔

عاکف ۱۸۷۳ء میں استنبول میں پیدا ہوئے۔ان کے والد طاہر افندی اپنے عہد کے ممتاز عالمِ دین تھے۔عاکف نے انہی سے عربی اور فارسی کی تعلیم حاصل کی۔ طاہر افندی اپنے بیٹے کو اعلیٰ تعلیم دلانا چاہتے تھے لیکن عاکف ابھی پندرہ سولہ سال ہی کے تھے کہ وہ اس جہانِ فانی سے کوچ کر گئے۔عاکف نے جدید طرز کے رشدیہ اور ملکیہ

* صدر شعبۂ اُردو، انقرہ یونیورسٹی، ترکی۔

مدرسوں میں تعلیم کے بعد بیطاری کے مدرسے میں داخلہ لیا۔ جہاں سے انہوں نے ۱۸۹۴ء میں اول درجہ حاصل کر کے امتحان پاس کیا۔ تعلیم مکمل کر لینے کے بعد وہ مختلف محکموں میں ملازم رہے ۔ ۱۹۱۳ء تک محکمہء زراعت میں ملازمت کی۔ پہلی جنگِ عظیم کے دوران بعض سرکاری فرائض کی انجام دہی کے لئے حکومت کی طرف سے جرمنی، شام، لبنان، سعودی عرب اور مصر بھیجے گئے۔ عاکف نے محکمہء زراعت کی ملازمت سے مستعفی ہونے کے بعد استنبول یونیورسٹی کے شعبہء ادبیات میں بطور استاد کام کیا۔ اسی دوران انہوں نے فرید وجدی، محمد عبدہ، جمال الدین افغانی اور اقبال جیسے مفکروں کے افکار کا مطالعہ کیا۔ یوں انہوں نے دنیائے اسلام کے گوشے گوشے سے اٹھنے والی انقلابی آوازیں اپنی شخصیت میں جمع کیں۔(۱)

۱۹۱۸ء میں جب استنبول پر اتحادیوں کا قبضہ ہو گیا تو عاکف اناطولیہ آ گئے اور اپنی تحریروں اور تقریروں کے ذریعہ تحریکِ آزادی جاری رکھنے کے لیے ترکوں کی حوصلہ افزائی کرنے لگے۔ اس دوران میں وہ ترکی کی قومی مجلس کے رکن بھی منتخب ہوئے۔ تحریکِ آزادی کے دور ہی میں عاکف نے ترکی کا قومی ترانہ لکھا جو یکم مارچ ۱۹۲۱ء کو ترکی اسمبلی کی طرف سے ترکی کا قومی ترانہ قرار پایا۔ تحریکِ آزادی کی کامیابی کے بعد جب ترکی کی تشکیلِ نو کی جانے لگی تو وہ مصطفیٰ کمال اتاترک سے اختلاف رکھنے کے باعث خاموش ہو گئے۔ عاکف چونکہ ترکی کو آزاد اسلامی ریاست دیکھنا چاہتے تھے لہٰذا اتاترک کی طرف سے کی گئی اصلاحات انہیں ناگوار گزریں اور وہ ترکِ وطن کر کے ۱۹۲۶ء میں مصر چلے گئے۔ لیکن وطن سے شدید محبت نے عاکف کو باہر نہیں رہنے دیا چنانچہ وہ ۱۹۳۶ء میں استنبول واپس آئے اور یہیں پر ۲۸ دسمبر ۱۹۳۶ء کو انتقال کر گئے۔

مغرب اور مغربیت کے بارے میں عاکف کی نظریات شروع ہی سے مخالفانہ رہے ہیں۔ اس مخالفت کے پس منظر میں کئی باتیں عامل نظر آتی ہیں۔ ان عوامل کے سرسری طور پر جائزہ لینے سے عاکف کی مخالفت کی اصلیت واضح ہو جاتی ہے: پہلی بات تو سلطنتِ عثمانیہ کے تاریخی تجربوں میں مضمر ہے۔ وہ یہ کہ سلطنت عثمانیہ کی بد حالی کو مدنظر رکھتے ہوئے بعض اراکین سلطنت اور دانشوروں نے یہ خیال کیا کہ اس بد حالی کو دور کرنے کے لیے مغربی تہذیب اور اندازِ زیست اپنایا جائے۔ اس کوشش کو مغربیت کا نام دیا گیا اور یہ ایک تحریک کی شکل اختیار کر گئی۔ سلطنتِ عثمانیہ کے ادیب اور دانشور طبقہ اس تحریک کے حق میں تھے۔ کیونکہ ملک کے حالات ہر لحاظ سے بد سے بدتر ہوتے جا رہے تھے اور اس زوال سے سلطنت کو بچانا ضروری تھا۔ چنانچہ ان کو ممالک مغرب کے نقش قدم پر چل کر ملک کو بچانا واحد راستہ نظر آ رہا تھا۔ مگر ایک اختلاف یہاں سامنے آیا کہ مغربی تہذیب کو کس قدر اپنایا جائے،

کیا اس کی سارے رہن سہن، معاشرتی آداب اور افکار و اطوار کو من وعن اپنایا جائے یا صرف اس سے علم وفن کا اکتساب کیا جائے؟

دراصل مغرب اور مغربی تہذیب نے اٹھارویں صدی کے بعد ترُک دانشوروں اور اراکین سلطنت کے ذہنوں میں اپنے نقوش ثبت کرنا شروع دیئے تھے۔ چنانچہ سلطنت عثمانیہ میں جدید اصلاحات کا آغاز اٹھارویں صدی کے نصف اول میں سلطان احمد ثالث (۱۷۰۳ تا ۱۷۳۰) کے زمانے سے ہوا۔ یہ اصلاحات زیادہ تر فوجی تعلیم، تنظیم اورفنِ جنگ سے تعلق رکھتی تھیں۔ علاوہ ازیں پہلا چھاپہ خانہ بھی اسی دور میں قائم ہوا تھا۔ اصلاحات کے اس پہلے دور کی خصوصیت یہ ہے کہ ان اصلاحات کے نفاذ میں علماء نے نمایاں طور پر حصہ لیا تھا۔ اصلاحات کے دوسرے دور کا آغاز سلطان سلیم کے زمانے میں ہوا اور اس دور کو دورِ تنظیمات کا نام دیا گیا۔ اس دور میں یورپ سے ترُکی کے قریبی تعلقات قائم ہوئے۔ یورپی ممالک میں ترکی سفارت خانے قائم کئے گئے۔ فوجی اصلاحات کے ساتھ ساتھ اب انتظامی، عدالتی اور تعلیمی شعبوں میں بھی اصلاحات کی گئیں۔ مغربی طرز کے مدرسے قائم کیے گئے اور مدرسوں کے لیے مغرب سے معلم لائے گئے۔ مگر اس دوسرے دور کی نئی اصلاحات علماء کی بجائے ان ترُک مدبّروں اور رہنماؤں کے ذریعہ نافذ کی جارہی تھیں جو سلطنت کی طرف سے سفارت یا دوسرے فرائض کی ادائیگی کے سلسلے میں یورپ بھیجے جاتے تھے۔ چنانچہ ان سرکاری عہدے داروں اور مغربی طرز کے ان نئے مدرسوں نے علماء کو تعلیمی اور سیاسی زندگی سے تقریباً بے دخل کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جس طرح دینی مدرسوں کے تعلیم یافتہ علماء جدید علوم سے ناواقفیت کی وجہ سے قدامت پرستی کا شکار ہو گئے۔ اسی طرح نئے مدرسوں کے تربیت یافتہ طلبہ مغربیت کا شکار ہو گئے اور ان کے اندازِ فکر میں اسلام کو بنیادی اہمیت حاصل نہ رہی۔ دراصل عاکف کی مخالفت کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ مغربی تہذیب، ترکوں کے اندازِ فکر میں اسلام کو خارج کرنے کا سبب بن گئی۔ اس لیے عاکف اس اندازِ فکر اور اندازِ زندگی کے خلاف ہو گئے۔ ان کے نزدیک تنظیمات کے رہنماؤں نے مغربی تہذیب کے سطحی اور غیر اخلاقی پہلوؤں کو اختیار کر لیا۔ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ تنظیمات کے اصلاحاتی دور میں مغربیت کا مفہوم نہایت سطحی معنوں میں لیا گیا تھا۔ یعنی دار السلطنت میں تھیئٹر قائم کرنا، بال روم میں رقص کرنا، مغربی طرز کے لباس پہننا وغیرہ کو مغربیت سمجھ لیا گیا۔ یہاں تک کہ جو طالب علم اکتسابِ فن وصنعت کی خاطر یورپ بھیجے گئے وہ نہ صرف اپنی شخصیت کھو بیٹھے بلکہ بعض لوگوں کے نزدیک تہذیبِ مغرب اپنانے کے شوق میں اپنے مذہب اور نسلی شناخت بھی گنوا بیٹھے۔ (۳) عاکف اس پہلو پر یوں تنقید کرتے ہیں:

جو لوگ اپنے تئیں دانشور سمجھتے ہیں،
وہ تم سے کہتے ہیں کیا سن لو ذرا:
اقوامِ مشرق کی ترقی کے لیے ایک ہی راستہ ہے
علاوہ اس کے راہ ڈھونڈنے والا یقیناً نادان ہے
بس دیکھنا ہو گا کہ مغربی اقوام کس زمین پر چلتی ہیں
اور ہم کو بھی انہی نقشِ قدم پر چلنا ہوگا، دائیں یا بائیں مڑے بغیر
افکارِ مغرب کو مشرقیوں کے دماغوں کا حصہ بنانا ہوگا
سب کے جذبات کو ایک ہی قالب میں ڈھالنا ہوگا
اجتماعی، ادبی، القصہ ہر بات میں مغرب کی تقلید نہیں کی گئی تو سب کہا سُنا بیکار ہے۔ (۳)

دوسری طرف تنظیمات کے دوران جو قانونی اصلاحات کی گئیں ان میں بھی مغربیت اور مغرب پرستی کی شدت دکھائی دیتی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ اصلاحات مغربی ملکوں کو میسّر مراعات پر مبنی تھیں جن کا مقصد محض عیسائیوں کا تحفظ تھا۔ مزید یہ ہے کہ جو ادارے اصلاحات کو نافذ کرنے کے لیے قائم کیے گئے تھے وہ مغربی طرز کے تھے۔ عاکف مغربیت کے اس سطحی مفہوم سے نہایت بیزار نظر آتے ہیں۔ عاکف کے خیال میں مغربیت پسندی کی خاطر ترک قوم اور سلطنت نے اپنی دینی، اخلاقی، قانونی اور نسلی اصلیت کھودی۔ ان کے نزدیک مغرب سے درآمد شدہ افکار ترکوں کے لیے موزوں نہیں ہیں۔ اس لیے انہوں نے مغرب سے درآمد شدہ وطن پرستی اور قومیت پرستی کے خلاف دفتر کے دفتر سیاہ کئے اور عوام وخواص کو بیدار کرنے کی انتہائی کوشش کی۔ اقبال کی طرح عاکف کی نظر میں بھی قوم پرستی اور وطن پرستی کا نظریہ مسلمانوں کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا سنگین منصوبہ ہے۔ اس لیے وہ ملّی اتحاد پر زور دیتے ہیں:

جب تک تفریق ملت کے اندر نہیں آتی، دشمن آ نہیں سکتا
دل مل کر دھڑکیں تو توپ کا گولہ اُڑا نہیں سکتا۔(۴)

سلطنت عثمانیہ کے دور میں عثمانی قوانین کو مذہب سے الگ رکھنے کی جو کوشش ہوئی تھی عاکف اس کے سخت مخالف تھے۔ وہ بھی اقبال کی طرح مذہب اور سیاست کی علیحدگی کے قائل نہیں تھے۔ مغربی تہذیب کی عطا کردہ حریتِ وجدان کا نظریہ عاکف کے نزدیک مذہب اور سیاست کی علیحدگی کے سوا کچھ نہ تھا۔ مغربی تہذیب کی فحاشی، مذہب سے بیزاری اور گمراہ کن نظریات کو اور خود مغربیوں کو یوں تنقید کرتے ہیں:

کُتّے پالنے کے لیے مغرب کی سرزمین نہایت زرخیز ہے
اور یہ کتوں کا گروہ فحاشی بوتا ہے ہر سمت
چند بے حیا مذہب پر یلغار کرتے ہیں اور ان کے لیے تالیاں بجتی ہیں
اور افسوس ہے کہ نسلِ حاضر اس بے حیائی کو حریتِ وجدان سمجھتی ہے۔ (۵)

ایک مفکر شاعر ہونے کے ناطے ان کے خیالات ونظریات کا عکس ان کے منظوم کلام ؑصفاحاتؑ اور مختلف مضامین میں دیکھا جاسکتا ہے۔ عاکف تحریکِ اتحادِ اسلامی کے زبردست حامی تھے اور اپنے اس مقصد کے حصول کے لئے انہوں نے دو رسالے ؑسبیل الرشادؑ اور ؑصراطِ مستقیمؑ بھی جاری کئے جن میں زیادہ تر خود عاکف کے ہی مضامین شائع ہوا کرتے تھے۔ گو ان مضامین کی اہمیت سے بھی انکار ممکن نہیں تاہم عاکف کی تمام تر شہرت اور مقبولیت کا بڑا سبب وہ مجموعہء کلام ہے جو سات جلدوں پر مشتمل ہے اور صفاحات کے عنوان سے ملتا ہے۔ عاکف کے کلام میں مغرب کے خلاف بے شمار اشعار اور لمبے لمبے مکالمے موجود ہیں۔ اس لیے ان کے شعری مجموعوں کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

عاکف کا پہلا مجموعہء کلام صفاحات ہے اور کلیاتِ عاکف بھی صفاحات کے نام سے مشہور ہے۔ اس کتاب کی نظمیں پہلے عاکف کے شائع کردہ رسالے صراطِ مستقیم میں طبع ہوئیں۔ اس میں پندرہ سو اشعار ہیں۔ مگر عاکف کو محض شاعر کہنا شاید کسی حد تک صحیح نہ ہوگا۔ کیونکہ انہوں نے ایک بڑے مقصد کی خاطر شاعری کا سہارا لیا اور اپنی بات شاعری کے قالب میں ڈھال کر کہی۔ ان کی شاعری میں شاید ہی کوئی ایسا شعر ملے جو مروجہ شاعری کی طرز پر ہو جس میں گل وبلبل کے افسانے ہوں یا عشق وعاشق کے معاملات موضوع کلام بنائے گئے ہوں۔ ایک نامور ترک نقاد عاکف کی شاعری پر لکھتے ہیں: ؑصفاحات کی بابت ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ہمارے معاشرے کی زندگی کی کہانی ہے جو شعر کے قالب میں ڈھالی گئی ہے۔ؑ (٦) دراصل عاکف شروع میں غزل کہتے تھے، مگر چونکہ وہ فن برائے زندگی کے نظریے پر یقین رکھتے تھے اس لیے غزل گوئی ترک کر کے نظم گوئی پر توجہ دی کیونکہ نظم گوئی ان کے افکار کے لیے زیادہ موزون تھی۔ عاکف اپنے فن کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: ؑجب سے میں نے اپنے آپ کو اپنی ملّت کے حضور پیش کیا تب سے میں نے فن کا نہیں بلکہ جمعیت کی فکر کی۔ؑ (۷) اس بارے میں کلیاتِ عاکف کے مقدمہ نگار کے الفاظ یہ ہیں: ؑعاکف کے فن میں زندگی اپنے اصل رنگ وروپ میں ہمارے سامنے آتی ہے۔ وہ فن میں حقیقت پسندی کے قائل ہیں۔ؑ (۸) اس لیے صفاحات کے موضوعات زیادہ تر معاشرتی، اخلاقی، اجتماعی اور

ملی حوالوں سے مملو ہیں۔جن میں عاکف ترک عوام کے طور طریقے، معاشرتی مشکلات،فکری کشمکش اور ایمان وعقائد کی تصویر کشی کرتے ہوئے انہیں اسلامی انداز زیست کا درس دیتے ہیں۔کلام میں ہر جگہ غالب احساس مذہب اور جذبہء جدوجہدِ آزادی ہے۔اگر چہ مذہبی خیالات ان کے تمام کلام میں جاری وساری ہیں لیکن یہاں ان کا اثر قدرے زیادہ ہے۔اس لیے عاکف پر ان کے بعض ہم عصروں نے رجعت پسندی اور مذہبی دیوانگی کا الزام لگایا۔ مگر بعد کے کئی ممتاز ترک ادیب اور نقادوں نے اس خیال کی سختی سے تردید کی کہ عاکف رجعت پسند تھے یا ان میں مذہبی دیوانگی کا شائبہ تھا۔دراصل عاکف نے اسلام کو تعقل پسند مذہب کی حیثیت سے قبول کیا تھا۔مغربی علوم اور اثباتی سائنس سے واقفیت کے باعث ان کے خیالات کی بنیاد منضبط منطق پر تھی۔

عاکف کا دوسرا مجموعۂ کلام "جامع مسجد سلیمانیہ کے منبر پر" کے نام سے ۱۹۱۲ء میں منظر عام پر آیا۔ایک ہزار مصرعے کے اس مجموعے میں عالم اسلام کے وہ مسائل زیر بحث لائے گئے جو اس دوران عالم اسلام اور خاص طور پر ترکوں کو پیش آئے۔اس طویل نظم میں عاکف اپنے مفکرانہ خیالات کا اظہار ایک سالخوردہ بزرگ (۹) کے منہ سے کرواتے ہیں۔نظم میں عاکف قاری کو ساتھ لے کر جامع مسجد سلیمانیہ میں داخل ہوتے ہیں۔منبر پر ایک بزرگ دکھائی دیتا ہے جو یہ کہتا ہے کہ میں تمہیں ملتِ اسلامیہ کا حال بتاؤں گا۔(۱۰) منبر نشین بزرگ جو عاکف کے خیالات کی ترجمانی کرتے ہیں،نظریۂ قومیت کی زبردست تردید کرتے اور مسلمانوں کو سائنسی علوم کی تحصیل پر مائل کرتے نظر آتے ہیں کیونکہ ان کے خیال میں اسلام نے کبھی جدید علوم کی مخالفت نہیں کی اور نہ ہی اسلام ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے۔عاکف یہ بخوبی جانتے ہیں کہ ملک وقوم کی ترقی کے لیے فن اور ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے اور یہ چیزیں زمانہء حاضر میں صرف مغرب میں ہیں اور انہیں ہر حال میں حاصل کرنا چاہیئے۔ان کے خیال میں علم وفن کی کوئی قومیت نہیں ہوتی:

اکتساب کر لیجیے مغرب کا علم، اخذ کر لیجیے اس کا فن
اگر چاہیں تو اس میں پوری مساعی صرف کر دیجیے
کیونکہ اب ان کے بغیر زندہ رہنا ممکن نہیں
کیونکہ صرف علم و فن کی کوئی قومیت نہیں ہوتی۔(۱۱)

منبر نشین بزرگ سے اپنی بات کہلواتے ہوئے عاکف ترکوں کی مغرب زدگی پر افسوس کرتے ہیں اور ترکی کی سیاسی کشمکش،اخلاقی پستی معاشی ومعاشرتی بدحالی کا سبب اربابِ فکر اور عوام کے درمیاں فکری بُعد کو قرار دیتے ہیں۔(۱۲)

تیسری کتاب کا نام ؒصدائے حق ؒ ہے۔ صفاحات کی یہ تیسری جلد آیات وقصصِ قرآنی اوراحادیثِ نبوی کی تفسیر کے لئے مخصوص ہے۔جن کوشاعر نے بعض ایسے موضوعات کی وضاحت کے لئے منتخب کیا ہےجن پر وہ بحث کرنا چاہتے ہیں۔ان میں رنگ ونسل کے امتیاز کی نفی،علم وفن کے اکتساب کے لیے سعیءمسلسل کی ضرورت، قوموں کےعروج وزوال کے اسباب اورملت اسلامیہ میں اتحاد کی ضرورت جیسے موضوعات شامل ہیں۔مثلاً پہلی ہی نظم میں سورۃ آل عمران کی آیت ؒوتعزمن تشاءوتذل من تشاءؒ کا حوالہ دے کرمسلمانوں کی ذلت ورسوائی اورکفار کی عظمت وبرتری پرخداسے شکوہ کرتے ہیں۔ساتھ ہی مغرب سے درآمدشدہ وطن پرستی و قوم پرستی کی نفی کرتے ہوئےعلم وہنرکی اہمیت پرزوردیتے ہیں۔ اس مجموعے کےاشعار میں عاکف کی مغرب سے مخالفت اورزیادہ سخت ہوجاتی ہے۔

تُھوکیں مارو اہلِ صلیب کے بےحیا منہ پر
تُھوکیں مارو ان کے ناپائیدارعہدوپیمان پر
ان کودیکھ کرسمجھ لوکہ جس کو تہذیب کہتے ہیں کیا شے ہے
تُھوکیں ماروعصرِ حاضرکےنقاب پوش وجدان پر۔(۱۳)

چوتھا مجموعہ ؒ جامع مسجدفاتح کےمنبرپرؒ کےنام سےسامنےآیا ہے۔اٹھارہ سومصرعوں کی یہ کتاب ایک ہی طویل نظم پرمشتمل ہے۔جودودوستوں کے درمیان مکالمے کی صورت میں ہے۔ دونوں دوست ملک کی مختلف صورتِ حال اورعمارتوں پر بحث کرتے ہوئےمسجد فاتح میں داخل ہوتے ہیں اورخطبہ سنتے ہوئے مختلف باتیں سوچتے اوران کےعقلی جوابات نکالتے ہیں۔عاکف اس طویل نظم میں معاشرے کوچارمختلف طبقوں میں تقسیم کرتے ہیں:ایک طبقہ وہ ہے جومظلوم ہےاورغفلت کی گہری نیند میں سورہا ہے، دوسراطبقہ تقدیرپرست اورمایوس طبقہ ہے اورتیسراطبقہ بےعملی کی زندگی بسرکرتاہےاورزندگی سے بےتعلق ہے۔چوتھاطبقہ جوکہ عاکف کی تنقیدکانشانہءمشق بنا ہواہےوہ طبقہ ہے جومغرب پرستی میں مبتلااورعوام کےمسائل سے غافل اپنی عیش وعشرت میں پڑاہواہے۔یہ چوتھا طبقہ عاکف کےنزدیک معاشرے کے لیےخطرناک تریں طبقہ ہے۔(۱۴) عاکف کےنزدیک عوام کی اس تقدیر پرستی،بےعملی اورکاہلی نےان کی زندگی کومعاشی،معاشرتی اورسیاسی ہرسطح پرتباہ کردیاہے۔لیکن عاکف اس تباہی اور بربادی کاذمہ دارتقدیرکونہیں ٹھہراتے بلکہ ان کےنزدیک اس کشمکش اور زبوں حالی کا سبب اتحادکی کمی اورتقلیدِ مغرب ہے۔عاکف اس مجموعے میں مغرب کےتصوراتِ سیاست کی خامیاں بتاتے ہوئے پوری اسلامی دنیااور

خاص طور پر ترکی کے عوام کو ان نظریات میں پوشیدہ خطروں سے آگاہ کرتے ہیں:

سیاست کا خون، مادہ پرستی اور زندگی اس کی سطوت ہے
زبون کش یورپ صرف ایک بات پر ایمان رکھتا ہے اور وہ ہے طاقت۔(۱۵)

کلیات عاکف کا پانچواں مجموعہ 'خاطرات' کے نام سے ۱۹۱۷ء میں شائع ہوا۔ مختلف نظموں پر مشتمل اس کتاب کے عنوانات زیادہ تر آیاتِ قرآنی سے ماخذ ہیں۔ اس میں بھی اپنے مخصوص انداز میں عاکف مغرب اور مغربی افکار کو طنز کا نشانہ بناتے اور مشرقی اقوام کو بیدار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ 'جاگو' کے عنوان سے جو قطعات ہیں ان میں اقوام شرق کو یوں مخاطب کرتے ہیں:

اے عظیم شرق! اے ابدی مسکنت!
تم بھی تو ذرا اپنی جگہ سے ہلنے کی نیت باندھو
مجھے ڈر ہے کہ کل تک مغربیوں کے ہاتھوں
ایسی کوئی ذلت نہ بچے گی جو تم نے نہ اٹھائی ہو۔(۱۶)

'عاصم' کلیاتِ عاکف کی چھٹی کتاب ہے جو ۱۹۲۴ء میں چھپی۔ یہ ڈرامائی طرز کی تخلیق ہے اور عاصم اس کے چار کرداروں میں سے ایک کا نام ہے۔ نظم چونکہ جنگِ آزادی کے دوران لکھی گئی ہے اس لیے اس میں جنگ کی تصویرکشی کے ساتھ ساتھ مغرب کے استعماری ممالک پر، جو ترکی کے مختلف حصوں پر قبضہ کر چکے تھے، سخت نکتہ چینی ملتی ہے۔ اس کے ساتھ عاکف صرف مغربی افکار پر ہی اپنی مخالفت کا اظہار نہیں کرتے بلکہ ایک مضبوط اور باکردار سپاہی اور مثالی مسلمان نوجوان کے بطور عاصم کے کردار کو بھی پیش کرتے ہیں۔ اس کردار کے بارے میں ایک ترک نقاد یہ رائے دیتے ہیں: " سعیٔ مسلسل، کامرانی، خودداری اور انسانی خوبیوں سے متصف یہ نسل مستقبل کی نسل ہے۔ جنگِ آزادی کے دوران نمودار ہونے والا یہ کردار عاکف کے ہاں پوری نسل کے لیے مستقبل کا آئینہ دار ہے۔" (۱۷) عاصم واقعی عاکف کا شاہکار ہے۔ لسانیاتی نقطہ نظر سے یہ نظم ترکی زبان کی بلاغت کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ ہر مصرعے میں عاکف کا قلم زبان کے نت نئے حسن اور خزانے کو بے نقاب کر کے ہمارے سامنے پیش کرتا ہے۔

عاکف کا آخری مجموعہ ''سائے'' کے نام سے کلیات میں شامل ہے جو ۱۹۳۳ء کی تصنیف ہے۔ اکتالیس منظوم حصوں پر مشتمل اس مجموعے میں عاکف کے پہلے والے موضوعات نہیں ملتے۔ چونکہ یہ مجموعہ عاکف کے قیامِ مصر کے دوران (۱۹۲۶ تا ۱۹۳۶) کا کلام ہے اس لیے اس میں زیادہ تر اپنی غریب الوطنی کا افسوس اور تنہائی

کا نوحہ نمایاں جذبے کے طور پر ابھرتا ہے۔اس مجموعے میں شامل شاہکار نظموں میں ایک نظم 'بلبل' کے عنوان سے شامل ہے جس میں عاکف بلبل کے چہچہانے کو ایک نوحہ خیال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کا حق صرف مجھ کو ہے کہ جس کا گھر یعنی وطن برباد ہوگیا ہے۔

عاکف کے ہاں مغربی تہذیب کے متعلق مخالفانہ تنقید ہی ملتی ہے اور یہ مخالفت اس کی رگ و پے میں اس قدر رچی ہوئی ہے کہ اپنی اکثر نظموں میں جا بجا اس پر ایک ضرب رسید کر دیتے ہیں۔عاکف کی تصانیف دیکھ کر اس بات کا پتا چلتا ہے کہ عاکف کو مغربی تہذیب میں خوبی کا کوئی پہلو نظر نہیں آتا۔مغربی تہذیب کے ہر پہلو میں عاکف کو فساد ہی فساد دکھائی دیتا ہے۔اسی لیے عاکف مغربی تہذیب کے خطرات سے مشرقی اقوام خصوصاً ترکوں کو بار بار آگاہ کرتے ہیں اور یقین دلاتے ہیں کہ مغرب کی تقلید و پیروی ان کے حق میں کسی طرح مفید نہیں ہوسکتی۔گویا اس لحاظ سے وہ اکبر الہ آبادی اور اقبال کے بہت قریب آجاتے ہیں۔

حوالے:

۱۔ Karakoç, Sezai; "Mehmet Akif", Diriliş Yayınları, İstanbul 1987, p. 15,

۲۔ Yetiş,Kazım; "M.Akif'in Sanat-Edebiyat ve Fikir Dünyasından Çizgiler," Atatürk Kültür, Dil ve Tarih Kurumu, Ankara 1992, p. 79

۳۔ Ersoy, M. Akif, "Safahat" Diyanet İşleri Başkanlığı Yayınları, Ankara 1992, p. 153

۴۔ایضاً، ص۱۵۰ ۵۔ایضاً، ص۱۴۸ ۶۔ Karakoç, p. 42

۷۔صفاحات،ص XXXVIII ۸۔ایضاً، ص XXXVII

۹۔عبدالرشید ابراہیم افندی (۱۸۵۳۔۱۹۴۴) دنیا میں پھیلے ہوئے مسلمانوں کو ترکی کے جھنڈے کے نیچے اکٹھا کرنا ان کا مقصدِ خاص تھا۔

۱۰۔صفاحات، ص۱۳۴ ۱۱۔ایضاً، ص۱۵۷ ۱۲۔ایضاً، ص۱۵۲

۱۳۔ایضاً، ص۱۶۸ ۱۴۔ایضاً، ص۲۳۶ ۱۵۔ایضاً، ص۲۱۵

۱۶۔ایضاً، ص۲۵۰ ۱۷۔ Karakoç, p. 40

’’عثمان نجمی گُرمن کے ’ پگلوں کے فارم‘ DELIBOZUKLAR (GIFTLIGI) میں مسئلہ عینیت‘‘

آسمان بیلن اوز جان*

Abstract

In this paper, we are going to look into the identity problem in one of the leading novelists of contemporary, Turkish Literature Osman Necmi Qurmen's novel, Delibozuklar Giftligi, through the concept of the conflict between the Eastern and the Western Cultures.

The protagonists of the novel Selim , Fatin and the narrator go to Paris for Education. After these, three friends come back their country, they mold their lives their conception of world. Particularly, we witness which phases the inner and outer worlds of Salim and Fatin pass.

عثمان نجمی گُرمن ترکی کے جدید دور کے مصنفوں میں سے ایک ہیں۔ وہ ۱۹۴۷ء میں پیدا ہوئے۔اُن کا پہلا ناول L'ECharpe d'Iris فرانس میں GALLIMARD پبلی کیشنز کی طرف سے(۱۹۷۶ء) شائع ہوا تھا۔اِس ناول کو(۱۹۷۷ء) قوسِ قزح(EBEMKUSAGI) کے نام سے پھر حریت پبلشر،اور ۲۰۰۳ء میں پگلوں کے فارم(DELIBOZUKLAR GIFTLIGI) کے نام سے Menler پبلی کیشنز نے شائع کیا تھا۔

گُرمن کا دوسرا ناول ’تلوار نیند میں گولی کھاتا ہے(KILIC UYKUDA VURULUR)(۱۹۷۸ء) فرانسیسی زبان میں GALLIMARD نے چھاپا۔نجمی گرمن کا آخری ناول ’رانا‘(RANA)(۲۰۰۶ء) قناعت پبلشر کی طرف سے شائع ہوا۔

اِس تحریر میں گرمن کے ’پگلوں کے فارم‘ نامی ناول میں مسئلہ عینیت کا جائزہ مشرقی اور مغربی تہذیب کی نزاع کے حوالے سے لیا جائے گا۔ناول کے آغاز ہی سے یہ دونوں تہذیبوں کا رُوبرُو آنا قابلِ غور ہے۔ یہ آمنا سامنا پہلے تو اشخاص پھر اقدار اور آخر میں جماعت کی سطح پر واقع ہو جاتا ہے۔ جماعت کے اندر موجود ’فردی عینیت‘ انہی مرحلوں سے گزر کر وجود میں آتی ہے۔ اِس عینیت کی پہلی خصوصیت اِس کا ایک معین جغرافیے کا زیرِ حکم ہونا ہے۔گرمن کے

* ایسوسی ایٹ پروفیسر،شعبہ اُردو،انقرہ یونیورسٹی،ترکی۔

ناولوں میں یہی جغرافیائی علاقہ Mediterranean Basin ہے۔ بیان میں مدنیت Mediterranean کے نزاعی اور پیچیدگی ساخت' بنیادی موضوع کو قوت دیتی ہے۔ مدنیت Mediterranean نے آغازِ تاریخ کے دور سے ہی تین برِّ اعظموں میں عینیتِ انسان کی شکل بنائی ہے:

ایشاءِ کوچک، شمالی افریقہ، اورمشرقِ وسطیٰ، یورپ۔ بالفاظِ دیگر اِس تہذیب کی بنیاد میں حقیقتاً تضادِ مشرق و مغرب کی طرف ایک تمدن اور تہذیب کا انتقال دکھائی دیتا ہے۔ لہٰذہ Mediterranean کی دنیا مختلف، علیحدہ اورانوکھے کے امتزاج سے ایک نئی متصادم اور مماثل دنیا کے طور پر ظاہر ہوتی ہے۔

۔۔۔۔ جہاں تاریخ اور تحریر کا آغاز اور تہذیب کا جنم ہوا، ابتدائی لوگوں کا مستقر بنا۔ سیاست اور تجارت کے ذریعے تمدن ایک ہی جغرافیے میں قائم ہوا۔ انہی تہذیبوں نے ایک دوسرے کو قائم رکھا، خصوصیاتِ عینیت جو ماضی سے تعلق رکھتی ہے، اُن کو ایک نئی تہذیب میں محفوظ رکھا۔ یہ سب Mediterranean دنیا کی خصوصیت ہے، اور کچھ نہیں۔ یہ بنیادی خصوصیت گُرمن کے ناول میں صاف دکھائی دیتی ہے۔ سب سے پہلے تو ناول کے کردار نزاعی اور امتزاجی عینیت کی نشانیاں رکھتی ہیں۔ جنگِ عظیم دوم کے بعد تحصیلِ علم کے لیے فرانس گئے ہوئے تین رفقاء کی کہانی ناول کا موضوع بنتی ہے۔ سلیم جو بعد میں اپنے باپ کا فارم چلائے گا۔ فاتین جو استقبال میں والی (Governor) بنے گا اور قصہ گو (Narrator) جو آٹھ سال کالج میں پڑھنے کے بعد تحصیلِ طب کا ارادہ رکھ کر فرانس جاتے ہیں۔ اِن میں سے صرف فاتین اپنی تعلیم مکمل کرتا اور ڈاکٹر بن جاتا ہے۔ وطن لوٹنے کے بعد طویل عرصہ ماہرِ نفسیات (Psychiatrist) کی حیثیت سے یونیورسٹی مین پڑھاتا اور کسی شہر کا والی بن جاتا ہے۔ سلیم اپنا زیادہ تر وقت شعر کہنے میں گزارتا ہے۔ اس کو فرانس میں Lea نامی ایک لڑکی ملی، اُسی کے ساتھ وطن واپس آتا ہے۔ مگر اپنی تعلیم مکمل نہیں کر پاتا۔ Narrator بھی غربت کی وجہ سے اپنی تعلیم مکمل نہیں کر سکتا اور بعد میں فاتین کا ڈرائیور بن جاتا ہے۔ فاتین تو اپنی منگیتر کے والد کی مالی امداد سے کالج سے فارغ ہوسکتا ہے۔

''اِس کی زندگی دھڑا کا نمونہ تھی۔ علم النفس، انسان اور انسان کے اصرار کی طرف مائل ہونے کے بعد، پگلوں کو ایک طرف ہٹا کر، اپنے لیے پیشہ مہتم چن لیا تھا۔ اب باری سیاست کی: پارلیمنٹر منتخب ہونا چاہتا تھا۔ پھر وزیرِ مملکت، پھر۔۔۔'' (1) فاتین کے لیے زمان ایک آلہ ہے جس کی وجہ سے پلین یا ہدف پر پہنچا جاتا ہے۔ لہٰذہ وہ یہ سمجھتا ہے کرنا بے کار لوگوں کا کام نہیں بلکہ یہ سب کچھ پگلپن کی بات ہے۔ ناول کی آخر تک اِس طرح کی بہت ساری فکر' اِس کو متناقض کردار بناتا ہے۔ خارجی دنیا جس کا نمائندہ (فاتین) کرتا ہے، اِس لیے کام کرنا، کامیاب

ہونا، ہدف پر پہنچنا، سارے رکاوٹ اور مشکلوں میں سے باہر نکلنا، یہ ساری کوشش ایک مغربی ذہنیت کی نمائندگی کرتا ہے اور خارجی دنیا کی کامیابی سے اندرونی دنیا میں سنسان کے تضاد واقع کرنے والا ایک ناولی سیرت ہے:''ڈیل ڈول، گہرا ایک گڑھا! اپنے اندر محسوس کیا ہوا، بلگھا ہوا اور بڑھانے کی کوشش کی ہوئی ایک اندھیر گڑھا! میں نے سمجھا شاید چٹانوں کے درمیان سے شفا دینے والا پانی کا ایک قطرہ مل گیا ہے۔ سنگ تراشی کی چٹانوں کی۔ منبع تک پہنچا اور ایک دو قطروں سے فائدہ اُٹھا سکنے کے لیے۔ مگر پوچھو کہ کیا ہوا؟ خشک ہو گیا، گر پڑا گڑھا۔ بہتا ہوا پانی تخّیل تھا۔'' (2)

فاتین اپنا عشق Leo کے سامنے اعتراف کرتا ہے۔ اسی لیے مغز (سنسان) کو بڑھانے کی چاہت ہوتی ہے۔ جب رد کیا گیا تو اُسے شکست کے طور پر دل میں رکھتا اور خارجی دنیا میں جس طاقت کا مالک ہے اُس کو انتقام لینے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ غور کیا جائے تو دیکھا جائے گا کہ فاتین جو ایک ترتیبِ وجود کا تمثّل تھا، اُس کا اندرونی دنیا بالکل خالی اور اپنی موجودگی کا واقفیت صرف خارجی دنیا کے ذریعے پیدا کرتا ہے۔

فاتین کے خارجی دنیا کی دولت، سلیم کی اندرونی دنیا میں دکھائی دیتی ہے۔ سلیم' اپنے والد کے چھوڑے ہوئے فارم میں اپنی بیوی Leo اور دوستوں کے ساتھ رہتا ہے، فاتین کی طرح یہ نہیں سوچتا کہ فارم کی زمین tourism کے لیے کھول کر روپیہ پیسہ کمائے۔ جیسے اپنے والد کرتا تھا' وہ بھی اپنے دن شعر کہہ کر، نالی بجا کر، دوست اور دیہاتیوں کے ساتھ تفریح میں گزارتا ہے۔ اِس کی دولت مندی فارم یا زمینوں کی وجہ سے نہیں، اپنے اردگرد کے لوگوں پر منحصر ہے۔ اتنے میں فارم کا نام، پگلوں کے فارم رکھا گیا تھا۔ جب فاتین اور سلیم کی دنیا کا موازنہ کیا گیا تو، سلیم کی موجودگی (وجود) زیادہ تر گہرا نظر آتا ہے:''وہ موج کے کمزور جھڑک میں پلٹ کیا ہوا

ساحل پر ملے بغیر لیٹے ہوئے تھے۔ Leo کلام بڑبڑانے والا اپنے شوہر کا سُن رہی تھی:

کیسا خوبصورت ہے دل

خودغرض بھی کیسا

نہ اُبھرتا، نہ جھکتا ہے

اپنے ہنر میں نمایاں ہوتا ہے'' (3)

اسی طرح ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ فاتین، Leo کے لیے ایک اندرونی دنیا پیش نہیں کر سکتا۔ حالانکہ سلیم میں یہ یوں ہے:''ایسا لگتا ہے جیسے اولادِ آدم کی پیدائش (موجودات) میں موجود 'گناہ' کا اعتراف کر سکنا، آرام وسکون دے

رہا ہے۔ آخر دنیا میں وعدہ کیا جانے والی بات جنت کے پاس ہی کرّہ عرض فردوس کا دروازہ کھول رہا تھا، اُس کے لیئے" (4)

سلیم کی ذات میں، فاتین سے تضاد جو دوسری بات ہے وہ دونوں کے منتخب کردہ پیشوں کے متعلق ہے۔ فاتین محتریص ہے اور اپنی شخصی کامیابی کے لیے عوام کو ایک آلہ سمجھتا ہے، اس کا برعکس سلیم اپنی دانائی عوام کے ساتھ Share کرنے کے لیے Imam (ملّا) بن جاتا ہے۔ مگر ایک عام قسم کے Imam سے مختلف ہے۔ وعظوں میں شعر اور فلسفہ موضوع بن جاتا ہے۔ لہٰذہ ردِعمل بھی سامنے آتا ہے۔

وہ کہتا ہے کہ سچائی خارج سے لیا جانے والا ایک حسنِ سیرت ہے۔ لہٰذہ Hallaer Mensur کی بات کرتا ہے۔ دوسری طرف، مغرب میں علم حاصل کیا ہوا، مغربی اُصولوں پر تربیت پانے والے ہر کر بھی سلیم فاتین کی طرح اپنی اندرونی دولت مندی کو غائب نہیں کیا تھا: "فاتین شہر کو واپس جاتے ہوئے گاڑی میں بڑبڑاتا ہوا جا رہا تھا: بندہ تو دیوانہ ہے۔ مگر خیال خام نہیں۔ چلتا ہے تو حق بجانب ہے۔

۔۔تم سلیم کی بات کر رہے ہو غالباً، میں نے پوچھا۔

۔۔اور کون ہو سکتا ہے؟ یہ قسمت دیکو۔ ایک دیوانے کی بیوی کے لیے! دیوانہ کیا، پورا دیوانہ! پارس (Paris) میں پانچ سال گزارے بھی تو کیا کیا اِس نے؟ اس علم کے مرکز میں دو پیسوں کی فائدہ اُٹھا سکا کیا؟ کہاں؟ اپنا احساسِ کمتری مضبوط کیا (جوڑا) بس! دین کا 'D' سے بے خبر اور خطبہ دیتا ہے۔ وعظ کہنا! یہ ہو سکتا ہے کیا؟ یہ ایک کلینکل واقعہ ہے۔ جماعت سے (سماج) ناراض ہے۔ اپنے آپ کو نا قابلِ فہم سمجھتا ہے۔۔۔" (5)

بیان میں فاتین کی کہی ہوئی ساری باتیں بعد میں صحیح ثابت ہوگئیں۔ ایک Ronic صورت میں فاتین کتنی دفعہ بحرانِ جنوبی کا مبتلا ہوتا ہے۔ اپنے آپ کو خارجی دنیا سے لاتعلق رکھتا ہے۔ مگر اندرونی دنیا کا مضبوط نہ ہونے کی وجہ سے بھی، اپنی کوتاہیوں کا پتہ نہیں رکھتا: "وہ رات والی جن کے خاندان اور رشتہ داروں کیلئے ہے آسودگی کی رات بنی تھی۔ تین دن مسلسل سوئے بغیر گزارے فاتین نے، اپنی بیوی کے اصرار کے نتیجے میں نیند کی دوا کھاتا اور اس کے زیرِ اثر، تھوڑی دیر کے لیے جگتا اور پھر اڑتالیس گھنٹے کی نیند سوتا جیسے بے ہوشی کی نیند میں تھا۔

دوسرے بحرانِ جنوبی نے اپنی کوتاہیوں کو اور بھی مضبوط کیا: "اس کے پیچھے جانے والا مِسالؔ کو اُوپر کی منزل میں ٹوٹا ہوا کچھ سامان کے درمیان ہاتھوں میں سر رکھا ہوا فرش پر کروی ہوئی ملا جاتا ہے۔

۔میری جان' کیا۔۔۔

۔دفع ہو جا یہاں سے!

جب دادا کا یادگار ایک گھڑا، شیشہ توڑ کے باغیچہ میں اُڑا تو دوست اور رشتہ داروں نے سوچا کہ اب روپوش ہونے میں سلامت ہوگا۔گھڑے کے بعد فاتین نے ایک ہی فِسٹ سے نعمت خانے کا دروازہ گرا دیا۔ پھر پرانی ایک میز پر حملہ کیا۔ایک تیل کا لیمپ، پردہ اور گنبد والا پلنگ گرجتے ہوئے اُلٹ گئے۔۔''(6)

اِس کے بعد کچھ عرصہ نظروں سے غائب رہتا ہے، جب لوٹ آیا تو ایک اور بحران میں مبتلا ہوتا ہے۔''مگر میرے محترم اُستاد مجھے معلوم تو ہے کہ میں nevrastenik ہوں۔ میرے ساتھ لڑائی کرنا چھوڑیئے! اپنے اُستاد کو تندرست کرنے میں دُرزی مزا اُٹھانے کی بجائے، اپنے مریض کا خیال کریں!'' (7)

'مجنوں' کے طور پر مشہور سلیم کی دنیا آسودہ ہے:''کبھی کبھی چراگاہ کے اندھیرے میں سے اُبھرنے والا پُر لطف ایک سُر' لطیفِ ہلال کے اندر نیلا سا آرام کا ایک آنسو بہلاتا ہے' جب کبھی مہتاب نے بادل کو پھونک مار کر پورنتا نمائش کیا تو ایک جنوں سے ربانی (نورانی) جوش کھانے والے چٹان' کھوکھلا' خوشی کی کرنوں سے بھرتا رہتا تھا۔''(8)

ہم دیکھتے ہیں کہ بیان میں ناول کے دو بشر (فرد) ایک دوسرے سے متضاد تصورِ عالم کی نمائندگی کرتے ہیں۔ بیان کے آخر میں یہ تضادیت کی جگہ نزاع لے گی اور فاتین جو اپنی اندرونی دنیا واقع کرنے میں کامیاب نہیں ہوتا' دراصل سلیم کے فارم چاہ کر بھی اِدھکار میں لے نہ سکتا۔ اسے برباد کرتا ہے۔ یعنی سلیم کی آسودہ دنیا کو علامتی طور پر تباہ کرتا ہے۔ حقیقتاً خیمہءِ پاشا، جہاں فاتین رہتا ہے وہ رسمی اور خنکی ایک خارجی دنیا کا نمائندہ کرتا ہے۔ اِس دنیا کے سامنے فارم میں پرانا مکان موجود ہے:''اچھا نہیں تھا پرانا مکان، مگر پرانا پن میں ماضی کے قدر عکس ڈالتا تھا۔۔'' (9)

چنانچہ فاتین Lea کا عشق حاصل نہ کر سکا، اِس لیے فارم کے بھی برسرِاقتدار کر نہ سکا۔ یہاں ایک تہوار کا انتظام کرواتا ہے فاتین۔ تہوار کے اثنٰے میں شیخ مسلم جو فاریہ کے دلچسپ انسانوں میں سے ہے، لوگوں کو سردمندلی پیانو سنائے گا، بہ یک وقت پھر سے ذہنی مریضوں کی بنائی ہوئی تصویروں کی فروخت ہوؤں گی۔ پرانا مکان جو ماضی کی نمائندگی کرتی تھی، تہوار کے اثنٰے میں جلتا ہے۔ یہ باب، بیان کے آغاز میں بھی، آخر میں بھی بیان کیا جاتا ہے۔:''دادا کا یادگار عمارات کا جلنا، ویسے تو۔۔۔راکھ ہو گیا مینا بازار۔۔'' (10) پھر ناول کے آخر میں:''اچانک جھلملایا۔ تو تو کی لٹو لانے چکنی کا ٹوپی کندہ کی۔۔'' (11)

ناول کے آخر میں ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ فاتین بھی ایک اندرونی دنیا کا مالک ہے۔ آخری باب کا اُنوان ہے ''فاتین کا اعتراف'' (11) دو دنیا کا امتزاج، اس باب میں ایک دوسرے کے اندر اندر موجود (گھسے ہوئے) مختلف تہذیبوں کے عنصروں کو اشارہ کرتا ہے۔ جن کا بحث ہم نے شروع میں ہی کیا تھا۔ ناول تضادوں کے باوجود مشترکہ ایک دنیا خلق کر پانے والے اشخاص کی تصویر کھینچی ہے۔ یہ خصوصیت بالکل Mediterranean تہذیبوں سے تعلق رکھنے والا ایک خصوصیت ہے۔ سلیم اور فاتین کے سوا اور اشخاص بھی اس کا مثال بنتا ہے۔ Stavro جو واضح عقیدہ ماننے کے باوجود نماز پڑھتا ہے۔ توفیق جو ایک مشرقی دانشمند کا نمائندہ کرتا ہے اور فارم کی زندگی میں متحد Mardik جو Armenian، یہ سب مختف عینیت کے لوگ اکٹھے رہ سکے۔ [جیسے سلیم کے فارم میں رہا گیا]۔ اور اُسی جغرافیے کے متعلق ایک فلسفہ اور دانائی پیدا کر سکا۔ لہٰذہ گُرمن کا یہ ناول زمانے کے (آج) مشرق ومغرب کے مسئلہ عینیت پر مروجہ توضیحیں کی ہیں۔

<u>NOTES</u>

(1) "Gurmen, Osman Necmi, Delibozuklar Giftligi, Menler Basin Yayin Ltd Sti, Istanbul, 2003, S.37.

(2) ایضاً ص۴۶

(3) ایضاً ص۳۵

(4) ایضاً ص۳۶

(5) ایضاً ص۵۶

(6) ایضاً ص۷۵

(7) ایضاً ص۹۶

(8) ایضاً ص۱۱۲

(9) ایضاً ص۱۷۰

(10) ایضاً ص۷

(11) ایضاً ص۱۷۰

''علی پور کا ایلی'' کی دوطباعتوں میں اختلافِ متن

(ایک تحقیقی جائزہ)

ڈاکٹر روبینہ رفیق*

Abstract:

This research article deals with a comparative study of two different editions of an Urdu Novel Ali Pur K Aeili written by Mumtaz Mufti critics believe that Mufti has never revised his texts in different editions of his creative works. This study shows be did so, the reasons to change the text are different. He changed the text in Ali Pur Ka Aieli due to some psychological, social, political, and literary reasons. These changes have been detected and their reasons have also been determined.

''اس نے کبھی لکھ کر کاٹا نہیں کیونکہ اس کا خیال ہے اس سے بات کا فطری پن مجروح ہوتا ہے۔ بات وہ نہیں رہتی جو اسے ہونا چاہیے''۔(۱)

ممتاز مفتی کی تحریروں کے بارے میں ادبی حلقوں میں موجود یہ وہ عمومی تاثر ہے جو میرے خیال میں درست نہیں ہے۔ میرے اس نقطہ نظر کی وضاحت ان کی بعض تحریروں خاص طور پر ''علی پور کا ایلی'' کے تحقیقی مطالعہ سے ہو جاتی ہے۔ جس کے پہلے اور تیسرے (اور بعد کے تمام) ایڈیشنز کے تقابلی مطالعہ نے ثابت کیا ہے کہ مفتی اپنی تحریروں کو نظرثانی کی کسوٹی سے گزارتے تھے کہ جو فنکار اپنے تخلیقی سفر میں مسلسل ارتقاء کی منزلیں طے کرتا ہے وہ اپنے پچھلے سفر پر تنقیدی نگاہ بھی ڈالتا ہے۔

''علی پور کا ایلی'' کی اشاعت پہلی مرتبہ ۱۹۶۱ء میں ہوئی۔ یہ کتاب بقول ممتاز مفتی کے ''ایک روئیداد'' (۲) تھی لیکن ادبی حلقوں میں اس کی پذیرائی ایک ناول کے طور پر کی گئی کیونکہ اس کے موضوعاتی اور تکنیکی ناول سے گہری مماثلت رکھتے تھے اس لیے اسے ''تلاش ذات کی ناول'' (۳) بھی کہا گیا اور ''ناولوں کا گرنتھ صاحب'' (۴) بھی۔

اس کے پہلے ایڈیشن کے پسِ منظر میں ایک کہانی بھی موجود ہے اور وہ یہ کہ دوستوں کے کہنے پر

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اُردو و اقبالیات، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور۔

''یہ ایڈیشن افراتفری میں چھپا، یہ افراتفری آدم جی ادبی انعام سے متعلق تھی''(۵)

لیکن اس کتاب کو آدم جی ادبی ایوارڈ نہ مل سکا اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ اس انعام کا نہ ملنا مفتی جیسے بے نیاز آدمی کے لیے بھی شدید صدمے کے مترادف تھا جس کا اظہار طبع ثانی کے سرورق ،فلیپ اور پیش لفظ میں آدم جی ادبی ایوارڈ کے نہ ملنے کو اس کی نمایاں خصوصیت قرار دینے کی تکرار سے ہوتا ہے۔

''علی پور کا ایلی'' کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۶۹ء میں شائع ہوا۔اس ایڈیشن میں بھی اس کی افسانوی حیثیت سے پردہ اُٹھانے کی کوئی واضح کوشش نظر نہیں آتی لیکن اس وقت تک ادبی حلقوں میں ایک سوال مسلسل گونج پیدا کر رہا تھا کہ کیا ''ایلی کی سرگزشت'' ممتاز مفتی کی سرگزشت ہے؟

اس کی ایک وجہ تو مفتی اور ایلی کی زندگی' شکل وشباہت اور کردار کی مماثل خصوصیات ہیں پھر نقوش ۱۹۶۴ء کے آپ بیتی نمبر میں ممتاز مفتی کے آپ بیتی نما مضمون نے اس شک میں یقین کے رنگ بھی شامل کر دیئے تھے۔اس کے علاوہ مفتی کا اسلوب حیات اور سچ کہنے کی صلاحیت نے بھی اس یقین کو مزید پختہ کیا۔

یوں اس سوال کی تکرار اور معنی خیزی کے محسوس کرتے ہوئے مفتی نے خود ہی مختلف مقامات پر اس کا اعتراف کرلیا کہ ''ایلی'' دراصل ''مفتی'' ہی ہے۔

''یہ ناول میں نے سوچ کر لکھا کہ ابھی تک اُردو میں کسی نے بغیر کسی آئیڈلزم اور بغیر کسی لاگ لپٹ کے اپنی ذات کو بیان نہیں کیا ہے میں نے یہ کیا تھا کہ میرے اندر جو گندی سے گندی بات تھی اسے باہر لے آیا اور اپنی ذات کو برہنہ کردیا۔''(۶) لہٰذہ تیسری اشاعت ۱۹۹۱ء میں مفتی نے یہ اعتراف شامل کتاب کرلیا کہ ''یہ کتاب میری آپ بیتی کا پہلا حصہ ہے''۔پہلے مجھ میں اتنی جرات نہ تھی کہ اپنی خامیوں ،کجیوں اور بے راہ رویوں کو اپنا تا اس لئے میں نے اسے روئیداد کا نام دے دیا''(۷)

اس اعتراف کے ساتھ ہی طبع سوم میں انہوں نے بے شمار ترامیم کیں جن میں سے کچھ تو اضافہ کی حیثیت رکھتی ہیں اور بیشتر محذوفات کی اس کے علاوہ آخری صفحات میں ایک طویل فہرست بھی دی ہے۔جس میں کرداروں اور مقامات کے اصلی نام گنوائے ہیں۔

اس کتاب کے پہلے دونوں ایڈیشنز چونکہ اس اندرونی خوف کے آزار سے آزاد تھے جو آپ بیتی شائع کرنے کے ضمن میں وجود کے اندر کہیں موجود ہوتا ہے اور آپ بیتی بھی ایسی جس میں اپنی ، اپنے قریبی رشتہ داروں اور احباب کی خامیوں اور کجیوں کا برملا اظہار ہو اس لیے ان ایڈیشنز میں واقعات یا اشخاص کے بیان کا ایک بے ساختہ،

بے باک اور بے دھڑک انداز ملتا ہے لیکن خودنوشت کے اعتراف کے ساتھ ہی اس بے ساختہ، بے باک اور بے دھڑک انداز میں ایک محتاط آدمی کا رویہ شامل ہو جاتا ہے اگر چہ وہ لاکھ کہیں

''ادب میں جتنی خودنوشتیں تھیں، سب دھلی دھلائی کلف لگی استری شدہ تھیں، کوئی لکھنے والا اپنی کمیوں، کجیوں اور کم رویوں کی بات نہیں کرتا تھا۔ میں نے سچی باتیں لکھنے کا تہیہ کیا اور ''علی پور کا ایلی'' وجود میں آئی۔(۸)

پہلے اور دوسرے ایڈیشن کے حوالے سے اس بات کی صداقت میں کوئی شبہ نہیں اور بلاشبہ طبع سوم میں بھی سچی اور کھری باتیں ہیں لیکن یہاں کسی حد تک ''دھلائی'' اور ''استری کرنے'' کی کوششیں نظر نہیں آتیں اگر چہ کلف لگانے کی نوبت نہیں آئی اور یہ کوششیں پہلے اور تیسرے (بعد کے تمام) ایڈیشنز کے مابین ۲۰۰۰ سے زائد مقامات پر متن، زبان و بیان اور فنی طریق کار میں فرق کی شکل میں موجود ہیں۔

مذکورہ تبدیلیاں تین دائروں میں پھیلتی اور سمٹتی دکھائی دیتی ہیں۔ ایک دائرہ سماجی اخلاقیات کے دباؤ یا احساساتی سطح پر نقطہ نظر کی تبدیلی کے نتیجے میں وجود میں آتا ہے۔ دوسرا دائرہ قیاسی طور پر آدم جی ادبی ایوارڈ کے موقع پر بعض افراد کی طرف سے زبان و بیان پر کیے گئے اعتراضات کے باعث تشکیل پاتا ہے اور تیسرا دائرہ فنی تعمیر و تشکیل اور طریق کار پر نظر ثانی کے نتیجے میں ظہور پذیر ہوتا ہے۔

ممکن ہے کہ پہلے ایڈیشن کے حوالے سے مذکورہ افراتفری کے باعث مصنف کو نظر ثانی کا موقع نہ مل سکا ہو۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دوسرے ایڈیشن کے پیش لفظ میں اس افراتفری کا ذکر تو ہے لیکن نظر ثانی کے نتیجے میں کسی قسم کی ترمیم کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ جبکہ تیسری اشاعت کے موقع پر آپ بیتی کے اعتراف کے ساتھ ہی بے شمار ترامیم اور تبدیلیاں نظر آتی ہیں۔ یہ بات بہر حال اپنی جگہ معنی خیز ہے۔

تخلیقی شدت اپنے حقیقت پسندانہ اظہار کے لیے جتنے بھی انوکھے پیرائے دریافت کر لے۔ طے شدہ اور عائد کردہ اُصول وضوابط سے انحراف کی جتنی بھی جرات کرے سماج کا طاقتور شکنجہ اس ''بے راہ رو'' کو اپنے متعین کردہ دائرے میں لے ہی آتا ہے۔

اس کی گواہی نام نہاد سماجی اخلاقیات کا بلند آہنگ انکار کرنے والی ممتاز مفتی جیسے تخلیق کار کے یہاں بھی مل جاتی ہے۔ جس نے پہلی مرتبہ اپنی خودنوشت میں خود ملامتی یا خودستائشی کے مبالغے کی بجائے حقیقی اور فطری انداز میں اپنی کمزوریوں اور کم رویوں کا بلا جھجک اظہار کیا ہے۔ لیکن بعد میں ''غلیظ پوتڑے چوک میں بیٹھ کر دھونے'' (۹) کا عمل محترم رشتوں کے حوالے سے ناروا محسوس ہوا یا پھر احباب کے احتجاج اور سماجی اخلاقی دباؤ کے باعث تیسرے

ایڈیشن میں ان رشتوں اور ناتوں سے متعلق منہ زور بے باکی کے حامل واقعات و بیانات کو یا تو سرے سے حذف کر دیا یا پھر ان میں لفظی تبدیلی کی ہے، اس کے ساتھ ہی ان کے اس بیان کا آخری حصہ عملی تضاد کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ کہ

''میں نے سوچا ایک سچی خودنواشت پیش کروں اخلاق اور تہذیب سے بے نیاز'' (۱۰)

کیونکہ اخلاق اور تہذیب سے ''نیاز مندی'' کے عملی ثبوت علی احمد (والد) شہزاد (بیوی) ہاجرہ (والدہ) اور سادی کے کرداروں کے حوالے سے تیسرے ایڈیشن میں موجود ہیں اور سب سے زیادہ علی احمد کے کردار کے حوالے سے اس کا اظہار ہوتا ہے۔

''فادر ہوسٹیلیٹی کے شکار'' (۱۱) مفتی نے پہلی اشاعت میں تو یہ طبل جنگ بڑے پُر شور آہنگ میں بجایا اور اپنے والد کے عمومی اور جنسی رویوں کا اظہار تلخ پیرائے میں کیا۔ لیکن بعد میں امکانی طور پر خاندان کے احتجاج یا والد کے ساتھ اپنے طرزِ عمل کے نازیبائی کے احساس (والد صاحب سے میں نے زندگی بھر اچھا سلوک نہ کیا)۔ (۱۲) کی بیداری کے باعث انہوں نے پیرائیہ اظہار میں محتاط رویہ ہی اختیار نہیں کیا بلکہ بہت سے ایسے بیانات بھی حذف کر دیے جن میں علی احمد کے ساتھ ایلی کے مخاصمانہ رویے کا اظہار ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ''ننھا تو اس کے نزدیک بالکل نا قابل التفات تھا نوکرانی کا بچہ جس سے علی احمد کے کمرے کی بُو آتی تھی'' (ص ۹۴)

''ایلی کا جی چاہتا کا چلا چلا کر کہے کہ حضور جب آپ نئی عورت لے آتے ہیں اور جب سارہ صبورہ کو آواز دیتے ہیں تو اس وقت بھی بزرگوں سے مشورہ کر لیا کیجئے اور اسلامی نقطہ نظر کا خیال رکھ لیا کیجئے گا لیکن اس وقت علی احمد عوام کے لیڈر بنے ہوئے تھے'' (ص ۴۵۸)

ان محذوفات کے علاوہ شرمندگی کا احساس والد کی فضیلت کے احساس میں ڈھل کر بعض مواقع پر ایسی ترامیم کا باعث بھی بنا ہے جو ان کے لاشعور میں موجود احساسِ جرم کی غمازی کرتی ہیں۔

پہلا ایڈیشن	تیسرا ایڈیشن
اللہ کرے علی احمد روشن لال کی تجویز مان لیں	اللہ کرے ابا روشن لال کی تجویز مان لیں
(ص ۲۴۲)	(ص ۲۰۳)
کاش تم والد کی رضامندی کی شرط نہ لگاتیں	کاش تم والد صاحب کی رضامندی کی شرط نہ لگاتیں
(ص ۸۵۸)	(ص ۷۳۹)

اس کے علاوہ علی احمد کے عمومی رویوں کے ان بدصورت پہلوؤں پر بھی پردہ ڈال دیا ہے جس سے ان کی شخصیت کا تاثر بے حد مجروح ہوتا ہے۔اولاد کے بارے میں علی احمد کا نقطۂ نظر جس قدر کراہت انگیز تھا اسے حذف کر دیا کہ پھر اس کراہت کا ہدف علی احمد کی ذات بھی بنتی تھی اور علی احمد بہر حال ایلی (مفتی) کے والد بھی تھے اور دوسروں کی نظر میں ان کا شخصی طور پر کوتاہ قامت ہونا قابلِ برداشت نہیں ہوتا۔

''وہ اکثر جوش میں کہا کرتے تو ایلی تو میرے پیشاب کے ایک قطرے سے بنا ہے یہ سن کر ایلی کو غصہ آ جاتا لیکن غصے کے باوجود اسے اپنے آپ سے پیشاب کی بُو آنے لگتی'' (ص ۳۹۶)

صفیہ کی موت پر علی احمد کے بے ہوش ہونے کا واقعہ بھی حذف کر دیا ہے (ص ۶۴)

کہ اس طرح وہ علی احمد جو اپنے گھر کے بونوں کی گلیور کی حیثیت رکھتا تھا پھر خود ایک کمزور بونے میں تبدیل ہوتا نظر آتا ہے۔اس کے علاوہ علی احمد کے شب و روز کے معمولات کے پسِ منظر میں کارفرما وہ عوامل اور واقعات و تجربات بھی حذف کر دیے ہیں جن کے باعث ان کی شخصیت کے بنیادی عناصر بچہ ٹین کا سپاہی اور جنگجو سورما (۱۳) تشکیل پاتے ہیں۔

مثال کے طور پر پہلے ایڈیشن کے صفحہ نمبر ۲۶، ۲۷ اور ۱۱۷، ۱۱۸ پر بیان کردہ علی احمد اور چاناں کے باہمی تعلق سے متعلق ساری باتیں اور واقعات تیسرے ایڈیشن میں سے حذف کر دیے ہیں اس طرح ایک طرف تو چاناں کا کردار مکمل طور پر ختم ہو گیا ہے (لیکن آخر میں دی گئی فہرست میں چاناں کا نام موجود ہے) دوسری طرف علی احمد کی کردار کے تشکیلی عناصر میں سے بچہ اور ٹین کے سپاہی کے عناصر کا معنوی سیاق و سباق نظروں سے اوجھل ہو کر ابہام کی کیفیت پیدا کرتا ہے۔

علاوہ ازیں ایلی کی ذہنی اور جذباتی قربت سب سے زیادہ ہاجرہ، شہزاد اور سادی سے ہے ان کرداروں کے حوالے سے ناشائستہ بیانات اور تبصروں کے ساتھ ساتھ ان کی شخصیت کے منفی پہلوؤں کو بھی قلم زد کر دیا۔

مثال کے طور پر ہاجرہ (والدہ) ایک صابر و خدمت گزار اور راضی بہ رضا عورت کے روپ میں نظر آتی ہے۔لیکن پہلے ایڈیشن کے صفحہ نمبر ۱۲۶ پر درج شدہ واقعات و بیانات میں اس کا طرزِ عمل ان ''قدسی'' اوصاف کے بر عکس ہے اس کی ایلی کو دوھیالی رشتہ داروں سے متنفر کرنے کی کوشش یہ ظاہر کرتی ہے کہ وہ بھی عام عورتوں کی طرح ظلم سہنے اور خود رحمی کا شکار ہونے کے باوجود مختلف انتقامی حربوں سے حاصل شدہ وقتی فتح کی سفلی خوشی (Mean Pleasure) سے سرشار ہونے کی کوشش کرتی ہے تیسرے ایڈیشن میں ان باتوں کا حذف کرنا ایک اور سمت بھی

اشارہ کرتا ہے کہ والد کی طرح والدہ کے کردار کے مجموعی تأثر میں بھی تضحیک کا عنصر پیدا نہ ہو اور یہ بھی کہ ہاجرہ کا جو امیج کا تأثر مفتی کے لکھے گئے والدہ کے خاکے ''باندی'' میں بنا ہے اس میں دراڑیں نہ پڑیں، یہ مفتی کی شعوری کوشش یوں بھی محسوس ہوتی ہے کہ علی احمد کی تیسری بیوی اور ایلی کی سوتیلی والدہ شمیم بھی اس نوعیت کے بے ضرر انتقامی حربوں سے خود کو افسردہ سی تسلی دینے کی کوشش کرتی ہے، لیکن مفتی نے ان واقعات کو جوں کا توں برقرار رکھا ہے۔

اسی طرح سادی جس کی محبت ''علی پور کا ایلی'' کے تخلیقی محرکات میں سے ایک ہے۔

''ایلی کا کہنا ہے کہ یہ کتاب ہی نہیں بلکہ ایک خط ہے جو اس نے سادی اور عالی کے نام لکھا ہے بری الذمہ ہونے کے لیے نہیں بلکہ اعترافِ جرم کے لیے'' (۱۳)

اس تعلق میں حرام کی دلآویز آمیزش ہمیشہ شامل رہی، اسی لیے سادی سے متعلق جمال کی زبانی کہے گئے یہ غیر مہذب الفاظ کارج کر دیے۔

''اچھا وہ قہقہہ مار کر ہنسا تو آم مل جائیں گے کیا کھانے کو' یار ایسے قلمی آم ہیں کہ تمہیں کیا بتاؤں۔'' (ص ۵۵۲)

شہزاد سے مفتی کا تعلق کثیر الجہتی ہے وہ اس کا عشق ہے اس کی بیوی اور عکسی کی ماں ہے یہ سارے حوالے احترام کے ہیں لیکن عکسی کی ماں کا حوالہ سب سے زیادہ توانا اور محترم ہے۔ اس لیے مفتی نے شہزاد کے کردار اور زندگی سے متعلق بیشتر مقامات پر کڑوا سچ بولنے کے باوجود بعض مقامات پر اس کی شخصیت کے چند گوشوں کو نفیس پردوں میں لانے کی کوشش کی ہے (ص ۲۴۷) اور بعض مقامات پر لہجے کی درشتگی اور بیان کی کثافت کو کم کرنے کی کوشش کی ہے اور اس طرح کے بیانات حذف کر دیے ہیں اگرچہ ان جملوں کے خارج کر دینے سے ذہنی و جذباتی کیفیات کی اظہار کا بے ساختہ پن مجروح ہوا۔

۱ ''اگر وہ اس کا فیصلہ کرتا تو اسے تسلیم کرنا پڑتا کہ دونوں میں سے ایک کے ساتھ کا تعلق ہوس پر مبنی تھا۔'' (ص ۷۶۳)

۲ ''اس کا جی چاہتا تھا کہ چلا کر کہے تمہیں شرم نہیں آتی ذلیل فاحشہ۔۔۔۔۔'' (ص ۹۳۰)

سماجی اخلاقی دباؤ کے علاوہ ایک خاص قسم کی سیاسی فضا کا جبر اور ایک ٹھیکیدارانہ مزاج کے حامل طبقے کا رویّہ بھی ''علی پور کا ایلی'' کے تحقیقی رویوں میں احتیاط کا رنگ شامل کرتا ہے۔ ''علی پور کا ایلی'' کے تیسرے ایڈیشن کا پیش لفظ ۱۹۸۴ء کا تحریر کردہ ہے۔ یعنی متن پر نظر ثانی کا زمانہ بھی اس کے آس پاس کا ہے اور عزت نفس کو کچل دینے

والیاس تعزیری سیاسی فضا میں مفتی جیسے بے دھڑک فنکار کا اس طرح کے تأثرات کو حذف کرنا یا تبدیل کرنا بڑا معنی خیز ہے۔

۱ ''اسے قطعی طور پر علم نہ تھا کہ عید کی نماز میں کیا پڑھا جاتا ہے جنازے کی نماز میں پڑھتے ہوئے تو وہ کئی بار رکوع میں چلا جاتا تھا۔'' (ص ۸۵۶)

۲ ''اسلام کے لیے اس کے دل میں کوئی جذبہ نہ تھا۔'' (ص ۱۱۶۰)

۳ ''آیا رام دین سا مسلمان تھا یا محمد علی جناح سا'' (ص ۱۱۶۴)

افراد اور مذہب کے علاوہ خاص علاقائی پسِ منظر کے مزاج کے متعلق عمومی بے لاگ مگر دلآزاری کا سبب بننے والی آراء کو بھی حذف کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر لاہور سے متعلق اس طرح کے تبصروں کو قلم زد کر دیا ہے۔

۱۔ ''پھر وہ شہر جہاں لوگ یوں دیوانہ وار دوڑ رہے تھے جیسے پاگل خانے سے چھوٹ کر آئے ہوں توبہ ہے۔'' (ص ۱۴۶)

۲۔ ''جہاں لوگ اندھوں کی طرح اپنی ہی لاٹھی میں کھوئے رہتے ہیں۔'' (ص ۱۴۹)

ایلی کی سرگزشت بیان کرتے ہوئے جن مالی مصائب کا ذکر ''بدحالی'' (۱۵) کے ذیلی عنوان کے تحت کیا گیا ہے ان سے خود رحمی کی کیفیت ہویدا تھی اور اعلیٰ فن پارے میں اس نوع کے رقت انگیز پہلو اس کی عظمت پر دھبہ بنتے ہیں لیکن دوسری طرف خود رحمی کا شکار کردار کی شخصیت اور نفسی تفہیم میں بھی مدد ملتی ہے۔ آپ بیتی کا اعتراف کرنے کے بعد مفتی نے ان واقعات کو خارج کر دیا ہے۔ ان واقعات کو خارج کرنے سے سوانحی ناول کا جذباتی پہلو تو متوازن رہا ہے لیکن ایلی کی شخصیت اس کی کمزور جہت کا ذکر حذف کرنے سے اس کی مکمل نفسیاتی تفہیم میں رکاوٹ بھی پیدا ہوتی ہے اس کے ساتھ ساتھ مفتی ایلی کے بارے میں وہ جملے اور واقعات بھی تبدیل یا حذف کیے ہیں جو اس کی عزت نفس یا انا پر ضرب لگاتے تھے یا پھر اس کو غیر مہذب ثابت کرتے تھے۔ مثلاً

☆ پہلا ایڈیشن ☆	☆ تیسرا ایڈیشن ☆
کئی ایک دن اس کی شخصیت کے سحر سے محسور رہا (ص ۱۳۳)	کئی ایک دن اکھڑا اکھڑا رہا (ص ۱۱۰)
چھوٹی لڑکیوں میں نہ جانے کیوں وہ بات نہ تھی (ص ۱۳۳)	چھوٹی لڑکیوں میں اسے خود کوئی دلچسپی نہ تھی (ص ۱۱۱)

ہوں تو اب ہم پر کتے ہیں حضور	ہوں تو بات اب یہاں تک آ پہنچی
(ص۴۰۹)	(ص۳۵۳)
بے وقوف وہ غصے میں بھونکنے لگا کیسی بات کہہ دی	لاحول ولاقوۃ وہ غصے میں پھنکارا
(ص۹۹۰)	(ص۸۶۳)

عجز کے پیکر مفتی کا یہ رویہ بھی قابل غور ہے۔

''علی پور کا ایلی'' کی تیسری اور اس کے بعد کی اشاعتوں میں کی گئی بیشتر تبدیلیاں زبان و بیان سے متعلق ہیں قیاس اغلب ہے کہ آدم جی ادبی ایوارڈ کے فیصلے کے وقت اس کتاب کا انعام نہ ملنے کی ایک وجہ اس کی زبان و بیان کا اہل زبان کے محاورہ اور روزمرہ کے عین مطابق نہ ہونا بھی تھا اور اس کی نشاندہی اُردو ادب میں ایک چونکا دینے والی تخلیق کا اضافہ کرنے زعم میں سرشار تخلیق کار کیلئے سانحے سے کم نہ تھی اس لیے یوں محسوس ہوتا ہے کہ اس تنقید کو مفتی نے دل پر لے لیا اور پھر زبان اور بیان کے اعتبار سے اس کا جائزہ اتنی باریک بینی سے لیا کہ کم و بیش اس کے ہر صفحے پر اس حوالے سے کوئی نہ کوئی تبدیلی یا ترمیم ضرور کی گئی ہے کہیں روزمرہ اور محاورہ کو درست کیا گیا ہے گرامر کے قواعد و ضوابط کو نبھانے کو کوشش بھی نظر آتی ہیں اس کے علاوہ اضافی الفاظ یا جملے جو عبارت کے حسن اور ادبیت کو مجروح کرتے تھے حذف کر دیئے ہیں غیر ضروری تشریحی انداز کی بجائے ایمائی انداز سے لب و لہجہ زیادہ افسانوی ہو گیا ہے۔ مثلاً

☆ پہلا ایڈیشن ☆	☆ تیسرا ایڈیشن ☆
ایک یہ راز فاش کرتا کہ بابو سمیع کے لڑکے اعظم بیگ کی بیوی کی کس سے آشنائی ہے۔	ایک یہ راز فاش کرتا ہے بابو سمیع کے لڑکے اعظم بیگ کی بیوی کی آنکھیں اتنی متکلم کیوں ہیں؟
(ص۲۳)	(ص۲۲)
وہ ایلی کی طرف دیکھ کر اسی خوابیدہ انداز سے کہتا	وہ ایلی کی طرف دیکھ کر اسی محروم انداز سے کہتا
(ص۱۳۲)	(ص۱۱۰)

ہم تو صائب الزہین ہیں (۷۹۲)	ہم تو دانش ور ہیں (ص ۶۷۷)
اپنے آپ سے بھی دھوکا کر رہے ہیں (ص ۹۶۷)	خود کو دھوکہ دے رہے ہیں (ص ۸۴۱)

اس طرح لہجے اور زبان کو اکثر مقامات پر درست کرنے کی کوشش نظر آتی ہے اگرچہ ایسا ہر جگہ نہیں ہے لیکن تخلیق کار کے کانشس (Concsious) ہونے کی شہادت ضرور ملتی ہے۔

☆ پہلا ایڈیشن ☆	☆ تیسرا ایڈیشن ☆
عمر بھر کسی کی خدمت گذاری میں صرف کر سکتی تھی۔ (ص ۶۴)	عمر بھر کسی کی خدمت گذاری میں بسر کر سکتی تھی (ص ۵۶)
کتنا بڑا جوان تھا (۸۱)	کتنا بھرپور جوان تھا (ص ۶۸)
کس قدر جوان تھا (ص ۹۳)	کتنا بھرپور جوان تھا (ص ۷۸)
ایلی نے جھرجھری محسوس کی (ص ۱۰۴)	ایلی نے جھرجھری لی (ص ۸۷)
کوشش میں مشغول ہو جاتا (ص ۱۱۶)	کوشش میں لگ جاتا (ص ۹۸)
ایلی کو یقین نہ پڑتا (ص ۲۳۹)	ایلی کو یقین نہ آتا (ص ۲۰۰)
فرحت غصے سے بھر گئی (ص ۹۹۶)	فرحت غصے سے لال ہوگئی (ص ۸۶۷)

یہ تبدیلیاں اِس لحاظ سے تو زبان و بیان کی غلطی میں شمار نہیں کی جانی چاہیے کہ فکشن میں زبان کا اٹوٹ تعلق اس کے Locale سے بھی ہوتا ہے جو جواقعات کا مکانی دائرہ تشکیل دیتا ہے اور کردار اس پس منظر سے اپنا رشتہ استوار اور برقرار رکھتے ہوئے اپنے جذبات واحساسات یا خیالات کا اظہار کرتے ہیں اگر اس مکانی پس منظر یا سیاق وسباق سے ہٹ کر کرداروں کی زبان کو فصیح و تبلیغ بنانے کی کوشش کی جائے تو لب و لہجے کا غیر فطری پن واقعیت کو مجروح کرتا ہے مفتی نے کرداروں کی زبان کی نسبت کیفیات و واقعات کے بیانات (Narration) میں زیادہ تبدیلیاں کی ہیں جن کا تعلق خاص طور پر تخلیق کار کے اندازِ بیان اور قدرت زبان سے تھا۔

اسی لیے عبارت کے حسن، جامعیت روانی اور بے ساختگی کو دوچند کرنے کیلئے بیشتر مقامات پر ضمائر حذف کر

دیئے ہیں۔ ''وہ''، ''اس کا''، ''اسے'' وغیرہ کی تکرار کو ختم کرنے سے ایک طرف تو پیرایہ بیان کی پختگی میں اضافہ ہوا ہے دوسری طرف واقعات کے سیاق وسباق میں طے شدہ باتوں کی وضاحت کا بھدا پن بھی دور ہوگیا اس حسن و پختگی کو برقرار رکھنے کیلئے بیان میں زمانے کی اکائی کی طرف بھی توجہ کی ہے جس سے عبارت اور معنوی اور صوری میں تسلسل پیدا ہوگیا ہے۔ مثلاً

☆ پہلا ایڈیشن ☆	☆ تیسرا ایڈیشن ☆
سرسبز درخت جھولنے لگے خاکستر نیلے لڑھکنے لگے سڑک بھورے فیتے کی طرح چل رہی تھی۔	سرسبز درخت جھوم رہے تھے خاکستری ٹیلے لڑھک رہے تھے سڑک بھورے فیتے کی طرح چل رہی تھی۔
(ص ۱۴۳)	(ص ۱۱٦)

بے معنی اُکا دینے والی جذباتیت اور رومانویت کے مظہر لایعنی جملوں میں ترمیم کر کے زبان کو عام زندگی کی حقیقت پسندانہ فضا سے ہم آہنگ کر دیا ہے اور لب و لہجے کی افسانویت پر بھی اثر نہیں پڑا۔

☆ پہلا ایڈیشن ☆	☆ تیسرا ایڈیشن ☆
چھت کو تکا کرتی	چھت کی طرف دیکھتی تھی
(ص ٦۲)	(ص ۵۴)
نو واردہ کمرے اور باورچی خانے کے درمیان کھو جاتی۔	نوارہ کمرے اوقر باورچی خانے کے درمیان لٹک جاتی
(ص ۸۳)	(ص ۷۰)
وہ خلا کو ارمان بھری نگاہوں سے گھورتا رہتا۔	وہ خلا میں حسرت بھری نگاہوں سے گھورتا رہتا۔
(ص ۱۲۸)	(ص ۱۰۷)

اس وقت اس میں ایک ایسی قسم کی زندگی کروٹ لیتی	اس وقت اس کی کیفیت یوں ہوتی
(ص۷۹۰)	(ص۶۷۶)

زبان اور بیان سے متعلق ان تمام ترامیم کے باعث ناول کے لسانی ڈھانچہ اور صوری ساخت یادہ دل کش اور جاذب نظر ہوگئی ہے۔

''علی پور کا ایلی'' میں تیسری نوعیت کی تبدیلیاں فنی طریق کار سے متعلق ہیں اور یہ زیادہ تر ناول کے پلاٹ کی خارجی صورت میں نظر آتی ہیں۔ مثلاً ابواب کی تعداد از سر نو متعین کی گئی ہے پہلے اور دوسرے ایڈیشن میں یہ تعداد ۱۷ ہے لیکن تیسرے اور اس کے بعد کے ایڈیشنوں میں ان کو ۱۹ کر دیا گیا تعداد کی یہ تدیلی متنی اضافے کی بدولت نہیں بلکہ ابواب کی تقسیم میں تبدیلی کے باعث ہے۔

مثلاً تین ابواب (باب نمبر ۵، ۶، ۷) کے متن کو ۵ ابواب میں (باب نمبر ۵، ۶، ۷، ۸، ۹) میں منقسم کر دیا۔ یوں مذکورہ بالا ابواب کی طوالت کو کم کر کے زیادہ جامع بنانے کی سعی نظر آتی ہے اس کے علاوہ مختلف ابواب کے عنوانات بھی تبدیل کر دیئے ہیں مثال کے طور پر باب نمبر ۱ کا عنوان گرد و پیش کی بجائے علی پور کا ایلی۔ باب نمبر ۳ کا عنوان شباب کی بجائے بیداریاں باب نمبر ۴ کا جوانی و ویرانی کی بجائے شہزاد باب نمبر ۵ کا گوگل کے بن بجائے سانوری کر دیا ہے اسی طرح باب نمبر ۶، ۷، ۱۰، ۱۱، ۱۲ اور ۱۷ کے عنوانات بھی تبدیل کر دیئے۔ عنوانات کی یہ تبدیلی رومانیت سے حقیقت کی طرف ایک جست دکھائی دیتی ہے۔

اس کے علاوہ ہر باب میں ذیلی عنوانات قائم کر کے واقعات اور کرداروں کی پیش رفت دکھائی ئی ہے۔ ان ذیلی عنوانات کو یا تو تبدیل کر دیا گیا ہے یا ان کے مندرجات کی جگہ تبدیل کر کے کسی اور عنوان کے تحت کر دیا ہے۔ بعض عنوانات کو مکمل طور پر حذف کر دیا گیا ہے کیونکہ بعض حصے نا شائستہ ہی نہیں بلکہ غیر ضروری بھی محسوس ہوتے تھے اور ایلی کی زندگی میں کوئی نمایاں تبدیلی لانے یا اثر ڈالنے کا موجب نہیں بنے۔ مثلاً باب نمبر ۷ کا ذیلی عنوان ''ریت میں ناؤ'' ۔۔۔۔۔ اس طرح کے واقعات ناول کی ضخامت میں تو اضافہ کرتے ہیں لیکن اس کے حسن و معنی میں نہیں اس لیے ایسے واقعات کو خارج کرنے سے ناول کے لاٹ کی خارجی یا باطنی ساخت میں کوئی فرق نہیں پڑا۔

پلاٹ کی تراش خراش سے متعلق یہ تبدیلیاں چونکہ بڑی دیدہ ریزی کے ساتھ جائزہ لینے کے بعد کی گئی ہیں اس لیے فنی تعمیر و تشکیل کے حوالے سے یہ تبدیلیاں زیادہ معنی خیز اور جامع ہیں۔

لیکن یہ امر دلچسپی سے خالی نہیں کہ جن داخلی تفصیلات کونظر ثانی کی ضرورت تھی ان کی طرف توجہ نہیں کی گئی آپ بیتی کوسوانحی ناول کے فریم میں بیان کرنے کی وجہ سے اصل کرداروں پر فرضیت کا پردہ ڈالا لیکن مختلف مواقع پر ایک ہی کردار کے مختلف نام لکھے اس سے جو کنفیوژن پیدا ہوتا ہے اس کو دور کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ مثال کے طور پر پھوپھی زاد بہن رابعہ کے بیٹے کا نام پہلے ساحر اور بعد میں عماد بتایا ہے۔ اس طرح خالہ زاد بہن کلثوم کا نام آغاز میں زبیدہ بیان کیا گیا ہے۔ ساجو اور راجو کی ماں کا نام پہلے لطیفن لکھا بعد میں رحیمن۔

اسی طرح بیان کی روانی میں بعض کرداروں کے اصل نام بھی لکھ دیئے مثلاً پھوپھا فیروز کا نام ظہور اس کے علاوہ بعض غلط العام الفاظ کی تصحیح سوائے ایک دو مقام کے کہیں اور نہیں کی گئی۔ مثلاً طوائف کا ذکر اس ناول میں بے شمار مقامات پر ہے لیکن ہر جگہ طائفہ ہی لکھا ہے صرف ایک دو جگہوں پر اس کو درست املاء میں لکھا ہے واقعاتی تکرار پر بھی توجہ نہیں دی گئی۔

ایک اور دلچسپ بات یہ ہے کہ پہلے (دوسرے) ایڈیشن پر نظر ثانی بے حد باریک بینی سے کی گئی اور کم و بیش تمام امکانی دراڑوں کو بھرنے کی کوشش کی گئی لیکن تیسرے ایڈیشن کی اشاعت کے بعد اس پر نظر ثانی ہر گز نہیں کی گئی اس لیے کتابت (کمپوزنگ) کی بے شمار غلطیاں اس میں موجود ہیں اور یہ تعداد میں اتنی زیادہ ہیں کہ ان کی بھی ایک طویل فہرست مرتب کی جاسکتی ہے۔ ان کی نوعیت کچھ اس طرح کی ہے کہ بے شمار مقامات پر پورا پورا جملہ شائع ہونے سے رہ گیا ہے جس سے عبارت میں خلا پیدا ہو گیا ہے اور اس خلا کے باعث لایعنیت اور ابہام۔۔۔۔ یعنی الفاظ کی کتابت (کمپوزنگ) کی غلطی کے باعث پوری عبارت کا تاثر خراب ہو جاتا ہے یہ غلطی بعض عنوانات میں بڑی نمایاں ہے مثلاً آخری باب کے ذیلی عنوان میں ''مشلمان'' کو ''مشملات'' (۱۶) لکھا گیا ہے اور افسوسناک امر یہ ہے کہ بعد کے تمام ایڈیشنز میں تیسرے ایڈیشن کی ان تمام غلطیوں کو جوں کا توں برقرار رکھا گیا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ ''علی پور کا ایلی'' کو ایک اور طویل دہدہ ریز نظر ثانی کی ضرورت ہے۔

حوالہ جات

۱۔ جاوید چودھری، ’’سیدھی لکیر ٹیڑھی لکیر‘‘، مشمولہ اُردو ادب کا مفتی، مرتبہ محمد صدیق راعی، ص ۷۹، مطبوعہ ولی سنز اینڈ کمپنی لاہور، طبع اوّل، ۱۹۹۸ء

۲۔ ممتاز مفتی پیش لفظ ’’علی پور کا ایلی‘‘، مطبوعہ داستان گو مال روڈ لاہور، طبع اوّل، ۱۹۶۱ء

۳۔ ایضاً

۴۔ ایضاً ایضاً مکتبہ میری لائبریری لاہور، طبع دوم، ۱۹۶۹ء

۵۔ ایضاً ایضاً مکتبہ میری لائبریری لاہور، بع دوم، ۱۹۶۹ء

۶۔ ایضاً ’’باتیں ملاقاتیں‘‘، انٹرویوز انتظار حسین، روزنامہ ’’مشرق‘‘ لاہور، ۱۷/ اکتوبر ۱۹۷۶ء

۷۔ ایضاً پیش لفظ ’’علی پور کا ایلی‘‘، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور، طبع سوم، ۱۹۹۱ء

۸۔ ایضاً کتاب کی بات ’’الکھ نگری) ص ۱۱، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور، ۱۹۹۲ء

۹۔ ایضاً ’’الکھ نگری‘‘، ص ۱۷۲

۱۰۔ ایضاً پیش لفظ ’’علی پور کا ایلی‘‘، مطبوعہ الفیصل لاہور، طبع پنجم، ۱۹۹۵ء

۱۱۔ ایضاً ’’الکھ نگری‘‘، ص ۷۰۶

۱۲۔ ایضاً ایضاً ص ۷۰۷

۱۳۔ ایضاً ’’علی پور کا ایلی‘‘، ص ۲۵

۱۴۔ ایضاً ’’پیش لفظ ’’علی پور کا ایلی‘‘، طبع دوم،

۱۵۔ ایضاً ’’علی پور کا ایلی‘‘، ص ۷۰۳ تا ۷۰۵

۱۶۔ ایضاً ایضاً ص ۱۰۴۱

اردو ناول میں انسانی حقوق اور طبقاتی کشمکش کا شعور

ڈاکٹر صلاح الدین درویش*

Abstract

This research paper deals with the situation of human rights and class conflicts as shown in the tradition of Urdu Novel. The first part of the paper presents theoretical discussion on human rights. In the second part the works of the novelists like Nazir Ahmed, Hadi Ruswa, Prem Chand, Krishan Chander, Qurat-ul-ain Hyder, Anees Nagi, Intzar Hussain, Abdullah Hussain and Tarar have been analyzed in the light of their deep concern with the human rights and class conflict. The paper ends with the conclusion that these writers have been successful in their attempt to discuss these issues in their works.

انسانی حقوق سے مراد حقوق کا وہ مجموعہ ہے کہ جس کے تحت کسی بھی ریاست کی انتظامیہ اور مقنّنہ کو اپنی من مانی کرنے سے روکا جاتا ہے۔ کسی بھی ریاست کی انتظامیہ اور مقنّنہ کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ انسانی حقوق سے ماورا ہو کر انسانی تہذیب اور تمدن میں ناانصافی اور ظلم کو روا رکھے۔ عدلیہ کا یہ فرض تسلیم کیا جاتا ہے کہ انسانی عزت و وقار کے ضامن انسانی حقوق کے اس مجموعے کے پیشِ نظر انسانی اور شہری آزادیوں کے شفاف تصور کو مسلسل اجاگر کرتی رہے۔ تاکہ شہریوں کو قانونی طور پر تحفظ بھی حاصل ہو اور وہ اپنی تمام تر شہری آزادیوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے بنیادی انسانی حقوق کے پیشِ نظر اپنی شخصیت اور کردار کی نشو ونما کر سکیں۔ رنگ، نسل، زبان، مذہب یا کسی بھی مسلک کی بنیاد پر ان حقوق کی فراہمی میں امتیاز نہیں برتا جا سکتا۔ ریاستی قوانین اور دساتیر ان انسانی حقوق کو تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ حکومتی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ عوام کا بھی یہ فرض سمجھا جاتا ہے کہ وہ ملکی قوانین کا احترام کریں، ریاستی معاملات میں تعاون کا رویہ اختیار کریں اور صحت مند معاشرے کی تکمیل کے لئے اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔

انسانی حقوق کا عالمی تصور طے شدہ ہے۔ اقوام متحدہ کا انسانی حقوق کا چارٹر عالمی انسانی حقوق کے تصور کو اجاگر کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے تمام ممبر ممالک کو اس بات کا پابند بنایا گیا ہے کہ وہ اپنے اپنے معاشروں میں انسانی حقوق کے عالمی چارٹر کی فہرست میں دیئے گئے تمام انسانی حقوق کو ریاستی، آئینی اور قانونی سطح پر تحفظ بھی فراہم کریں گے اور انہیں قابلِ اعتماد بنائیں گے۔ اس چارٹر کی تمہید میں واضح کر دیا گیا ہے کہ ہر انسان کی عزت اور حرمت اور

* استاد شعبۂ اُردو، گورنمنٹ فیڈرل کامرس کالج، H/8، اسلام آباد۔

انسانوں کے مساوی اور نا قابل انتقال حقوق کو تسلیم کرنا دنیا میں آزادی انصاف اور امن کی بنیاد ہے۔انسانی حقوق سے لاپرواہی اوران کی بے حرمتی کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ تمام تر انسانی آزادیاں سلب ہو جائیں گی۔اسی لئے یہ ضروری قرار دیا گیا کہ انسانی حقوق کو قانون کی عملداری کے ذریعے یقینی بنایا جائے۔ورنہ انسان خود ہی مجبور ہوکر جبر اور استبداد کے خلاف بغاوت پر آمادہ ہو جائے گا۔اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اعلان میں ممبر ممالک پر زور دیا گیا ہے کہ:

''انسانی حقوق کا یہ عالمی منشور تمام اقوام کے واسطے حصول مقصد کا مشترک معیار ہوگا تا کہ ہر فرد اور معاشرے کا ہر ادارہ اس منشور کو ہمیشہ پیش نظر رکھتے ہوئے تعلیم و تبلیغ کے ذریعے ان حقوق اور آزادیوں کا احترام پیدا کرے گا اور انہیں قومی اور بین الاقوامی اقدامات کے ذریعے ممبر ملکوں میں اور اُن قوموں میں جو ممبر ملکوں کے ماتحت ہوں' منوانے اور اِن پر عمل کروانے کے لئے بتدریج کوشش کرے گا''۔(1)

انسانی حقوق کے اس عالمی منشور پر عمل درآمد ظاہر ہے کہ تمام ممبر ممالک میں بیک وقت اور ایک ہی جیسا نہیں ہوسکتا۔تاہم ان حقوق کے تحفظ کے لئے کی جانے والی ہر کوشش کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ہر معاشرہ اپنی اقدار' روایات' سیاسی اور معاشی نظام کے حوالے سے اپنے خاص معروضی تقاضے رکھتا ہے اور انہی تقاضوں کے تابع ہی انسانی حقوق کے عالمی منشور پر عمل درآمد ممکن ہے۔غرض عالمی انسانی حقوق کا منشور تمام دنیا کے لئے ایک معتبر ترین دستاویز ہے اور دنیا بھر کے ممالک اور ان کے ریاستی دساتیر میں ان بنیادی انسانی حقوق کو بنیادی اہمیت دی جاتی ہے۔ہر ریاستی آئین میں اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے منشور کو سراہا جاتا ہے اور اِس منشور کی شقوں کو قوانین کا حصّہ بنانے کا خاص اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ۱۹۷۳ء کے دستور کے حصہ دوم میں ''بنیادی حقوق اور حکمت عملی کے اُصول'' کی ذیل میں اس بات کی نشاندہی یوں کی گئی ہے:

''آئین میں حقوق انسانی اور بنیادی آزادی کو تسلیم کیا گیا ہے اور ان حقوق کے احترام اور اسی سلسلے میں باہمی تعاون پر زور دیا گیا ہے اور زبان' نسل اور مذہب کی بنیاد پر کسی کے حقوق سلب نہیں کیے گئے۔آئین نے ان طریقوں اور ذریعوں کو بھی بیان کیا ہے کہ جن کے ذریعے ان حقوق کا عملی نفاذ کیا جا سکتا ہے۔اس غرض سے دستور نے شہریوں کو وہ تمام بنیادی حقوق دیئے ہیں جو اقوام متحدہ کے عالمی انسانیت کے منشور سے منطبق ہیں۔لہٰذا وہ تمام

قوانین جو اِن حقوق سے کسی بھی طرح متصادم ہوں دستور کی رو سے نا جائز ہیں اور انہیں عدالت میں چیلنج کیا جا سکتا ہے''۔(2)

انسانی حقوق کے عالمی منشور میں انفرادی، معاشرتی، معاشی، شہری، سیاسی اور بین الاقوامی انسانی حقوق کا مکمل احاطہ کیا گیا ہے۔اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اعلان میں جن ۳۰ دفعات کا ذکر کیا گیا ہے یہ دفعات انسانی حقوق کی ایک مؤثر فہرست پیش کرتی ہیں۔ان دفعات کی رو سے تمام انسان آزادی، حقوق اور حرمت کے اعتبار سے برابر پیدا ہوتے ہیں۔انہیں ضمیر اور عقل کی دولت حاصل ہے، رنگ، نسل، زبان، جنس، مذہب، سیاسی نظریے، دولت، قومیت یا خاندانی حیثیت کی بنا پر انسانی حقوق کی فراہمی میں امتیاز نہیں کیا جا سکتا، ہر شخص کو اپنی ذات، زندگی اور ذاتی تحفظ کا حق حاصل ہے، غلامی کی ہر شکل کو کالعدم قرار دیا گیا، کسی بھی شخص کو ذلت آمیز سزا نہیں دی جا سکتی، ہر شخص کا یہ حق ہے کہ اس کی قانونی حیثیت کو تسلیم کیا جائے، قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، کسی شخص کو بلاوجہ گرفتار، نظر بند یا جلا وطن نہیں کیا جا سکتا، ہر شخص کی نجی زندگی، خانگی زندگی، گھر بار اور خط و کتابت میں عدم مداخلت کو قانونی تحفظ حاصل ہوگا، ہر شخص کو اندرون ملک اور بیرون ملک نقل و حرکت یا مستقل سکونت کا مکمل حق حاصل ہوگا، ہر شخص کو قومیت کا حق حاصل ہے اور کسی کو اس حق سے محروم نہیں کیا جا سکتا، نسل، قومیت یا مذہب کی بنیاد پر بالغ مردوں اور عورتوں کو شادی بیاہ کے معاملے میں تحفظ حاصل ہے، ہر شخص ملکیت کا حق رکھتا ہے، ہر انسان کو آزادی فکر، آزادی ضمیر اور آزادی مذہب کا پورا حق ہے، اس حق میں مذہب یا عقیدے کو تبدیل کرنے اور اجتماعی یا انفرادی طور پر خاموشی سے یا کھلے بندوں اپنے عقیدے کی تبلیغ، اس پر عمل اور اس کی عبادات اور رسومات پوری کرنے کی آزادی بھی شامل ہے، ہر شخص آزادی رائے کا حق رکھتا ہے اور انجمن سازی کر سکتا ہے، عوامی رائے دہی حکومت کے اقتدار کی بنیاد ہوگی، ہر شخص کو بے روزگاری کے خلاف تحفظ کا حق ہے، ہر شخص کو آرام کرنے اور فرصت کے لمحات خوشگوار طریقے سے گزارنے کا حق رکھتا ہے، ہر شخص کو صحت، تعلیم، مکان، خوراک کی سہولتوں کا حق حاصل ہے، ہر شخص اپنی قومی ثقافتی زندگی میں آزادانہ حصہ لینے، فنون لطیفہ سے مستفید ہونے اور سائنسی، ادبی و فنی کتب کی تصنیف کا حق رکھتا ہے، یہ حقوق اور آزادیاں کسی حالت میں بھی اقوام متحدہ کے مقاصد اور اصولوں کے خلاف عمل میں نہیں لائی جا سکتیں۔اسی طرح معاشی، معاشرتی، سیاسی اور ثقافتی حقوق کو بھی بین الاقوامی میثاق کی تفصیلات میں شامل کر دیا گیا ہے۔

علاقائی و عالمی امن، رواداری، روشن خیال معاشرے کی ترویج، انصاف اور ہر نوع کی شہری آزادیوں کے حوالے سے انسانی حقوق کے عالمی منشور میں جتنی بھی دفعات شامل کی گئی ہیں وہ انسانی عظمت، عزت اور وقار کی

ضامن ہیں۔اس منشور میں انسان کوکلیدی حیثیت حاصل ہے۔اس کا موضوع بلاتفریق رنگ،نسل،مذہب،زبان اور عقیدے کے بنی نوع انسان کی بہتری ہے۔اس منشور کو ہم خالصتاً انسان دوست منشور قرار دے سکتے ہیں جو انسان دوستی کے تمام جملہ تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔

انسان دوستی کی تحریک اورنظریے کا بنیادی موضوع بھی انسانی حقوق ہیں۔یہ انسانی حقوق ہی ہیں کہ جن کے حصول کے باعث انسان معاشرے میں بطور''انسان''اپنا معاشرتی اور کائناتی مقام پا سکتا ہے۔انہی حقوق کے فراہمی کی نتیجے میں انسان اپنے فرائض سے بھی آگاہ ہوتا ہے۔حقوق کی عدم دستیابی کے باعث انسانی فرائض کا تصور بھی فنا ہوجاتا ہے۔انسانی تاریخ کے ارتقاء کے باعث ہراس مہذب معاشرے میں کہ جو خود کو مہذب ہی کہلاتا ہو اس معاشرے سے ہرانسان دوستی کی تحریک یہ توقع رکھتی ہے کہ وہاں انسانی حقوق کو قانونی تحفظ حاصل ہوگا۔اس اصول کے پیش نظر جو بھی معاشرہ جتنے زیادہ انسانی حقوق کی دستیابی کا مظہر ہوگا وہ اسی قدر مہذب اور اعلیٰ انسانی اخلاقیات اقدار اور روایات کا حامل سمجھا جائے گا،اسی طرح جس معاشرے میں انسانی حقوق کی جس قدر پامالی ہوگی وہ معاشرہ بھی اسی قدر غیر مہذب کہلائے گا اور ایسا معاشرہ اعلیٰ انسانی اخلاقیات،اقدار اور روایات سے بھی اسی قدر محروم سمجھا جائے گا۔انسانی حقوق کا تحفظ ہی کرہ ارض پر بسنے والے کروڑوں انسانوں کے خوشگوار،صحت منداور روشن مستقبل کی اُمید ہے۔پس انسان ہی کو انسان کا نجات دھندہ سمجھا جاتا ہے اور یہی اصول انسانی دوستی کے نظریے کو رجائیت کا حامل بنا دیتا ہے۔

عالمی انسان دوست تحریکوں کے روح رواں پال کرٹز نے بھی اپنی کتاب "FORBIDDEN FRUIT: THE ETHICS OF HUMANISM" میں انسان دوستی کے موضوع کے لئے دس بنیادی نوعیت کے انسانی حقوق کا احاطہ کیا ہے۔اُنہوں نے اپنی اس کتاب میں دیگر اکتالیس انسانی حقوق کے مقابلے میں ان دس انسانی حقوق کو نظریہ انسان دوستی کی اساس قرار دیا ہے:

I. Right to life

1. Security and protection of one's person (freedom from fear)
2. Defense form external aggression.
3. Freedom from endangerment by the state.

II. Right to personal liberty

1. Freedom of movement and residence.
2. Freedom from involuntary servitude or slavery.
3. Freedom of thought and conscience.

4. Freedom of speech and expression.
5. Moral freedom
6. Privacy

III. Right to Health Care

IV. Freedom from want

1. Basic economic needs.
2. Right to work.
3. Care for elderty.
4. Right to leisure and relaxation.

V. Economic rights.

1. Right to own property.
2. Public property.
3. Right to organize.
4. Protection from fraud. .

VI. Intellectual and cultural freedom.

1. Free inquiry.
2. Right to learn.
3. Right to cultural enrichment.

VII. Moral equality.

VIII. Equal protection of law.

IX. The right to Democratic participation in Government.

1. Right to vote.
2. Legal right of opposition.
3. Civil liberties
4. Right of assembly and association.
5. Separation of church and state.

X. Right of marriage, family and childern."(3)

انسان دوستی کی عالمی تحریک کے تینوں منشوروں میں انسانی حقوق کو بنیادی اہمیت دی گئی ہے لیکن اس حوالے سے تیسرا منشور ''HUMANIST MANIFESTO 2000'' بہت اہم ہے۔اس کے مندرجات کے ساتویں حصے میں ''A PLANETARY BILL OF RIGHTS AND RESPONSIBILITIES'' کے عنوان سے عالمی سطح پر بعض نئے احداف کو بھی شامل کیا گیا ہے۔اقوام متحدہ کے عالمی انسانی حقوق کے منشور کے نکات کو سراہتے ہوئے انسانی حقوق کے اس نئے بل میں جن دس احداف

کوشامل کیا گیا ہے اِن کے بارے میں وضاحت یہ کی گئی ہے کہ یہ احداف اکیسویں صدی کے عالمی مسائل' تقاضوں اور ترجیحات کا احاطہ کرتے ہیں اور یہ کہ یہ احداف نوع انسانی کا انسانی حقوق کے حصول کا اگلا مرحلہ ہے۔ یہ دس احداف درج ذیل ہیں:

"First we should strive to end poverty and every where and to provide advocate health care and shelter for people energuhere on the planet.

Second, we should strive to provide economic security and advocate income for everyone.

Third, every person should he protected from unwarranted and unnecessary injury, danger and death.

Fourth, individuals should have the right to live in a family unit or household of their choice, consonant with their income, and should home the right to bear or not to bear children.

Fifth, the opportunity for education and cultural enrichment should be universal.

Sixth, individuals should not be discriminated against because of race, ethic origin, nationality, culture, caste, class, creed, gender or sexual orientation.

Seventh, the principles of equality should be respected by civilized communities.

Eighth, it is the right of every person to be able to live a good life pursue happiness, achieve creative satisfaction and leisure in his or her own terms, so long as he or she does not harm others.

Ninth, individuals should have the opportunity to appreciate and participate in the arts-including literature, poetry, drama, sculpture, dance, music and song.

Tenth, individuals should not be unduly restrained,

restricted, or prohibited for exercising a wide range of personal choices." (4)

دنیا بھر کے دساتیر میں بنیادی حقوق کی فراہمی کو سب سے بڑی ریاستی' قانونی اور سماجی ذمہ داری قرار دیا جاتا ہے۔ چنانچہ ان دساتیر میں بنیادی حقوق کو خاص اہتمام کے ساتھ شامل کیا جاتا ہے اور اس بات کی قانونی حیثیت قرار دی جاتی ہے کہ انسانی حقوق کہ جن کا اندراج ان دساتیر میں کیا جاتا ہے اُنہیں نہ صرف یہ کہ قانونی تحفظ حاصل ہے بلکہ ان بنیادی حقوق کے منافی جتنے بھی قوانین ہوں گے کالعدم قرار پائیں گے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے 1973ء کے آئین میں ان بنیادی انسانی حقوق کی ایک فہرست دی گئی ہے۔ اِس آئین کے پہلے ہی باب میں بنیادی انسانی حقوق کو آرٹیکل آٹھ تا ستائیس شامل کر دیا گیا ہے۔ بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ آرٹیکل آٹھ کی پہلی اور دوسری شق میں یوں کیا گیا ہے:

''ا: کوئی قانون' رسم یا رواج جو قانون کا حکم رکھتا ہو' تناقص کی اس حد تک کالعدم ہوگا جس حد تک وہ اس باب میں عطا کردہ حقوق کے منافی ہو۔

۲: مملکت کوئی ایسا قانون وضع نہیں کرے گی جو بایں طور عطا کردہ حقوق کو سلب یا کم کرے اور ہر وہ قانون جو اس شق کی خلاف ورزی میں وضع کیا جائے گا اُس خلاف ورزی کی حد تک کالعدم ہوگا۔'' (5)

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے 1973ء کے آئین میں بھی وہ تمام انسانی حقوق کہ جن کی نوعیت عالمی ہے اور جن کی حیثیت اور مقام کو ساری دنیا میں مسلمہ قرار دیا جاتا ہے ایسے تمام انسانی حقوق کی روح بدرجہ اُتم موجود ہے۔ اس آئین میں فرد کی زندگی اور آزادی کو قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے' ہر شخص کو گرفتاری اور نظر بندی سے تحفظ فراہم کیا گیا ہے' گرفتاری اور نظر بندی کی وجوہ سے آگاہ کیے بغیر کسی بھی فرد کے ساتھ ایسا سلوک نہیں کیا جا سکتا' غلامی اور بیگار کو شرف انسانی کے خلاف قرار دیا گیا ہے' ہر شخص کو چادر اور چار دیواری کا تحفظ فراہم کیا گیا ہے' پاکستان کے ہر شہری کو اندرون ملک آزادانہ نقل و حرکت کی مکمل آزادی حاصل ہے' ہر شخص کو جلسے جلوس اور انجمن سازی کی آزادی حاصل ہے' سرکاری ملازمین بھی کسی سیاسی جماعت میں شامل ہوئے بغیر انجمن سازی کر سکتے ہیں' تمام شہریوں کو یکساں طور پر تجارت' کاروبار یا پیشے کے اختیار کی آزادی حاصل ہے' ہر شہری کو شہری جائیداد کا حق حاصل ہے' پاکستان کے تمام شہری بلا تفریق' رنگ' نسل' مذہب' جنس' زبان قانونی طور پر مساوی حیثیت رکھتے ہیں' اسی طرح

ملازمتوں میں بھی ہر نوع کے امتیاز کے خلاف تحفظ حاصل ہے، ہر شہری اور طبقے کو اپنی زبان، رسم الخط اور ثقافت کو برقرار رکھنے اور اسے فروغ دینے کا حق حاصل ہے۔غرض 1973ء کے آئین میں پاکستان کے معروضی تقاضوں کے پیش نظر اہم ترین انسانی حقوق کا احاطہ کیا گیا ہے۔

ایک آزادانہ جمہوری روایات کے حامل معاشرے ہی میں انسانی حقوق کا شعور پنپتا ہے۔ایک ایسا معاشرہ کہ جہاں ریاستی سطح پر انسانی حقوق کو بالائے طاق رکھ دیا جاتا ہے، وہاں سماجی، نفسیاتی اور ثقافتی سطح پر ایسی اقدار جنم لینے لگتی ہیں کہ جس کے باعث انسانی حقوق کی پامالی، روزمرہ معاملات کا عمومی حصہ بن جاتی ہے۔آمرانہ حکومتوں میں جب شہریوں کے بنیادی انسانی حقوق کو سلب کر لیا جاتا ہے تو ردِعمل کے طور پر معاشرے میں ایسی اخلاقیات جنم لیتی ہیں کہ جو رفتہ رفتہ انسانی عظمت کی حامل اعلیٰ قدروں کو برباد کر کے رکھ دیتی ہیں۔مثال کے طور پر تحریر و تقریر پر پابندی کے باعث مئوثر تنقید کا سائنسی، نظریاتی اور اخلاقی نظام بگاڑ کا شکار ہو جاتا ہے۔گھٹن کا ماحول نفرت، بےزاری، عدم وضاحت اور متشدد انفرادی اور گروہی سوچ کو جنم دیتا ہے۔ایک انسانی سماج میں انسانوں کے مختلف طبقات بطور انسان اپنے آپ کو سیاسی اور سماجی ذمہ داریوں سے آگاہ سمجھتے ہیں، وہ اعلیٰ انسانی اقدار اور اخلاقیات کا شعور بھی رکھتے ہیں۔پس، وہ اپنے لئے اس بات کا مکمل استحقاق بھی رکھتے اور سمجھتے ہیں کہ جس بات، فیصلے، ارادے یا عمل کو انفرادی یا طبقاتی سطح پر درست سمجھتے ہیں وہ اس کا آزادانہ عملی اظہار بھی کریں، وہ اپنے اس انسانی استحقاق کے حوالے سے کسی بھی نوع کا دباؤ نہیں چاہتے۔بھلے اُن کا یہ اظہار کسی حکومت کے لئے ناپسندیدہ ہی کیوں نہ ہو۔انسان اپنی غلطیوں کے ذریعے بھی علم، دانش اور نیکی کے اعلیٰ تصور سے آگاہ ہو سکتا ہے لیکن محض انسان کے گمراہ ہونے کے تصور سے اُس کی اظہار کی تمام تر آزادیوں پر پہرے نہیں بٹھائے جا سکتے۔ولیم او ڈگلس اپنی کتاب ''بنیادی انسانی حقوق کا مسئلہ'' میں آزادیِ اظہار کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

''بے شک ایک تقریر سے خطرناک نتائج بھی برآمد ہو سکتے ہیں اور یہ لوگوں کو تشدد پر بھی اُبھار سکتی ہے لیکن تاریخ اس امر کی شاہد ہے کہ خیالات کو دبائے رکھنا اس سے بھی زیادہ خطرناک ہے''۔(6)

حکومتِ وقت سے بعض معاملات پر اختلاف بھی دراصل انسان کی سماجی ذمہ داری کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ یہی سماجی ذمہ داری آزادیِ اظہار کا دوسرا نام ۔ایک ادیب کی سماجی ذمہ داریوں سے بحث کرتے ہوئے ڈاکٹر جمیل جالبی واضح کرتے ہیں:

''رہا سماجی ذمہ داری کے سلسلہ میں حکومت کا سوال تو یہاں اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ حکومتِ وقت سے اختلاف

کرنا یا اس کا مذاق اڑانا یا اُس سے انحراف کرنا وطن دشمنی نہیں ہے اور نہ غداری۔ یہی وہ چیز ہے جسے ہم اصطلاح میں ''آزادی اظہار'' کا نام دیتے ہیں''۔(7)

انسان دوست فکر کی ترویج میں جمہوریت اور آزادی ہی وہ بنیادی شرائط ہیں کہ جن کے باعث انسانی حقوق کا شعور نشو و نما پاتا ہے۔ آزادی اظہار دراصل وہ بنیادی انسانی حق اور وسیلہ ہے کہ جس کے ذریعے ادب اور فنونِ لطیفہ ترقی کرتے ہیں۔ انسان دوست مفکر کارلس لیمانٹ کے بقول:

"The Humanist stress on complete cultural democracy and freedom of expression means that artists and writers should have the widest latitude in what they produce and say. A free art and a free literature are absolute essentials for a free culture."(8)

انسانی حقوق کے عالمی منشور میں شہری اور سیاسی حقوق کے میثاق کی دفعہ اُنیس میں اس جانب واضح اور دو ٹوک الفاظ میں اشارہ کیا گیا ہے:

''1. ہر شخص کو کسی مداخلت کے بغیر اپنی رائے رکھنے کا حق ہوگا۔

2. ہر شخص کو اظہار خیال کا حق ہوگا۔ ان حقوق میں معلومات اور ہر قسم کے افکار کی جستجو کرنے اور زبانی، تحریری یا مطبوعہ شکل میں یا فنونِ لطیفہ کی صورت میں یا اپنی پسند کے کسی اور وسیلے سے دوسروں تک اپنی رائے پہنچانے کا حق بھی شامل ہے۔''(9)

غرض آزادی اظہار کا حق تمام تر انسانی حقوق کے حصول کا بنیادی سر چشمہ ہے اور ادب آزادی اظہار کے بنیادی انسانی حق کا مئوثر وسیلہ ہے۔

ناول چونکہ انسانی زندگی کا ترجمان ہے اسی لئے اس میں زندگی کے وہ تمام رنگ موجود ہوتے ہیں کہ جن سے زندگی کی حقیقت اور خواب میں رنگ بھرے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر شمع افروز زیدی کے بقول:

''ناول کیا ہے تو اس کا مختصر ترین جواب یہ ہے کہ ناول انسانی زندگی کا بھرپور مطالعہ ہے۔ یہ زندگی کے اہم واقعات کا بیان نہیں بلکہ حقیقت کی ایک سچی تصویر ہے جس میں ناول نگار کے تجربے اور خواب ہم آہنگ ہو کر قوسِ قزح کا منظر پیش کرتے ہیں۔ ناظر جب اس تصویر کو دیکھتا ہے تو کچھ دیر کے لئے اس کے پس منظر میں کھو جاتا ہے۔ پھر کچھ مسائل کبھی تارے، کبھی چاند اور کبھی سورج بن کر اُس کے سامنے اُبھرتے ہیں جن سے زندگی کی سچائی، تلخی، نشاط اور کرب کی کرنیں پھوٹتی نظر آتی ہیں۔ اس طرح ناول زندگی کی تصویر ہی نہیں اس کی ہمہ رنگ تفسیر بھی ہے''۔(10)

ایک اچھے ناول کی خوبی یہی ہوتی ہے کہ اس میں زندگی کی سچائیوں ہی کو نہ پیش کیا جائے بلکہ ان سچائیوں کا شعور بھی فراہم کرے۔صداقت کا شعور ناول میں جہاں معنی پیدا کرتا ہے۔انسانی زندگی کی مسرتیں جہاں انسان کو زندگی کی تلخیوں میں جینے کا حوصلہ بخشتی ہیں وہاں انسانی زندگی کی بے قدری' حقوق کی پامالی' مقہوری اور مجبوری انسانی شخصیت' کردار' آدرشوں اور شعور کو بھی متاثر کرتی ہے۔ایک ناول نگار جب انسانی زندگی کو موضوع بناتا ہے تو وہ کائنات اور معاشرے میں انسانی عظمت اور اُس کے وقار کا احیاء چاہتا ہے۔وہ فرسودگی' شکست' زوال اور انسانی بے توقیری کی چٹان میں دراڑ ڈالتا ہے۔ڈاکٹر ممتاز احمد خان اپنے مضمون ''ناول کی عظمت اور ضرورت'' میں اس خوبی سے متعلق لکھتے ہیں:

''ایک اچھا اور بڑا ناول کچھ سوچنے پر مجبور کرتا ہے بشرطیکہ قاری ادب کا عاشق ہو اور یہ سمجھتا رہے کہ ادب ہماری تہذیبی ضرورت ہے۔بیسویں صدی کو ہم پرآشوب قرار دے سکتے ہیں۔ایک طرف زبردست ایجادات تو دوسری جانب جنگ وجدل و معاشی وسماجی بحرانوں کے ادوار۔۔۔۔زندگی کے ان پُرآشوب مراحل میں ناول اپنی مخصوص صورتحال کو سمجھنے اور ان حقائق سے نبردآزما ہونے کے لیے تیار کرتا ہے جو اکثر ہماری سوچ سے دور رہتے ہیں۔ہم میں سے اکثر لوگ فرسودہ نظریات اور شدید طور سے نقصان دہ روایات اور رسومات کی جکڑ بندیوں میں گرفتار رہتے ہیں اور اپنی اپنی انفرادی زندگیوں کو جہنم بنالیتے ہیں اور سُرنگ کے دوسری طرف روشنی کو نہیں دیکھ پاتے۔ناول ہمیں روشنی دکھا سکتا ہے''۔(11)

اردو ناول کی تاریخ اگرچہ اتنی پرانی نہیں ہے۔تاہم اس میں اُس روشنی کا سراغ ضرور ملتا ہے کہ جس کی طرف ڈاکٹر ممتاز احمد خان نے اشارہ کیا ہے۔اُردو ناول برصغیر پاک وہند کی تاریخ میں رونما ہونے والے المیوں' حالات وواقعات' سیاسی' سماجی اور معاشی ابتری' انسان کی بے توقیری وبے بسی کے سامنے خاموش تماشائی بن کر نہیں رہا اور نہ ہی کبھی انسانی عظمت اور وقار کو ناول کے موضوعاتی اعتبار سے ثانوی حیثیت دی ہے۔جنگ' نفرت اور تعصب کی ہوا میں جب بھی کبھی انسانی حقوق کی پامالی کے شعلے بھڑکے اُردو ناول نے آگے بڑھ کر نا صرف اِس پر احتجاج کیا بلکہ انسانی حقوق کی اہمیت اور شعور کو اُجاگر کرنے میں اپنا موثر کردار ادا کیا۔

اُردو ناول نگاری کا آغاز 1857ء کے حالات کے ساتھ ہی ہو جاتا ہے۔ہندوستان کے مسلمان مغلیہ اقتدار کے خاتمے کے ساتھ ہی احساس شکست کے باعث مایوس اور دل گرفتہ ہو چکے تھے۔اُدھر انگریز حکمران مسلمانوں ہی کو 1857ء کے حالات کا ذمہ دار سمجھ رہے تھے۔اِس صورت حال میں سرسید احمد خان نے قوم کو مایوسی

سے نکالنے اور انگریزوں اور مسلمانوں کے درمیان پائی جانے والی بدگمانیوں کے خاتمے کے لئے علم بلند کیا۔ اس دوئی اور بدگمانی کے خاتمے کے لیے سرسید احمد خان نے جدید مغربی علوم کی تحصیل کو پُل بنایا اور اپنے قول اور عمل کے ذریعے مسلمانانِ ہند کو یہ باور کرایا کہ جدید علوم کے حصول کے ذریعے ہی وہ مہذب اقوام کی صف میں شامل ہو سکتے ہیں۔ مسلمانوں کی ایک کثیر تعداد ایسی بھی تھی کہ جو ان علوم کی تحصیل کے خلاف تھی۔ انگریزی تعلیم کے ساتھ ساتھ وہ سرکاری ملازمتوں کو بھی ناجائز خیال کرتے تھے۔ سرسید نے ان مخصوص حالات میں گویا اجتہاد کا کام کیا۔ علی عباس حسینی کے بقول:

''ایک جانب تو حاکموں نے سارے فساد کا ذمہ دار مسلمانوں کو سمجھا' دوسری طرف شریعتِ اسلامی کے خود ساختہ حاملوں کا یہ فتویٰ باقی رہا کہ انگریزی تعلیم ناجائز ہے اور ملازمت سرکاری حرام۔ خدا بھلا کرے سرسید اور اُن کے ساتھیوں کا کہ اُنہوں نے قومی خطرے کی صحیح نباضی کی۔ اِدھر ان ملّایانِ مسجدی سے جہاد بالقلم جاری کیا اُدھر ارا کین سلطنت کے دلوں سے کدورت دھونے کی کوشش کی''۔(12)

تعلیم انسانی حقوق کی فہرست میں ممتاز ترین انسانی حق ہے اور ہر نوع کی سیاسی' سماجی' معاشی اور مذہبی تعلیم کی تحصیل کو بلاتفریق رنگ' نسل' مذہب اور عقائد کے سب انسانوں کے لئے یکساں مفید اور ضروری قرار دیا گیا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ مسلمان عہد زوال میں جنم لینے والے مخصوص حالات و واقعات کے باعث تعلیم اور خصوصاً علم جدید کی تحصیل میں پیچھے رہ گئے۔ سرسید نے سب سے پہلے اِس مسئلے کی نشاندہی کی اور جدید علوم کے حصول کے لئے مسلمانوں کے آئندہ مستقبل کی پیش بینی کرتے ہوئے اِس سلسلے میں عملی اقدامات بھی اُٹھانا شروع کر دیے۔ ڈاکٹر سلیم اختر کے بقول:

''سرسید اور اُن کے رفقائے کار کی جہد مسلسل سے تعلیمی' سماجی اور ادبی مورچے تسخیر ہوئے اور اِن پر افکارِ نو کے پرچم لہرا دیے گئے۔ اُنہوں نے بدلے ہوئے حالات کا حل جدید تعلیم میں تلاش کیا۔ چنانچہ تعلیم کو قومی امنگوں کا آئینہ دار بنانے کے لئے اُنہوں نے شدید مخالفتوں کے باوجود علی گڑھ میں جس درسگاہ کی بنیاد رکھی وہ ہندوستان میں ایک نیا تعلیمی تجربہ ثابت ہوئی اور بعد ازاں یونیورسٹی کے روپ میں پاکستان کی تحریک کے لئے سرگرم کارکن مہیا کرنے کا باعث بنی''۔(13)

سرسید کی اس تعلیمی تحریک کے ایک حامی نذیر احمد نے عورتوں کی تعلیم کی غرض سے اسی عہد میں دو قصّے تحریر کیے۔ یہ دونوں قصّے اُردو ناول نگاری کی تاریخ میں ناول نگاری کے اولین نمونے ہیں۔ ہندوستان میں مسلمان

مردوں کی تعلیم کے لئے پھر بھی کسی نہ کسی حد تک تعلیمی ادارے موجود تھے تاہم عورتوں کی تعلیم کا رواج نہ ہونے کے برابر تھا۔عورتوں کے اس بنیادی انسانی حق کے احساس کو نذیر احمد نے اپنے ان ناولوں میں اجاگر کیا۔خود سرسید بھی عورتوں کی تعلیم کے زیادہ حق میں نہ تھے لیکن انہی کے ایک ہمدرد نذیر احمد نے عورتوں کی تعلیم کی طرف توجہ دینے کی ضرورت کو بھی پیش نظر رکھا۔ چنانچہ امورِ خانہ داری کی تعلیم کے لئے ''مراۃ العروس'' واقفیت عامہ کی غرض نے ''بنات النعش'' اور خدا پرستی کا شعور پیدا کرنے کے لئے ''توبۃ النصوح'' تحریر کیا۔اسی طرح ''ابن اوقت'' میں یورپ کی ترقی کا راز جدید علوم کی تعلیم کو قرار دیا۔

نذیر احمد کے ناول ''بنات النعش'': کی اصغری علم اور عمل دونوں کی منہ بولتی تصویر ہے۔وہ اپنے حسن عمل کے ذریعے تمام سسرال کے دل جیت لیتی ہے اور گھر کی تمام عورتوں کو تعلیم کے فوائد سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ ایک مکتب کا بھی آغاز کرتی ہے۔جس میں امیر' غریب' بدوضع اور خوش شکل ہر نوع کی لڑکیاں پڑھتی ہیں۔ ہر انسان کو بغیر کسی امتیاز کے پورے عزت و احترام کے ساتھ جینے کا حق حاصل ہے۔اس ناول کے مرکزی خیال میں اس بات کا بھی خاص خیال رکھا گیا ہے۔اس ناول کی ''حسن آراء'' چونکہ بالائی طبقے سے تعلق رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ وہ اس بات کو پسند نہیں کرتی کہ شرفاء اور غریبوں کی بیٹیاں ایک ہی چھت تلے پڑھیں۔اصغری کی نند محمودہ اُسے سمجھاتی ہے کہ جولاہے' موچی' سنار' بڑھئی لوہار وغیرہ سب ایک دوسرے کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں پس معاشرے کے سب افراد ایک دوسرے کے محتاج ہیں کہتی ہے:

''مگر جوتی والا (موچی) حقیقت میں روپیہ کا محتاج نہیں بلکہ وہ اس چیز کا محتاج ہے جس کے بدلے جوتی کی قیمت خرچ کرے گا۔غرض کہ روپے والا زیادہ محتاج ہے اور اگر زیادہ نہیں تو جوتی والے کے برابر سہی پھر گھمنڈ کس بات کا''۔(14)

اسی ناول میں ایک دیہاتی عورت خیر النساء کا کردار بھی بڑا اہم ہے جو سادگی' محنت ومشقت' سچائی' دیانت اور معصومیت کے اوصاف کی بیک وقت حامل ہے۔اِس کردار کے ذریعے نذیر احمد نے شہری شرفاء کی نمود ونمائش اور چھچھورے پن کا مذاق اُڑایا ہے کہ ان کی عورتوں میں کوئی ہنر نہیں ہوتا جو غریبوں اور محتاجوں کو گھر کی چوکھٹ سے گالیاں اور دھکے دے کر نکالتی ہیں خود کو بڑا سمجھتی ہیں کہ اُن کے پاس دولت ہے جب کہ باقیوں کو حقیر خیال کرتی ہیں۔خیر النساء کے ذریعے ذات پات کی تقسیم کے خلاف نذیر احمد نے خوب کام لیا ہے۔خیر النساء کہتی ہے کہ دیہات میں شکل وصورت دیکھی جاتی ہے نہ ذات برادری نہ پیشہ جواباً اصغری کہتی ہے:

''آدمی آدمی سب برابر' فخر کی بات اگر ہے تو ہُنر ہے''۔(15)

نذیر احمد کے ناول ''ابن الوقت'' کا ھیرو حجتہ الاسلام نہیں ہے بلکہ ابن الوقت ہے۔ ناول کا یہ نام نذیر احمد نے سوچ سمجھ کر ہی رکھا ہوگا۔ چنانچہ اس کردار کی نشونما پر نذیر احمد نے زیادہ توجہ دی ہے۔ اس ناول کا ابن الوقت اس بات سے بخوبی آگاہ ہے کہ ولایت میں حاکم اور محکوم کے درمیان کوئی فرق نہیں۔ اُس کا خیال ہے کہ سول سروس کے امتحانات کے باعث انگریزوں اور ہندوستانیوں میں بھی صلاحیت اور اھلیت کے اس معیار کے باعث کوئی فرق نہ رہے گا۔ حجتہ الاسلام طبقاتی اونچ نیچ کو مقدر کا لکھا قرار دیتا ہے جب کہ ابن الوقت کے نزدیک یہ سوچ جہالت پر مبنی ہے وہ تمام انسانوں میں اھلیت کی بنیاد پر برابری کا دعویدار ہے۔ اُس کے بقول:

''اگر دنیا میں اونچ نیچ خوشی اور رنج یعنی اختلاف حالات امر تقدیر ہی ہے تو خدا کو دانشمند اور منصف اور رحیم ماننا مشکل ہے''۔(16)

ابن الوقت انگریزوں کی علمی اور تہذیبی پیروی کو بھی فرد کے آزادانہ انتخاب کا بنیادی حق سمجھتا ہے۔ اسی طرح وہ مذہب کی بنیاد پر ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان پائی جانے والی وحشت اور تشدد کے بھی خلاف ہے اور انگریز حکام کو مشورہ دیتا ہے کہ وہ دونوں مذاہب کے مذہبی مقامات کا احترام کریں تا کہ کسی بھی مذہب کے ماننے والوں کی دل آزاری نہ ہو۔

غرض نذیر احمد نے اپنے ناولوں میں چند بنیادی نوعیت کے انسانی حقوق کی اہمیت کی ترجمانی کی ہے اور یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ تہذیبی وتمدنی ارتقاء میں عورتوں کو تعلیم کا حق' ذات پات' امارت' غربت سے ماورا ہر انسان کو مساوی عزت و احترام کا حق' ایک دوسرے کے مذہبی اعتقادات کا احترام اور دولت اور اثر ورسوخ کی بجائے صلاحیت' ہنر اور اہلیت کی بنیاد پر انسانوں میں مساوات کا حق' ایسے انسانی حقوق ہیں کہ جن کی پامالی کے باعث معاشرہ افراط وتفریط' بدحالی اور زوال کا شکار ہو جاتا ہے۔ ان انسانی حقوق کی نشاندہی نذیر احمد نے اپنے ناولوں میں جس انداز پر کی ہے وہ بذات خود نذیر احمد کی ''آزادی اظہار'' کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ان موضوعات پر آزادی کے بعد لکھے جانے والے ناولوں میں بھی اتنی آزادی کے ساتھ طبع آزمائی نہ ہو سکی۔

ہر نوع کی سائنسی' سماجی اور فنی معلومات تک رسائی' اُسے دوسروں تک پہنچانے اور معاشرتی ترقی کے لیے ان مفید معلومات سے آگاہی ہر انسان کا حق ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ نذیر احمد کے بعد راشد الخیری نے اپنے دو ناولوں ''صبح زندگی'' اور ''شام زندگی'' میں ایسی مفید معلومات کو تمام لوگوں خصوصاً عورتوں تک پہنچانے کے لئے ناول

کوذریعہ بنایا تا کہ معاشرے میں جہالت، تنگ نظری، عدم مساوات اور غلط رسوم ورواج کا خاتمہ ہو سکے۔ معاشرے کے تمام افراد خصوصاً عورتیں اپنے حقوق وفرائض سے آگاہ ہو سکیں۔ ٹونے ٹوٹکوں اور گنڈے تعویز جیسی خرافات کے حامل معاشرے میں تعلیم نسواں کی حمایت کرنا اور جدید سائنسی معلومات سے آگاہ کرنا اس عہد میں معمولی بات نہ تھی۔ سائنسی شعور کی فراہمی میں ایسی معلومات یقیناً اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر راشد الخیری کے ناول ''شامِ زندگی'' کی نسیمہ جو گھرداری کے معاملات میں بھی طاق ہے اپنی نندوں کو سمجھاتی ہے:

''زمین سمیت گیارہ ستارے ہیں جو آفتاب کے گرد گھوما کرتے ہیں۔ زمین ایک گھنٹہ میں اٹھاون ہزار میل کے قریب چکر کر جاتی ہے۔ تحقیقات سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ستاروں میں دنیا بسی ہوئی ہے۔ پہاڑ وہاں، بادل وہاں، برف وہاں، ہوا وہاں۔ یہ بھی سن لو کہ جب سورج اور چاند کے بیچ میں زمین گھومتی ہے تو ''چاند گرہن'' ہوتا ہے اور جب سورج اور زمین میں چاند آپڑے تو ''سورج گرہن'' ہو جائے گا''۔(17)

اِسی نوع کی دیگر معلومات کی ترسیل کے ذریعے راشد الخیری نے بھوت پریت کے کرشمات کی بجائے سائنسی علوم میں دلچسپی کے باعث نظامِ کائنات کے صحیح ادراک کا راستہ ہموار کیا۔ اور' معلومات کی فراہمی کے اِس بنیادی حق کو پہنچانے کا ذریعہ ناول کو بنایا۔ نذیر احمد اور راشد الخیری کی اپنی نوعیت کی یہ کاوشیں انسانی حقوق کے شعور کو اجاگر کرنے میں اپنی مثال آپ ہیں۔

کسی کو اغوا کرنا، اپنی پسند کا پیشہ اختیار کرنے پر کسی کو مجبور کرنا اور اس سے اس کی پسند یا مرضی کے مطابق آزاد زندگی گزارنے کے حق سے محروم رکھنا، انسانی حقوق کی پامالی کے زمرے میں آتا ہے۔ مرزا ھادی رسوا کے ناول ''امراؤ جان ادا'' کی امیرن، جسے بعد میں امراؤ بیگم کا نام دیا جاتا ہے، بھی ایک ایسی بچی تھی جو ابھی گڑیوں سے کھیلا کرتی تھی لیکن دلاور خان اسے اغوا کر کے ایک ڈیرہ دار طوائف کے کوٹھے پر پہنچا دیتا ہے۔ اس کی زندگی میں آنے والی تمام تلخیوں کا سبب طوائف ہونا ہے۔ اسے زوال پذیر لکھنوی معاشرت میں ایک مقام تو مل جاتا ہے لیکن عزت، احترام اور انسانی مساوات سے محروم رہتی ہے۔ یہاں تک کہ اس کا سگا بھائی بھی قبول کرنے پر آمادہ نہیں ہوتا۔ فیض آباد کے جس محلے میں اسے مجرے کے لئے بلایا جاتا ہے وہ امراؤ کا محلّہ تھا، اسے بچپن کی تمام نشانیاں یاد آجاتی ہیں، گھر پہنچتی ہے تو بھائی چھری سے حملہ کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ وہ اپنی عزت وغیرت اور نام وناموس پر امراؤ کو کلنک کا ٹیکہ سمجھتا ہے اور اسے کہتا ہے کہ وہ فیض آباد چھوڑ کر واپس لکھنو چلی جائے۔ چنانچہ وہ دوبارہ خانم کے ڈیرے پر آجاتی ہے۔ اسی جہنم میں اپنی زندگی کے دن بتا دیتی ہے۔ جوانی ڈھل جاتی ہے تو بڑھاپا ایک رنڈی کی زندگی کو اجیرن بنا

دیتا ہے۔ بقول امراؤ:

''رنڈی کے لئے بڑھاپا دوزخ کا نمونہ ہے۔ بڑھیا فقیرنیاں جو لکھنؤ کے گلی کوچوں میں پڑی پھرتی ہیں اگر غور کیجئے گا تو ان میں اکثر رنڈیاں ہیں''۔(18)

کسی عورت کا طوائف بنایا جانا' اس کی مرضی کے خلاف ایسا پیشہ اختیار کرنے پر مجبور کر دینا' اسے اغوا کرنا اور بطور انسان اس کی ہتک کرنا انسانی حقوق کے خلاف ہے۔ اس حوالے سے اگر ناول ''امراؤ جان ادا'' کا مطالعہ کیا جائے تو ہمیں اس ناول میں ان انسانی حقوق کی پامالی سے آگاہی ہوتی ہے بلکہ ھادی رسوا کا ان انسانی حقوق کا گہرا ادراک بھی دکھائی دیتا ہے۔ اس ناول میں طوائف کا موضوع ایک طوائف کے کردار کی عظمت نہیں ہے بلکہ طوائف کے کردار کے ذریعے انسانی حقوق کی پامالی کو موضوع بنایا گیا ہے۔

برصغیر کے مخصوص تاریخی تناظر میں انسانی حقوق کا گہرا شعور ہمیں پریم چند کے ناولوں میں دکھائی دیتا ہے۔ وہ ایک مقصدی ناول نگار ہیں۔ ادب میں افادی پہلو کا نظریہ بھی دراصل ان انسانی حقوق کا آئینہ دار ہے کہ جن کے بغیر انسان کی تہذیبی اور تمدنی زندگی گوں ناگوں مسائل اور المیوں کا شکار ہو جاتی ہے۔ ہندوستانی سماج میں موجود ذات پات کے گہرے نظام' طبقاتی تفریق' فرسودہ مذہبی روایات' رسوم اور توہم پرستی' سود خور مہاجنی نظام اور جاگیرداری عہد سے مخصوص اقدار ہندوستانی سماج کی ایسی جہتیں ہیں کہ جن کے باعث انسانی حقوق کے مسائل ہمیشہ درپیش رہے۔ پریم چند نے اپنے ناولوں میں ہندوستانی سماج کی ان تمام جہتوں کو پیش کیا ہے۔ ان کے انسان دوستی کے مسلک میں انسانی حقوق کی فراہمی مرکزی نظریے کے طور پر ابھرتی ہے۔ وہ کوئی بھی ناول محض کہانی لکھنے کے خیال سے نہیں لکھتے بلکہ ہر ناول کی کہانی میں انسانی حقوق کے شعور سے آگاہ کرنا ایک واضح نصب العین ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ہندوستان کے مخصوص سماجی نظام میں شادی کے معاملے میں عورت کی رضامندی کو درخور اعتنا نہیں سمجھا جاتا۔ بعض اوقات اس کے باعث بڑے مسائل جنم لیتے ہیں۔ ہر عاقل اور بالغ مرد کا یہ انسانی حق ہے کہ اسے اس معاملے میں مکمل آزادی ہو۔ اسی طرح ہر عاقل اور بالغ عورت بھی اس انسانی حق سے محروم نہیں رکھی جاسکتی ۔اس حق کی پامالی کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ عورت کو سماجی اور معاشی تحفظ کے لئے مرد کا دست نگر بن کر رہنا پڑتا ہے۔ عورت کی اپنی سماجی حیثیت اور معاشی تحفظ دو ایسی ضروریات ہیں کہ جن کے بغیر عورت شادی کے لئے مرد کے انتخاب کے معاملے میں محروم رہتی ہے۔ اس حق کا تحفظ اسی صورت میں ممکن ہے جب وہ خود سماجی اور معاشی طور پر مرد کی طرح خود مختار ہو۔ پریم چند ناول ''نرملا'' میں ایک بے جوڑ شادی کے المیے کو موضوع بنایا گیا ہے۔ نرملا کا باپ

جوایک کامیاب وکیل ہوتا ہے ایک بدمعاش جسے اس نے سزا دلوائی ہوتی ہے کے ہاتھوں قتل ہو جاتا ہے' اس کی بیوی کلیانی سماجی اور معاشی سطح پر شدید دباؤ کا شکار ہو جاتی ہے۔ خاندان کی گرتی ہوئی مالی ساکھ کے پیش نظر نرملا کی بات جہاں طے ہوتی ہے' انکار کر دیتے ہیں۔ بے آسرا بیوہ کے پاس اب اس کے سوا کوئی چارہ نہیں رہ جاتا کہ وہ گڑیوں سے کھیلنے والی پندرہ سالہ نرملا کو تین جوان بیٹوں کے باپ وکیل طوطا رام سے بیاہ دیتی ہے۔ اس سلسلہ میں نہ تو اس سے پوچھا جاتا ہے اور نہ ہی وہ انکار کرنے کے قابل ہوتی ہے۔ ناول میں نرملا کے جذبات کی ترجمانی یوں کی گئی ہے:

''دل روتا تھا مگر ہونٹوں پر ہنسی کا سوانگ بھرنا پڑتا تھا۔ جس کا منہ دیکھنے کو جی نہ چاہتا ہو اس کے آگے ہنس ہنس کر باتیں کرنی پڑتی تھیں۔ جس بدن کا چھونا اس کو سانپ کے سرو چشم کی طرح معلوم ہوتا تھا۔ اس سے لپٹ کر جتنی نفرت اور دلی اذیت ہوتی تھی اسے کون جان سکتا تھا''۔(19)

محض شادی کے لئے مرد کے انتخاب کا حق نہ ہونے کے باعث نرملا کی ساری زندگی بوڑھے طوطا رام کے ساتھ اذیتوں میں بسر ہوتی ہے۔ اسی طرح ہندو سماج میں بیوہ ہر نوع کے انسانی حقوق سے محروم قرار دے دی جاتی ہے۔ اسے تو زندگی کا بھی بنیادی انسانی حق حاصل نہیں ہے۔ چنانچہ اس بات کو مذہبی نقطہ نظر سے تقدس کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے کہ وہ شوہر کی ارتھی کے ساتھ ہی جل مرے یعنی ستی ہو جائے۔ ایسے سماج میں بیوہ کے انسانی حقوق کی بات کرنا انسان دوستی کا اعلیٰ نصب العین ہے۔ چنانچہ پریم چند نے اپنے ناول ''بیوہ'' میں بیوہ عورتوں کے انسانی حقوق کی ترجمانی کی ہے کہ اسے کسی بھی طور پر سماج کے فکری اور عملی دھارے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ اس ناول میں پریم چند نے ''بدھوا آشرم'' کو ایسی عورتوں کی پناہ قرار دیا ہے اور اس ادارے کی ضرورت سے آگاہ کیا ہے۔

ہر انسان کو آزادی فکر و نظر' ضمیر کی آزادی اور مذہب کی آزادی کا پورا حق حاصل ہے' وہ جب چاہے اپنے عقیدے کو تبدیل کر سکتا ہے' انفرادی یا اجتماعی طور پر یا کھلے بندوں اپنے عقیدے کی تبلیغ کر سکتا ہے۔ اپنی مذہبی رسومات یا تعلیمات کی پابندی کرنے کا پورا حق اور آزادی رکھتا ہے۔ کسی انسان کو اس کے اس حق سے محروم نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی مذہب کی بنیاد پر انسانوں کی تقسیم ہی کی جا سکتی ہے۔ کسی بھی مذہبی طبقے کو اس بات کا حق نہیں ہے کہ وہ دوسرے طبقے کی مذہبی آزادیوں کو معطل یا ختم کرنے کی کوشش کرے۔ ہندومت میں ذات پات کے تمدنی نظام کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ چنانچہ نچلی ذات کے ہندوؤں کو مذہبی اعتبار سے وہ مرتبہ حاصل نہیں ہے کہ جو بڑی ذاتوں سے مخصوص ہے۔ مذہبی تقدس کے حامل ذات پات کے اس نظام کے باعث نچلی ذاتوں کے ہندو آزادانہ طور پر مذہبی حقوق سے محروم ہیں۔ پریم چند نے اپنے ناول ''میدان عمل'' میں اسی انسانی حق کی نمائندگی کی ہے۔ اس ناول

میں ایک مندر کا ذکر کیا گیا ہے کہ جس میں ایک ماہ سے رام راون کی کتھا جاری ہوتی ہے۔ جسے سننے کے لئے دھیرے دھیرے بھنگی اور چمار بھی آنے لگتے ہیں۔ جوتیوں کی جگہ پر آ کر بیٹھنے والے ان بھگوان بھگتوں کے باعث بقول برہمچاری جی دھرم بھرشٹ ہو جاتا ہے، نچلی ذات کے ان ہندوؤں پر جوتے برسائے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر شانتی کمار اور ان کے دوست آتمانند جی آڑے آتے ہیں۔ ان کا مئوقف طنزیہ انداز میں پریم چند نے یوں پیش کیا ہے:

''تمہیں اتنی بھی خبر نہیں کہ یہاں سیٹھ مہاجنوں کے بھگوان رہتے ہیں۔ تمہاری اتنی مجال کہ ان کے بھگوان کے مندر میں قدم رکھو۔ تمہارے بھگوان کسی جھوپڑے یا درخت کے نیچے پڑے ہوں گے۔ یہ بھگوان جواہرات کے زیور پہنتے ہیں۔ موہن بھوگ اور ملائی کھاتے ہیں۔ چیتھڑے پہننے والوں اور ستو کھانے والوں کی صورت نہیں دیکھنا چاہتے''۔ (20)

''میدان عمل'' کے سکھدا، نینا اور ڈاکٹر شانتی کمار جیسے لوگ اس ناانصافی اور انسانی حق کی پامالی پر زبردست مظاہرہ کرتے ہیں اور نچلے طبقوں کا ایک جتھا لے کر مندر پر دھاوا بولنے کے لئے نکل پڑتے ہیں۔ اس جدوجہد کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ مندر کے دروازے اچھوتوں پر بھی کھل جاتے ہیں۔ ہر انسان کا یہ بھی بنیادی حق ہے کہ وہ جہاں کہیں بھی نوکری یا ملازمت اختیار کرے، اس کے عوض اسے اتنا ضرور معاوضہ ملے کہ وہ ایک بہتر زندگی گزارے کا اہل ہو سکے۔ کم از کم اجرت، تنخواہ یا معاوضے کا تعلق ایک قدرے بہتر زندگی کے حصول کے ساتھ ہوتا ہے لیکن ہندوستان کے زمینداری، مہاجنی اور جاگیرداری نظام میں کھیت پر کام کرنے والے مزدوروں کی حیثیت غلام سے زیادہ نہیں ہوتی ہے، سود پر اٹھایا گیا قرض، طرح طرح کے تاوان، ادائیگیاں، ٹیکس اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر ڈنڈ ان کھیت مزدوروں کی زندگیوں کو تا حیات اجیرن کر کے رکھ دیتے ہیں۔ پریم چند نے اپنے ناول ''گئودان'' میں ایسے ہی کھیت مزدوروں کی زندگیوں میں انسانی حقوق کی عبرتناک پامالیوں کو موضوع بنایا ہے۔ اس ناول کے ہوری، دھنیا، گوبر اور جھنیا سب ایسے ہی کردار ہیں کہ جو انفرادی حد تک مدافعت کے باوجود انسانی حقوق کی پامالی کے کڑے نظام کے آگے بے دست و پا ہو جاتے ہیں۔ یہاں غریب لوگ ہی مسائل میں گھرے ہوتے ہیں لیکن ان مسائل کا حل بھی نام نہاد پنچ اس طرح نکالتے ہیں کہ ان سب کے گھر غریبوں کی محنت سے پیدا ہونے والے غلے سے بھر جاتے ہیں۔ فصل کیا کٹتی ہے؟ مختلف قسم کی اسامیاں، مہاجن، پٹواری، زمیندار، برہمن وغیرہ سب کے سب کسان کی ساری محنت و مشقت کو اپنی جیب میں ٹھونس چلتے بنتے ہیں اور مفلوک الحال کسان خالی ہاتھ کا خالی ہاتھ رہ جاتا ہے۔ ایک گائے خریدنے کی استطاعت اس کے پاس نہیں رہتی۔ ہوری اس ظالمانہ نظام میں رہتے ہوئے بھی ''اخلاقی قدروں'' کا ادب چاہتا ہے۔ لیکن اس کا بیٹا گوبر اس نتیجے پر پہنچتا ہے:

''جسے پیٹ کی روٹی میسر نہیں اس کے لیے آبرو اور مریادسب ڈھونگ ہے''۔(21)

نسلی، گروہی، مذہبی، لسانی اور دیگر نظریاتی تعصّبات انسانی حقوق کی پامالی کا اہم سبب ہیں۔ کسی انسان، گروہ یا جماعت کو اس بات کا حق حاصل نہیں ہے کہ وہ نسل، زبان یا مذہب کی بنیاد پر دوسرے انسانوں کا عرصہ حیات تنگ کر دے۔ ہر انسان کا بطور انسان احترام اور اس کے عقیدے، رنگ، نسل یا زبان کا احترام اور اس کی عزت نفس کا لحاظ بنیادی انسانی حق ہے۔ کرشن چندر نے اپنے بیشتر ناولوں میں انسان کے ہاتھوں انسان کے اس انسانی حق کی پامالی کو موضوع بنایا ہے۔ اس حوالے سے ان کا ناول ''پہلا پتھر'' اہمیت کا حامل ہے۔ اس ناول میں کرشن چندر نے مشرق اور مغرب کے نسلی اور تہذیبی بُعد کو موضوع بنایا ہے۔ نسل پرستی کے حوالے سے ڈاکٹر مبارک علی لکھتے ہیں:

''نسل پرستی کے جذبات کسی نہ کسی شکل میں دنیا کی ہر قوم میں موجود ہوتے ہیں۔ ہر قوم اپنی خصوصیات اور کردار کو اپنی خاص نسل کی وجہ قرار دیتی ہے اور اس بنیاد پر اسے دوسری اقوام میں بڑی کمزوریاں نظر آتی ہیں۔ اقوام میں نسلی برتری اور کمتری کا احساس اسی وقت ہوتا ہے جب ان کا رشتہ فاتح اور مفتوح کا ہو جائے۔ ورنہ ہر قوم اپنی ثقافت، تہذیب، روایات اور اداروں کو دوسروں سے افضل سمجھتی ہے''۔ (22)

کرشن چندر کے ناول ''پہلا پتھر'' کی انگریز ماڈل گرل جولی بھی نسلی تفاخر سے معمور ہے۔ اس ناول کا ایک ہندوستانی کردار ڈاکٹر کنول پرسادلندن میں ایک کامیاب پلاسٹک سرجن ہے۔ یہیں اس کی ملاقات جولی سے ہوتی ہے ایک روز موقع پا کر کنول جولی کو بانہوں میں لے لیتا ہے۔ اس واقعے کی بابت ایک روز وہ کنول کو صاف کہہ دیتی ہے:

''تمہیں معلوم نہیں ہے، مجھے یہ کہنا بھی نہ چاہیے مگر کیا کروں۔ شاید یہ میرے خون میں ہے کہ مجھے رنگ دار لوگوں کو دیکھ کر عجیب طرح کی کراہیت کا احساس ہوتا ہے۔ جب اس دن میں تمہاری بانہوں میں تھی تو جی چاہتا تھا کہ تم پر تھوک دوں''۔(23)

ایک ٹریفک حادثے میں جولی کا جسم بری طرح متاثر ہوتا ہے۔ اب اس کے پاس بدصورتی اور معذوری کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ ڈاکٹر کنول ہمدردی اور انتقام کے ملے جلے جذبات لیے اس کی پلاسٹک سرجری کرتا ہے اور مسلسل چھ ماہ کی تگ ودو کے بعد اسے اطالوی روپ میں ترشی ہوئی مورت بنا دیتا ہے۔ صرف ایک ٹانگ میں معمولی لنگ رہ جاتا ہے۔ احسان مند جولی کنول کے ساتھ ہندوستان آ جاتی ہے۔ کچھ عرصہ تو وہ کنول کے گھر سکون سے رہتی ہے لیکن جلد ہی وہ اس سے بے زار ہو جاتی ہے۔ یہاں بھی وہ گوروں کے ساتھ اپنے تعلقات بڑھا لیتی ہے اور پھر رات

گئے تک پارٹیوں میں مصروف ہو جاتی ہے۔ ایک اپریشن کے بعد اس کا معمولی لنگ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ مکمل ہوتے ہی وہ اپنے مکمل اوریجن میں چلی جاتی ہے۔ لندن سے وہ ہندوستانی تہذیب کا مذاق اُڑاتے ہوئے ایک خط میں کنول کو لکھتی ہے:

''شاید تمہارا کلچر ایک لنگڑا کلچر ہے، بہت دھیرے سے آگے بڑھتا ہے یا شاید آگے ہی نہیں بڑھتا۔ سیکڑوں بلکہ ہزاروں سال تک ایک ہی منزل پر ٹکا رہتا ہے۔ جب تک میں لنگڑی تھی۔ سب ٹھیک تھا۔ میں وہاں رچ اور بس گئی تھی۔ مجھے کچھ برا نہیں لگتا تھا۔ مگر جب تم نے دوسرا پاؤں دے دیا تو دن بدن بے چین ہوتی گئی۔ لندن کی تیز رفتار زندگی مجھے اپنے قریب کھینچنے لگی''۔(24)

غرض لنگ کے باعث وہ ہندوستان کے لنگڑے کلچر میں جذب ہوگئی تھی لیکن جونہی وہ مکمل ہوئی تو وہ اپنے مکمل کلچر میں چلی گئی۔ گویا یورپی کلچر ایک مکمل کلچر ہے جبکہ ہندوستانی کلچر ایک ادھورا اور لنگڑا کلچر ہے۔ وہ یہاں کی گھریلو زندگی کا بھی مذاق اڑاتی ہے۔ یہ باتیں جولی کی نسل پرستی پر دلالت کرتی ہیں۔ وہ (ہندوستان) یہاں کے لوگوں، روایات، گھریلو زندگی، ثقافت، زبان غرض ہر چیز سے کراہت محسوس کرتی ہے۔ ظاہر ہے اس کے پس منظر میں ہندوستان اور انگلستان میں موجود مفتوح اور فاتح کا تعلق ہے۔ وہ اپنی قوم اور کلچر کو برتر سمجھتی ہے۔ یہاں تک کہ ڈاکٹر کنول کے احسانات کو بھی یکسر فراموش کر دیتی ہے کہ جیسے یہ احسانات کوئی خدمات تھیں کہ جن کو فراہم کرنا ڈاکٹر کنول جیسے رنگ دار لوگوں کا فرض تھا۔ کرشن چندر نے اس ناول میں یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ نسلی برتری کا احساس احسانات، خدمات، علم، ہنر کسی چیز کو خاطر میں نہیں لاتا۔ اس برتری کی بنیاد پر دوسروں انسانوں کے ساتھ جو بھی تعلق استوار ہوگا وہ انسانی حقوق کی پامالی پر منتج ہوگا۔ ڈاکٹر کنول پرشاد کا عشق بھی ایک ایسا ہی المیہ ہے۔

برصغیر پاک و ہند کے مخصوص سماجی، ثقافتی، مذہبی اور تہذیبی تناظر میں یہاں کی عورت کی شناخت بطور انسان ایک اہم مسئلہ ہے۔ عام انسانی حقوق کا جب ذکر ہوتا ہے تو مرد اور عورت کے درمیان ان کے سماجی مقام و مرتبے کے حوالے سے ایک امتیاز قائم کیا جاتا ہے۔ معاشرہ عورت اور مرد کے درمیان انسانی حقوق کے حوالے سے مختلف ترجیحات پر مبنی اقدار اور روایات کو نا صرف پیش کرتا ہے بلکہ ان کا قائل بھی ہے۔ عورت کی سماجی حیثیت اور بطور انسانی شناخت کے حوالے سے جس قدر ناانصافی کو روا رکھا جاتا ہے اس کا بنیادی سبب بھی انسانی حقوق کی فراہمی میں امتیاز ہے۔ قراۃ العین حیدر اپنے ناولوں میں سماج میں عورت کی شناخت کو موضوع بناتی ہیں۔ ان کے ناولوں میں ''گردش رنگ چمن'' ایک ایسا ناول ہے کہ جس میں بظاہر چند طوائفوں کے حالات زندگی بیان کیے گئے ہیں لیکن

ان کے ناول میں طوائف ایک ایسی علامت کے طور پر ابھرتی ہے کہ جو ہندوستانی سماج میں عورت کے مقام و مرتبے اور شناخت کو متعین کرتی ہے۔اس ناول کی دلنواز بیگم، ماہرو بیگم، عندلیب بیگ، عسنبر بیگ اور نواب بیگم محض طوائفیں نہیں ہیں بلکہ ان کے ذریعے مردانہ بالادستی کے حامل سماج میں عورت کے تصور کو واضح کیا گیا ہے۔دلنواز بیگم اور ماہرو بیگم کا قصور صرف اتنا ہے کہ ان کے والد مرزا عثمان بیگ مجاہدین کے ساتھ سرائے طغرل خان میں لڑتے ہوئے کام آ گئے۔دونوں بچیاں ایک دلال فتح محمد کے ہاتھ لگ جاتی ہیں جو انہیں ناچ گانے میں طاق کر دیتا ہے۔دلنواز کا نکاح سہراب نگر کے بوڑھے نواب سے طے پاتا ہے لیکن شادی سے پہلے ہی مر جاتا ہے۔نکاح کی تیسری شرط میں فتح محمد نے خود کو دلنواز کا ماموں بتایا تھا۔وہ خط لکھ کر نواب کو بھجواتی ہے کہ وہ مرزا عثمان بیگ کی بیٹی ہے کسی بھڑوے کی اولاد نہیں لیکن یہ خط پہنچنے سے پہلے ہی نواب انتقال کر جاتا ہے۔نواب کے مرنے سے زیادہ اپنی اصل شناخت کے نواب تک نہ پہنچنے کا دلنواز کو بہت صدمہ ہوتا ہے کہ نواب اس کی حیثیت کے بارے میں غلط تاثر لے کر مرا۔رضائی میں آگ لگنے سے اس کا چہرہ جھلس جاتا ہے۔ایک پیر کے کہنے پر ایک مرید سے شادی کر کے حج بھی کر آتی ہے وہیں اس کا شوہر مر جاتا ہے۔واپسی پر چھوٹی بہن مہرو کے پاس آتی ہے کہ وہ یہ غلط دھندہ چھوڑ دے وہ غربت اور فاقہ کشی کے خوف سے ایسا کرنے سے انکار کر دیتی ہے۔وہ خود ایک پنجابی تاجر کے گھر لونڈیوں کو قرآن پڑھانے پر مامور ہو جاتی ہے۔یہیں نواب فاطمہ گھر کی ملازمہ ہے جو عطر کے بڑے تاجر کی بیٹی تھی۔مرتے وقت بچی کی کفالت کے لئے سارے اثاثے روپے پیسے اپنے ایک دوست تاجر کو دے جاتے ہیں کہ دوست ہے خیال رکھے گا مگر وہ تاجر سارا مال غصب کر کے بچی کو گھر کی نوکرانی بنا دیتا ہے۔مہرو دلنواز کے لیے ڈولی بھجواتی ہے۔آنکھ مچولی کھیلتی نواب غلطی سے اس میں بیٹھ جاتی ہے کہار سیدھا اٹھا مہرو کے کوٹھے لے آتا ہے۔نواب وہیں رات بسر کرتی ہے۔دلنواز کی حقیقت کھل جاتی ہے اور ساتھ ہی اس خطا پر نواب کو بھی گھر سے نکال دیا جاتا ہے۔اجمیر شریف بذریعہ ٹرین پہنچتی ہے اور راحت بائی اجمیر والی کے ہاتھ لگتی ہے وہ اسے اپنی خالہ زاد بہن کے ہاں جے پور بھجوا دیتی ہے۔جہاں چند ہی ماہ میں نواب کا فن اور حسن نکھر جاتا ہے۔ٹھاکر مہیشور سنگھ کے کھلے مجرے کی ملازمہ بن جاتی ہے۔یہیں فوٹو گرافر موسیو رینال جو بیلجیم کا باشندہ تھا ٹھاکر کے عنایت کردہ مغل زیورات سے لدی نواب کی تصویر بناتا ہے۔اسی موسیو رینال سے عندلیب بانو پیدا ہوتی ہے۔دوسری جنگ عظیم کے دوران رینال بھاگ جاتا ہے۔مہیشور کے دیہانت کے بعد نواب کلکتہ آ جاتی ہے۔

کلکتہ کے ایک کاروباری امبا پرشاد کی ملازمت میں آ جاتی ہے جو احقر تخلص کرتے تھے۔عندلیب کا ٹیوٹر سید

شکور حسین جو الہ آباد یونیورسٹی کا گریجویٹ تھا' امبا پرشاد کی اجازت سے اس سے شادی کر لیتا ہے اور عندلیب جو ابھی انٹرنس ہی کر رہی ہوتی ہے سید شکور حسین کے غلیظ گھر میں دن بتانے لگتی ہے۔ براؤن آنکھوں اور سنہری بالوں والی یوریشین عندلیب تو سید شکور حسین کے لئے قابل قبول ہوتی ہے۔ لیکن جب اس کے ہاں بچی جنم لیتی ہے تو محمڈن ٹیچر اسے طلاق تھما دیتا ہے کہ اس کنجی کی جنی سے کون شادی کرے گا۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ یہ بچی امبا پرشاد کی تھی نہ کہ شکور حسین کی۔ طوائف بنت طوائف کو تو قبول کر لیا جاتا ہے لیکن شکور امبا پرشاد سے جنم لینے والی بچی کو قبول نہیں کرتا۔ امبا پرشاد نے بھی گلوخلاصی کے لئے بیاہ میں اسی لئے رکاوٹ نہ ڈالی تھی۔ اس بات کا علم جب بڑی ہو کر مس عنبرین شکور کو ہوتا ہے تو یہ بات اسے مزید شناخت کے بحران سے دوچار کر دیتی کہ وہ مس شکور نہیں تھی دراصل مس امبا پرشاد تھی۔ مما عندلیب تردید بھی کرتی ہے لیکن اب یہ تردید اس کے نفسیاتی عارضے کا حل نہ رہی تھی۔ دوسری طرف اخلاقی حالت یہ ہے کہ نواب بیگم کا کیمیو چور بازار سے خرید کر ایک تاجر گھرانہ اپنا نوابی پس منظر ظاہر کرنے کے لئے نواب بیگم ویشیا کو اپنی دادی قرار دیتا ہے۔ عندلیب اور عنبرین کے مشترکہ دوست ڈاکٹر منصور کو بھی جب دلنواز' مہر و' عندلیب اور عنبرین کی داستان کا پورا علم ہو جاتا ہے تو وہ بھی سوچنے لگتا ہے:

''بے چاری مسز بیگ کے لئے ایک نامعلوم طریقے سے میرے رویے میں فرق آ گیا ہے پہلے میں اپنی ماں یا خالہ یا کسی اور بزرگ عزیزہ کی طرح ان کا بہت احترام کرتا تھا۔ اب وہ بات کیوں نہیں رہی؟''(25)

غرض فتح محمد دلال سے لے کر ڈاکٹر منصور تک تمام مردوں کا رویہ تھوڑے بہت فرق سے عورت کے لئے ایک ہی جیسا ہے۔ ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں کہ جو عورت کے انسانی حقوق کو اس کے انسان ہونے کے ناطے فراہم کرنے میں دلچسپی رکھتا ہو۔ سب اسے طوائف ہی کے روپ میں دیکھتے ہیں۔ حالات کی ستم ظریفیاں ان عورتوں کو طوائف بنا دیتی ہیں۔ کیونکہ معاشرہ عورت کے لئے انسانی حقوق کی فراہمی کے لئے آمادہ نہیں ہوتا یہی وجہ ہے کہ طوائف کے لئے بطور انسان اسے عزتِ نفس فراہم کرنا' اسے بہتر زندگی کا حق مہیا کرنا اور اس کے احترام و وقار کے لئے عملی انتظام کرنا اور اقدام اٹھانا اور بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ جس معاشرہ میں عزت' وقار' حسب نسب' اقدار اور تہذیب کے نام پر عام عورتوں کو مساوی انسانی درجہ دینے کی روایت نہ ہو' جہاں ایک عام عورت کے حقوق کو اقدار اور تہذیب کے نام پر سلب کیا جاتا ہو اس معاشرے کا اجتماعی لاشعور طوائف کے لئے کیا کیا نہ تحفظات رکھتا ہو گا۔ نواب بیگم' دلنواز بیگم' ماہرو بیگم' عندلیب بیگ' اور عنبرین بیگ کا المیہ بھی یہی اجتماعی لاشعور ہے۔

انیس ناگی نے اپنے ناول ''دیوار کے پیچھے'' میں ایک ایسی ریاست کا نقشہ کھینچا ہے کہ جہاں ظلم' ناانصافی'

نراج اور محکومی کا دور دورہ ہے۔ جن ریاستوں میں انسانی حقوق کا تحفظ نہ کیا جاتا ہو وہاں معاشرتی اور ریاستی سطح پر سوائے ظلم کے اور کچھ نہیں رہ جاتا۔ ریاست انسانی حقوق کی ترجمانی کے خواہ کتنے ہی بڑے دعوے کیوں نہ کرے اگر ریاستی قوانین اور ادارے ہی انسانی حقوق کے مسائل پیدا کرنے کا موجب بن جائیں تو قومی سطح پر انسانی حقوق کا تحفظ کیسے ممکن ہوسکتا ہے۔ انسانی حقوق کا تحفظ صرف اسی صورت ممکن ہے جب ان حقوق کو معاشرے تک پہنچانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ پس بقول خیال امروہوی:

''وہ قومیں جو انسانی بنیادی حقوق اور بنیادی ضروریات کی بنیاد پر نظریے یا نظام حیات کی عمارت استوار کرلیتی ہیں وہ کم از کم ان نظامات سے بہتر ہوتی ہیں جن میں تصوریت' بے عملی اور غیر سائنسی افکار کی کارفرمائی ہوتی ہے''۔(26)

''دیوار کے پیچھے'' ایک ایسی ریاست ہے کہ جہاں ظلم' بے روزگاری' تنہائی' بے بسی' بے زاری اور ابن الوقتی کا ایک طویل سلسلہ ہے۔ ذاتی اغراض کے حصول کے لئے لوگ کمینے پن کا مظاہرہ کرتے ہیں' جہاں تھانوں میں ظلم ہوتا ہے جھوٹی گواہیاں ڈالی جاتی ہیں اور کچہریاں ٹاؤٹوں' اُجرتی گواہوں اور قانون کے دلالوں سے بھری رہتی ہیں۔ اس ناول کے مرکزی کردار کا المیہ یہ ہے کہ وہ نہ صرف اس تمام سیاسی' سماجی' ریاستی اور تمدنی بگاڑ کی خبر رکھتا ہے بلکہ اس کے تدارک کے لئے ایک خاص نکتہ نظر بھی رکھتا ہے۔ یہ ایک پروفیسر ہے چنانچہ اس کے اسی خاص نظریے کی پاداش میں اسے نا صرف کالج کا پرنسپل کالج سے نکال دیتا ہے بلکہ سرکاری ایجنسیوں کے لوگ مسلسل اس کے تعاقب میں رہتے ہیں اور اس کا جینا دوبھر کر دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کے شاگرد بھی اسے ''سرخا سرخا'' کہہ کر بھاگ جاتے ہیں۔ محض ایک ایسا نظریہ رکھنے کی وجہ سے کہ جسے ریاست کی سیاسی حکمت عملی اپنے خلاف سمجھتی ہے' پروفیسر کو شاہی قلعے کے عقوبت خانے تک پہنچا دیا جاتا ہے اور اس پر بہیمانہ تشدد کیا جاتا ہے۔ اس کے ناکردہ گناہ کا تفتیش کرنے والوں کو ظاہر ہے کہ کوئی ثبوت بھی نہیں ملتا۔ یہ اس کا انسانی حقوق کا شعور ہی ہے کہ جس نے اسے اس حال تک پہنچایا۔ حالانکہ ریاستی تقاضوں کے پیش نظر ''مفید شہری'' بن کر رہنا دیگر لوگوں کی طرح اس کے لئے مشکل نہ ہوتا وہ کہتا ہے:

''یہی شعور ہی میرا عذاب ہے' جس سے میں نجات حاصل نہیں کرسکتا۔ اِس ہزار پایہ عفریت نے میرے جسم و جان کو جکڑ لیا ہے''۔(27)

غرض اس ناول میں انیس ناگی نے انسانی حقوق کی پامالی کو اپنی اور اپنے عہد کی ناکامی کا ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ محض ایک فرد کے سوچنے یا ایک فرد کی جدو جہد سے معاشرہ انسانی حقوق کے حصول میں کامیاب نہیں ہوسکتا۔ یہ

اجتماعی مفادات کی اجتماعی تحریک کا نام ہے۔ جب تک معاشرے کے تمام افراد انسانی حقوق کے حصول کے لئے مل کر جدوجہد نہیں کر سکتے اس وقت تک معاشرے میں ظلم، ناانصافی اور انسانی حقوق کی پامالی کا دور دورہ رہتا ہے۔ ہر انسان کا یہ بھی بنیادی حق ہے کہ وہ کوئی بھی سیاسی، معاشی یا کوئی بھی نظریہ رکھ سکتا ہے، وہ اسے دوسروں کے سامنے پیش بھی کر سکتا ہے۔ جن معاشروں میں اس بات کو ریاستی سطح پر انسانی حق کے طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا وہاں پروفیسر جیسے باشعور لوگ حالات کی سنگینیوں کا شکار ہو کر داستان پارینہ بن جاتے ہیں اور زندگی اپنی ڈگر پر چلتی رہتی ہے۔

پاکستان دراصل ایک ایسی تحریک کے نتیجے میں معرض وجود میں آیا کہ جس کی روح میں انسانی حقوق کا گہرا دراک شامل تھا۔ پاکستان سے مراد ایک ایسے خطہ زمین کا حصول تھا کہ جس میں لوگ بغیر کسی رکاوٹ، خوف یا دہشت کے آزادانہ طور پر اپنی سیاسی، سماجی، تہذیبی، مذہبی، ثقافتی اور معاشی سرگرمیوں اور حقوق کا تحفظ کر سکیں گے۔ پاکستان کی اگر کوئی نظریاتی اساس ہے تو وہ انہی انسانی حقوق کے تحفظ کا احاطہ کرتی ہے۔ پاکستان کی بنیاد کے حوالے سے قائد اعظم محمد علی جناحؒ کی تقاریر اور علامہ اقبالؒ کے خطبہ الٰہ آباد کی روشنی میں ایک ایسا ہی پاکستان سامنے آتا ہے کہ جو رنگ، نسل، زبان، عقیدے اور علاقائیت کی تمیز کے بغیر پاکستانی قوم کے جملہ حقوق کا ترجمان ہوگا۔ لیکن نوزائیدہ پاکستان میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے عوامی امنگوں کی ترجمان کوئی بھی مؤثر حکمت عملی طے نہ ہو سکی۔ ملک ابتدائی پچیس سال تک نیم سیاسی حکومتوں اور ایک طویل مارشل لاء کے زیر سایہ رہا، آمرانہ حکومتوں میں چونکہ بنیادی انسانی حقوق کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ اس پورے عرصہ میں قوم کو انسانی حقوق کا ترجمان کوئی جمہوری آئین بھی نہ مل سکا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ملک دولخت ہو گیا اور کسی کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ چنانچہ جو سلسلہ جعلی کلیموں کے کاروبار سے شروع ہوا ریاستی ترجیحات کے تحت وہ سلسلہ ملک کے طول و عرض میں پھیلے جاگیردارانہ نظام، پرمٹ اور کوٹہ سسٹم، عہد غلامی کی باقیات کی حامل سول و ملٹری بیوروکریسی، ضیاء الحق کے ملکی تاریخ کے دوسرے طویل مارشل لاء سے لے کر جنرل پرویز مشرف کے تیسرے مارشل لاء تک جاری وساری ہے۔ اس نصف صدی کے قصے میں صرف آمریت کو استحکام ملا اور انسانی حقوق کا تصور کمزور ہوتے ہوتے قوم کی اجتماعی سائیکی سے ہی نکل گیا۔ انسانی حقوق کی اس قدر بے حرمتی پر اردو ناول نوحہ کناں ہے۔ انتظار حسین نے اپنے ناولوں میں ایک ایسے ہی پاکستان کی منظر کشی ہے۔

انتظار حسین کے ناول ''بستی'' میں ذاکر، سلامت، اجمل، افضال اور عرفان ایسے کردار ہیں جو نئے پاکستان کو ایسی بستی کے روپ میں دیکھنا چاہتے ہیں جہاں لوٹ مار اور ناانصافی کی بجائے امن، محبت، رواداری، ترقی اور خوشحالی

ہو جو امریکہ اور سامراجیوں کی حکمت عملیوں پر کاربند ہونے کی بجائے اپنی عوام دوست ترجیحات پر عمل پیرا ہو۔لیکن اس بستی میں ہر طرف احتجاج، اینٹیں، پتھر، توڑ پھوڑ، لڑائی جھگڑے، خون ریزیاں، جلسے جلوس ہنگامے دکھائی دیتے ہیں۔حق، انصاف، عدل اور ترقی وخوشحالی کے خواب دیکھنے والے اس بستی میں پہنچ کر حواس باختہ ہو جاتے ہیں، انہیں کوئی راہِ نجات دکھائی نہیں دیتی، ان کے رستے ناسوروں پر مرہم رکھنے والا کوئی نہیں اور نہ ہی کوئی ان کے احتجاج پر کان دھرتا ہے۔انسانی حقوق کی اس پامالی پر ناول کے مرکزی کردار ذاکر کے لئے سرحد کے اس پار بہت دور رہ جانے والی ''روپ نگر'' کی بستی جو اس کے خوابوں اور امیدوں کی بستی ''پاکستان'' سے زیادہ آئیڈیل نہ تھی بڑی بامعنی ہو جاتی ہے۔اپنے دوست سریندر کے نام ایک خط میں کہتا ہے:

''یار کتنی عجیب بات ہے کہ وہی ایک بستی اپنے ایک باسی کے لئے کہ ہجرت کر گیا ہے پہلے سے بڑھ کر بامعنی ہو گئی کہ وہ اسے خوابوں میں دیکھتا ہے اور دوسرے کے لئے اس کے سارے معنی جاتے رہے کہ وہ اسی دیس میں ہے مگر کبھی اس کے یہاں اس بستی کو دوبارہ دیکھنے کی آرزو پیدا نہیں ہوتی۔ہجرت نے روپ نگر کو کتنا بامعنی بنا دیا ہے''۔(28)

کوئی بھی آزاد ملک اپنے باشندوں کے لئے ایک گھر کی حیثیت رکھتا ہے۔اس گھر کی بہت بڑی چھت تلے در و دیوار کے اندر اس گھر کے باسی امن ومحبت، خوشحالی، باہمی احترام اور عزتِ نفس کے ساتھ زندگی گزارنے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔غرض کوئی بھی آزاد ملک اپنے تمام شہریوں کے لئے انسانی حقوق کی فراہمی اور تحفظ کا علمبردار ہوتا ہے۔اگر ایسا نہ ہو تو اس گھر کی بنیادوں میں پائی جانے والی خامیاں دھیرے دھیرے ساری عمارت میں دراڑیں ڈال دیتی ہیں۔انتظار حسین کے ناول ''تذکرہ'' کا ''آشیانہ'' اپنے وسیع تر معنوں میں ایک ایسے ہی گھر کی علامت ہے۔اس ناول کے مرکزی کردار اخلاق کے اجداد کا ''گلستان محل'' اور ''چراغ حویلی'' کئی پشتوں سے اس کے خاندان کے لئے امن ومحبت اور حفاظت کا گہوارہ تھے۔گلستان محل جو مضبوط بنیادوں پر استوار تھا جب اجڑتا ہے نئی پائیدار بنیادوں پر چراغ حویلی تعمیر ہو جاتی ہے۔ان گھروں کے خاندانی طبیبوں میں کوئی انگریزوں کے خلاف جہاد کے فتوے پر دستخط کرنے کے باعث پھانسی چڑھتا ہے، کوئی انگریزوں کا مداح ہے تو کوئی خلافت تحریک کا حامی لیکن ان گھروں کی چھتیں سب کو تحفظ فراہم کرتی ہیں۔پاکستان بنتا ہے تو اخلاق بھی اپنے والدین کے ساتھ یہاں آ جاتا ہے۔اخلاق کوئی مکان الاٹ نہیں کرواتا بلکہ الاٹ شدہ مکانوں میں کرائے پر دھکے کھاتا کھاتا ایک ٹکڑا زمین خرید کر اور ادھر ادھر سے قرضہ پکڑ کر اپنا ''آشیانہ'' بنا لیتا ہے۔آشیانے کے ''مقروض'' باسی اخلاق کی قرضدار بہت جلد بوٹیاں نوچنا شروع کر دیتے ہیں۔ملازمت بھی اس کی اچھی ہوتی ہے لیکن اوپر کی آمدنی کے بغیر آشیانے کا تحفظ نا

ممکن ہو جاتا ہے ۔ یہاں تک کہ اسے ''آشیانہ'' بیچ دینے کی نوبت آ جاتی ہے۔ گلستان محل اور چراغ حویلی کے مقابلے میں ''آشیانہ'' بہت کمزور ثابت ہوتا ہے۔ شہر میں جب دھماکے شروع ہوتے ہیں تو کوئی عمارت' کوئی گلی' کوئی محلّہ' محفوظ نہیں رہتا۔ خوف و ہراس اور تباہی و بربادی کے اس منظر نامے میں آشیانہ بھلا کہاں محفوظ رہ سکتا تھا۔ چاروں کھونٹ اندھیرا ہی اندھیرا دکھائی دیتا ہے۔ اس اندھیرے میں امن' تحفظ اور آزادی کے تمام انسانی حقوق گم ہو جاتے ہیں۔ اخلاق کو سمجھ نہیں آتا کہ وہ اپنی اس بے بسی' عدمِ تحفظ اور اپنی دم توڑتی ہوئی ذات سے متعلق اجداد کی میراث کے مقابلے میں پرکھوں کے ''تذکرے'' میں کیا لکھے؟ انجام کار وہ سوچتا ہے:

''کب تک ان کالے پانیوں میں چلیں گے کب تک۔ اس کالی لمبی رات کا کوئی انت ہے کہ نہیں۔ اُجالا اور کنارہ کہیں ہے کہ نہیں'' (29)

امن عامہ کے مسائل پر قابو پانا یا ان کی وجوہات کا سدباب کرنا اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا ریاست کا بنیادی فرض اور شہریوں کا انسانی حق ہے۔ انتظار حسین نے اپنے ناول ''آگے سمندر ہے'' میں اسی انسانی حق کی پامالی کو موضوع بنایا ہے۔ اس ناول کا ایک کردار جواد تقسیم کے بعد خوفناک قتل و غارت گری اور خوف و ہراس کی وادی سے گزر کر پاکستان آ جاتا ہے اور کراچی میں بس جاتا ہے۔ لیکن یہ سرزمین جس کے بارے میں اسے بتایا گیا تھا کہ وہاں کوئی گولی کی بات نہیں ہوگی اور نہ ہی کسی کے ہاتھ میں بندوق ہوگی' اس کے خوابوں کے برعکس ثابت ہوتی ہے۔ بہت جلد قتل' اغوا' ڈاکے' بم دھماکے اور بھرے بازاروں میں معصوم شہریوں پر گولیاں برسنا شروع ہو جاتی ہیں۔ جب شہری آزادیوں اور انسانی حقوق کو غصب کر لیا جاتا ہے تو ان حالات میں نسلی' قومیتی' علاقائی اور لسانی تعصّبات کو خوب ہوا ملتی ہے۔ کراچی بھی اسی ہوا کی لپیٹ میں آ چکا تھا۔ ان حالات کا کیا نتیجہ نکلا اور کیا صورتحال بنی اور جواد کے لئے کراچی کیا تھا؟ وہ کہتا ہے:

''اخبار میں کون سی ایسی خبر تھی کہ اس میں غرق رہتا۔ وہی معمول کی خبریں ڈاکے' قتل' اغوا' گینگ ریپ' فلاں علاقہ میں موٹر چھین لی گئی۔ فلاں بنک پر کلاشنکوف برداروں کے ایک ٹولے نے دھاوا بولا' مزاحمت کرنے والے چوکیدار کو گولی ماری اور چالیس لاکھ کی رقم لے کر فرار ہو گئے۔ چوبیس گھنٹے کے اندر ڈاکوؤں کی گرفتاری کا حکم۔ فلاں شاہراہ سے فلاں صنعت کار کا اغوا' پچاس لاکھ تاوان کا مطالبہ وغیرہ وغیرہ''۔ (30)

عدمِ تحفظ' انسانی حقوق کی پامالی اور امن عامہ کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر ہر طرف خوف راج کرتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک روز جواد جب ایک ہوٹل میں بیٹھا ہوتا ہے ایک کار گزرتی ہے اور کار میں بیٹھے دہشت گرد سر

عام کلاشنکوفوں کا کھلا منہ ہوٹل کی طرف کر دیتے ہیں' جواد بھی زخمی ہو جاتا ہے اور اسی حالت میں لاشعور کی رو میں بہہ جاتا ہے۔ اسی حالت میں غرناطہ کی گلیوں میں گھومتا ہندوستان آتا ہے' پھر آگ کا دریا عبور کر کے پاکستان آتا ہے لیکن اس سے آگے سمندر دکھائی دیتا ہے اور مراجعت بھی ناممکن۔ اب جائے تو کس جائے پناہ کی طرف۔ غرض انتظار حسین نے اپنے ناولوں میں پاکستان میں انسانی حقوق کی دگرگوں حالت کو موضوع بنا کر ایک حساس فنکار کی طرح اپنے ناولوں میں انسانی حقوق کے شعور کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔

عبداللہ حسین کا ناول ''نادار لوگ'' اس حوالے سے بہت اہم ہے کہ اس میں پاکستان کی تاریخی جبریت میں پسنے والے لوگوں کے انسانی حقوق کی مسلسل پامالی کو موضوع بنایا گیا ہے۔ اس ناول کے دونوں مرکزی کرداروں ملک اعجاز حسین اور سرفراز کا شمار نادار لوگوں میں نہیں ہوتا بلکہ نادار لوگ وہ ہیں کہ جو اپنی توہین آمیز زندگیوں کو بدل دینے کی تڑپ رکھنے کی بجائے اپنی ذلت اور بربادی کے خود تماشائی بنے رہتے ہیں۔ ملک اعجاز ایک سکول ماسٹر ہے جو بھٹہ مزدوروں کے ساتھ روا رکھے جانے والے غلامانہ سلوک کے خلاف عملی احتجاج سے مزدور یونینوں میں سرگرم کارکن بن کر اپنی زندگی کا آغاز کرتا ہے۔ ''پیشگی'' کے بہانے نسل درنسل گلنے سڑنے والے بھٹہ مزدوروں کی حالتِ زار کو بدل دینے کی کوششوں کے نتیجے میں اعجاز کے خلاف نیچے سے اوپر تک ساری ریاستی مشینری سرگرم ہو جاتی ہے۔ مزدور یونینوں میں حصہ لینے کی پاداش میں اس سے سکول ہیڈ ماسٹر زبردستی استعفیٰ لکھوا کر گھر بھیج دیتا ہے کیونکہ دوسری صورت میں اسے جیل کی ہوا کھانا پڑتی۔ علاقے کے بڑے زمیندار ملک جہانگیر اعوان کی شوگر مل کے مزدوروں کے مسائل حل کرنے کے لئے مزدوروں کا ساتھ دینے کی بجائے ملک جہانگیر کا ساتھ دینے سے انکار کرتا ہے تو اس کے کھڑے کھیتوں پر انتقاماً ملک جہانگیر ٹریکٹر پھروا دیتا ہے۔ ایک نئی عوامی پارٹی میں جب پورے خلوص کے ساتھ اس پارٹی کے عوامی لیڈر کے سیاسی پروگرام کا مکمل ساتھ دیتا ہے اور مزدور تنظیموں کو متحدہ اور متحرک کرتا ہے لیکن جب اس پارٹی کی حکومت بنتی ہے تو ''ہائی کمان'' اسے یونین کے دفتر سے نکال دیتی ہے۔ اپنی صحافتی زندگی میں جب ایک ڈرامائی وقوعے کے باعث ''حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ'' اس کے ہاتھ لگتی ہے کہ جس میں مشرقی پاکستان کے سانحہ کے سلسلہ میں بعض جرنیلوں کے خلاف مقدمے چلانے اور سزا دینے کی تجویز دی گئی ہوتی ہے' تو کسی ایجنسی کے لوگ سات روز تک ایک عقوبت خانے میں اس پر شدید ذہنی اور جسمانی تشدد کرتے ہیں۔ دوسری طرف اس کا بھائی سرفراز ہے جو فوج میں میجر ہوتا ہے۔ جس یونٹ کو بلوچستان میں مری قبائل کی بغاوت کو کچلنے کے لئے بھیجا جاتا ہے' اس میں سرفراز بھی شامل ہوتا۔ کاروائی کے دوران قبیلے کے بوڑھے سردار کو گرفتار کرنے کی بجائے جب گولی سے مار

دیا جاتا ہے تو جوابی فائرنگ میں تین سپاہی بھی مر جاتے ہیں۔ سرفراز کرنل سے اختلاف کرتا ہے کہ اگر سردار کو مارنے کی بجائے گرفتار کر لیا جاتا تو تین سپاہی بھی نہ مرتے لیکن کرنل اسے سٹریٹیجک کیلکولیشن قرار دیتا ہے۔ اس بات پر غصے میں آ کر کرنل کا گریبان پکڑ لیتا ہے اور کہتا ہے:

''تم اپنے ہی لوگوں کے ساتھ ایسا سلوک کرتے ہو''۔(31)

سرفراز کو گرفتار کر لیا جاتا ہے اور انکوائری کے دوران اسے انڈیا کا ایجنٹ' اپنے بھائی اعجاز کو کمیشن کی رپوٹ فراہم کرنے والا اور ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہونے جیسے الزامات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسے ھتک آمیز تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ بعد میں میجر کا رینک بحال کر کے فوج سے جبری ریٹائر کر دیا جاتا ہے۔

اس ناول میں ملک اعجاز اور سرفراز کے کرداروں کو عبداللہ حسین نے پاکستان کے مجبور و مقہور نادار لوگوں کے انسانی حقوق کے ترجمان کے طور پر پیش کیا ہے جو اپنی اپنی سطح پر لڑائی لڑتے ہیں لیکن جن نادار لوگوں کے انسانی حقوق کے لئے وہ لڑ رہے ہیں وہ لوگ حالات کی شکست و ریخت کے باعث بے حسیٔ مجبوری اور لاچاری کی آخری دیوار سے لگ چکے ہیں۔ ان کا قومی یا اجتماعی شعور بے بسی کی اس زندگی کو مقدر کا لکھا سمجھ کر اس زندگی سے سمجھوتہ کر چکا ہے۔ انسانی حقوق کے تحفظ کی ذمہ داری چند افراد پر نہیں ہوتی بلکہ یہ ایک قومی اور اجتماعی ذمہ داری ہوتی ہے۔ قومی اور اجتماعی جدوجہد ہی ریاست اور ریاستی اداروں کے مخصوص نظام کو اس بات پر مجبور کر سکتی ہے کہ ایک آزاد انسانی معاشرے میں انسانوں کو ان کے حقوق سے محروم نہیں رکھا جا سکتا۔ معاشرے میں انسانی حقوق کی مسلسل پامالی کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ پوری قوم نادار لوگوں کا ایک انبوہ بن جاتی ہے۔ نادار لوگوں کے اسی المیے کو عبداللہ حسین نے اپنے ناول میں پیش کیا ہے۔

مذہبی آزادی ہر انسان کا بنیادی حق ہے۔ انسانی حقوق کی دستاویزات میں اس انسانی حق کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اپنی معاشرتی زندگی میں ہر انسان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ جو بھی مذہب یا عقیدہ اختیار کرنا چاہے کر سکتا ہے۔ اسے کھلے بندوں یا محدود سطح پر اپنے مذہبی عقائد کی تبلیغ' ان پر کاربند ہونے اور یا عبادات کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس انسانی حق کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ مذہبی انتہا پسندی کے رجحانات کی تلافی ہو سکے۔ جب اس حق کو ریاستی سطح پر پذیرائی نہیں ملتی اور اس کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے قانونی طور پر اقدامات سے گریز کیا جاتا ہے تو اس کے نتیجے میں مذہبی تعصّبات کو فروغ حاصل ہوتا ہے اور متشدد مذہبی سیاست اپنے کل پرزے نکال لیتی ہے۔ مستنصر حسین تارڑ اپنے ناول ''راکھ'' میں انسانی حقوق کی پامالی کے اسی المیے کو موضوع بناتا ہے۔ یہ ناول ایک ایسے

معاشرے کی تصویر کو پیش کرتا ہے کہ جہاں مذہبی انتہا پسندی کی لہر قیام پاکستان کے بعد ہندوؤں کے تجارتی مرکز شاہ عالمی لاہور کو جلا کر بھسم کر دیتی ہے۔ آگ لگانے والوں کو یہ معجزہ تو دکھائی دیتا ہے کہ اس علاقے کی لال مسجد شعلوں سے محفوظ رہی لیکن شاہ عالمی چوک کے سنہری کلس والے مندر کے آگ سے بچ رہنے پر کسی کی نظر نہیں جاتی۔ پاکستان کو اپنا گھر کہنے والے ایک کوچوان بندو رام کو بے دردی سے قتل کر دیا جاتا ہے۔ یہاں فن تعمیر کی شاہکار ایک قدیم عمارت ''لال حویلی'' کو کنجری کی حویلی پکارا جاتا ہے اور قدیم نوادرات کو کوٹ کر دیواروں پر سفیدی کا کام لیا جاتا ہے۔ کرسمس کی خوشیاں منانے والے کچی آبادی کے مکینوں کے لئے خوشی اور سماجی مقام کیا ہے:

''کرسمس کا اختتام نہیں ہوا تھا لیکن ان دیکھے جھاڑ ووں پر ان کی گرفت مضبوط ہوتی تھی کہ یہی اخیر تھا......عیسائی یا مصلّی ......یہی اخیر تھا''۔(32)

اس ناول میں ایک کردار کویتی نژاد فاطمہ کا بھی ذکر ہے۔ جو ایک ہندو بابو پٹیل سے محبت کے باعث ہندو رسوم کے مطابق اس سے شادی رچا لیتی ہے۔ فاطمہ جس کے اپنے بقول اس نے ایک جائز تعلق استوار کیا تھا کے دونوں بیٹے شیو سینا کے ''ڈائی ہارڈ'' ممبر ہیں اور بابری مسجد کے خلاف چلنے والی تحریک میں پیش پیش رہتے ہیں انہیں ان بات کا شدید قلق ہے کہ ان کے ہندو خون میں مسلمان عورت کے خون کی آمیزش ہے۔ حالانکہ فاطمہ ہندومت کو تسلیم کر چکی ہوتی ہے۔ اس کا خیال یہ ہے کہ انسان اپنے فیصلوں میں آزاد نہیں ہے وہ مذہب، وطن اور اخلاق کی قید میں ہے اور محبت بھی انسان کو اس قید سے رہائی نہیں دلا پاتی۔ ادھر لاہور میں بھی بابری مسجد کی شہادت کے خلاف شدید ردعمل ہوتا ہے اور ایک تاریخی مندر کو گرا دیا جاتا ہے۔ اُدھر جہاد افغانستان جاری ہوتا ہے اور ادھر ملک کا ایک بڑا شہر کراچی مختلف النوع تعصّبات کی بھینٹ چڑھ جاتا ہے۔ ہر طرف ناکے، پوچھ گوچھ، تفتیش اور جامہ تلاشی کا دور دورہ ہوتا ہے۔ کراچی، عروس البلاد، بارود کا ڈھیر بن جاتا ہے۔ ہر طرف کسی ان دیکھی سنسناتی ہوئی آتی گولی کا دھڑکا لگا رہتا ہے۔ کسی کی جان محفوظ نہیں تمام شہری زندگی کے حق سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اس ناول کی ایک کردار شوبھا جب اپنے چاچا اور بابا کے ساتھ چولستان کے ویرانے میں جاتی ہے تو وہ انسانی حقوق سے محروم بھرے پرے شہروں سے دور اس صحرا میں حیران رہ جاتی ہے کہتی ہے:

''نوشوٹنگ۔۔نوسڑے بلٹ۔۔نو بومب بلاسٹس اور نو ایم کیو ایم اور نو پنجابی پختون اتحاد............میں کس دنیا میں آ گئی ہوں چاچا مشاہد''۔(33)

شوبھا کا باپ مردان بھی ایک سڑے بلٹ کا شکار ہو جاتا ہے۔ غرض اس ناول میں مستنصر نے مختلف

تعصّبات کی بنیاد پر پیدا ہونے والے انسانی حقوق کے مسائل کو گہرے انسان دوست شعور کے ساتھ پیش کیا ہے اور انسانی عظمت اور وقار کو انسانی حقوق کے تحفظ کے ساتھ مشروط کیا ہے۔ مستنصر اپنے اس ناول میں انسان دوست اقدار کا احیاء چاہتے ہیں اور یہ اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک مذہب، عقائد، نسل اور قومیت کی بنیاد پر ہونے والی انسانی حقوق کی پامالی کو ختم نہیں کر دیا جاتا۔

اُردو ناول نگاری کی تاریخ کا مطالعہ اس بات سے آگاہ کرتا ہے کہ اُردو ناول نے ہر عہد میں انسانی حقوق کے تحفظ کی بات کی ہے۔ انسانی حقوق کے شعور کو فروغ دینے میں اردو ناول نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ اردو ناول کی خوبی یہی رہی ہے کہ اس نے معاشرے کی غیر انسان دوست روایات اور اقدار سے کبھی سمجھوتا نہیں کیا اور نہ ہی انسانی حقوق کی پامالی پر خاموش تماشائی بنا ہے۔ اردو ناول ہر سطح پر انسانی حقوق کا نہ صرف یہ کہ علمبردار بنتا ہے بلکہ ہر عہد میں انسانی حقوق کی پامالی پر سراپا احتجاج بن جاتا ہے۔ ڈاکٹر سہیل بخاری اپنی کتاب ''اُردو ناول نگاری'' میں ناول کی فنی اور فکری خصوصات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''ناول میں زندگیوں کے مرقعے پیش کیے جاتے ہیں۔ حقیقی و واقعی۔ موضوع کے اعتبار سے اس کا میدان عمل بہت وسیع ہے اتنا ہی وسیع جتنی خود زندگی۔۔۔ اس کا مطمح نظر ''ادب برائے زندگی'' اس کا موضوع ''انسان'' اور اس کا نظریہ ''فروغ انسانیت'' ہے۔
> (34)

ناول کی ان بنیادی، خصوصیات اور اہمیت کی روشنی میں جب اردو ناول نگاری کے ارتقاء سے جائزہ لیا جاتا ہے تو اُردو ناول پر بھی سہیل بخاری کی رائے پوری پوری صادق آتی ہے۔ اردو ناول کا مطمح نظر بھی ''ادب برائے زندگی'' اس کا موضوع صرف اور صرف ''انسان'' ہے اور اس کا نظریہ ''فروغ انسانیت'' ہے۔

حواشی

(1) اقوام متحدہ' انسانی حقوق کا عالمی منشور' ترجمہ: پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق' لاہور

(2) آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان' تعارف وتشریح' زاہد حسین انجم' لاہور' منصور بک ہاؤس 1997ء ص13

(3) PAUL KURTZ FORBIDDEN FRUIT: THE ETHICS OF HUMANISM, New York, Promitheus books, 1998, P.85 to 194

(4) Editor, Lewis Vaughn, Free Inquiry, NEW YORK, 1999, P. 12to14

(5) آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان' تعارف وتشریح' زاہد حسین انجم' لاہور' منصور بک ہاؤس 1997ء ص15

(6) ولیم او ڈگلس' بنیادی انسانی حقوق کا مسئلہ لاہور مکتبہ میری لائبریری 1965ء ص35

(7) جمیل جالبی' تنقید اور تجربہ' لاہور' یونیورسل بکس 1988ء: ص65

(8) Corliss Lamont, the phylosophy of Humanism New York, The Continum Publishing com, 1993, P. 275

(9) اقوام متحدہ' انسانی حقوق کا عالمی منشور' ترجمہ پاکستان: پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق' لاہور

(10) شمع افروز زیدی' ڈاکٹر' اُردو ناول میں طنز ومزاح' دہلی' اُردو اکادمی 1987ء' ص25

(11) نگہت سلیم (مدیر) ادبیات' اسلام آباد' شمارہ 54 '2001ء' ص: 141

(12) علی عباس حسینی' ناول کی تاریخ اور تنقید' لاہور' لاہور اکیڈمی' 1964ء' ص202

(13) سلیم اختر' ڈاکٹر' اُردو ادب کی مختصر ترین تاریخ' لاہور' سنگ میل پبلی کیشنز' 1984ء' ص191

(14) نذیر احمد' بنات النعش' لاہور' ادارہ فروغ ادب وسائنس' 1986ء' ص191

(15) ایضاً' ص26

(16) نذیر احمد' ابن الوقت' لاہور' ادارہ فروغ ادب وسائنس' 1987ء: ص211

(17) راشد الخیری' شامِ زندگی' کراچی' عصمت بکڈپو' 1963ء' ص79

(18) مرزا ھادی رسوا' امراؤ جان ادا' لاہور' مقبول اکیڈمی' سن ندارد: ص245

(19) پریم چند' نرملا' لاہور' چودھری اکیڈمی' سن ندارد: ص96

(20) پریم چند، میدانِ عمل، لاہور، مکتبہ شعر و ادب، سن ندارد: ص162

(21) پریم چند، گئو دان، لاہور، چوھدری اکیڈمی، سن ندارد: 425

(22) ڈاکٹر مبارک علی، نسل پرستی اور استحصال، لاہور، اہتاس بکس، 1991ء، ص7

(23) کرشن چندر، پہلا پتھر، لاہور، فرخ پبلشرز، سن ندارد: ص33

(24) ایضاً، ص182

(25) قراۃ العین حیدر، گردشِ رنگ چمن، کراچی، مکتبہ دانیال، 1987ء، ص331

(26) خیال امروھوی، نئی سوچ، لاہور، کلاسیک، سن ندارد، ص306

(27) انیس ناگی، دیوار کے پیچھے، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، 1986ء، ص85

(28) انتظار حسین، بستی، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، 1984ء، ص144

(29) انتظار حسین، ''تذکرہ''، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، 1987ء: ص295

(30) انتظار حسین، آگے سمندر ہے، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، 1995ء، ص175

(31) عبداللہ حسین، نادار لوگ، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، 1997ء، ص780

(32) مستنصر حسین تارڑ، راکھ، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، 1997ء، ص329

(33) ایضاً، ص418

(34) سہیل بخاری، اُردو ناول نگاری، لاہور، مکتبہ جدید، 1960ء، ص15

مجلّہ ''افکار'' کے شخصیات نمبر

ڈاکٹر قاضی عبدالرحمٰن عابد*

محمد اشرف کمال**

Abstract:

It has been a long standing tradition that standard journals devote the whole issue to critically evaluate the literary contribution of a scholar. This tradition is quite strong in Urdu literary journals. Prestigious Urdu journals like Naqoosh, Nigar, Auraq and Saqi have contributed well to this tradition. This paper attempts to demonstrate that Afkar has contributed more than any other journal to this tradition. Twenty three of its issues have been devoted to famous literary figures like Iqbal, Faiz,Manto, Krishan Chandar and Ali Sardar Jaffary. The paper presents a critical appraisal of these issues.

ادبی رسائل کسی بھی زبان اور اس کے ادب کی ترویج و فروغ میں بنیادی حیثیت کے حامل ہوتے ہیں۔ یہ ادبی رسائل نہ صرف اس قوم کے ادب اور زبان کے ارتقا کی داستان رقم کرتے ہیں بلکہ یہ مختلف حوالوں سے اہم ادبی، معاشی، معاشرتی اور سیاسی تحریکوں کے قیام اور ان کی فعالیت کی تاریخ بھی بیان کرتے ہیں۔ یہ ادبی رسائل ادبی اور تاریخی اہمیت رکھتے ہیں اور قوم کے مزاج اور شعور کی اجتماعی نشو ونما میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے اہم مسائل کی شناخت اور ان کے حل کا باعث ہوتے ہیں۔ان کی اہمیت سے انکار کسی بھی صورت نہیں کیا جا سکتا۔

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ اردو ادب کے فروغ میں جہاں ادبی رسائل نے ایک اہم کردار ادا کیا ہے وہاں ادبی رسائل کے خصوصی شمارے بھی اردو زبان و ادب کی ترویج و فروغ میں اہمیت کے حامل ہیں۔ خاص نمبر کسی مخصوص موقع، موضوع یا کسی مشہور و معروف اور ممتاز ادبی شخصیت یا کسی صنف ادب کا مبسوط مطالعہ پیش کرتے ہیں۔ اردو رسائل کے خصوصی نمبروں کے حوالے سے علی جواد زیدی لکھتے ہیں

''صہبا کا ایک اور کارنامہ ضخیم خصوصی شماروں کی اشاعت ہے۔اس اولیت کا سہرا نیاز کے نگار کے سر ہے۔ اور پاکستان میں بھی طفیل کے نقوش کا پلہ کافی بھاری ہے۔'' [ا]

اردو کے ادبی رسائل و جرائد نے اردو زبان و ادب کے ارتقا، ترقی اور اس کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اُردو، بہاءالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

** استاد شعبۂ اُردو، گورنمنٹ کالج بھکر۔

ہے۔ یہ ادبی رسائل نہ صرف ہم عصری ادب کی ترجمانی کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں بلکہ ان کی مدد اور مطالعہ سے ہم ماضی کی ادبی روایتوں ،رویوں ،رجحانات اور میلانات سے بھی آگاہی حاصل کرتے ہیں۔ جہاں تک ان ادبی رسائل کی خاص اشاعتوں کا تعلق ہے تو یہ خاص شمارے زبان وادب کے کسی ایک رخ، پہلو یا ادبی شخصیت کے کارناموں اور فن کی وضاحت کرنے کا کام جامع انداز میں سرانجام دیتے ہیں۔

اردو ادب کو ادبی رسائل کے خاص نمبروں نے کئی زاویوں اور پہلوؤں سے فائدہ پہنچایا۔شخصیات نمبر کی وجہ سے اردو ادب کی چیدہ چیدہ اور یگانہ روزگار ہستیوں کی شخصیت اور فکر وفن کے کئی نمایاں اور چھپے ہوئے محاسن سامنے آئے جس سے اس دور کی ذہنی وادبی استعداد اور فکری وفنی ترجیحات ورجحانات سے آگہی حاصل ہوئی۔ جو کہ عصری ادب اور آنے والے زمانوں کے ادب کی رفتار اور اس کے معیارات کو پرکھنے اور مطلوبہ نتائج تک پہنچنے میں ممد ثابت ہوسکتی ہے۔ دوسری طرف اصناب ادب سے متعلق خصوصی اشاعتوں نے نئے نئے مباحث اور جائزوں مطالعوں نے صحت مند فکری وادبی سوچ کو راہ دی۔

افکار نے اپنے آغاز سے صحافتی ادب میں صحت مند رجحانات اور نئی روایات کے قیام اور فروغ پر خصوصی توجہ دی ہے۔اس کے سالنامے،خصوصی اشاعتیں اور مختلف شخصیات اور موضوعات پر اشاعتیں اس کی روشن مثال ہیں۔افکار کے کارناموں کے حوالے سے الطاف مشہدی لکھتے ہیں

’’افکار نے جو کارنامے انجام دیے ہیں اور جو نئی راہیں تراشی ہیں صحافتی دنیا کے دل میں ہمیشہ محفوظ رہیں گی۔ جوش ،حفیظ اور فیض پر غیر فانی اشاعتیں اور اس قسم کے خاص نمبروں کا سلسلہ افکار کی روایت میں شامل ہو گیا ہے۔‘‘ [۲]

افکار نے خصوصی شماروں کی اشاعت کے حوالے سے بھی جدت اور انفرادیت کا راستہ اپنایا ہے۔ مردہ شخصیات کی بجائے زندہ شخصیات پر خصوصی اشاعتیں اور نمبر نکال کر اردو ادب کے خزانے میں قابل قدر اضافہ کیا۔مختلف ادبی شخصیات کے فن اور زندگی سے متعلق افکار کے خصوصی شماروں کا ذکر کرتے ہوئے مشتاق احمد یوسفی لکھتے ہیں

’’افکار نے یہ صحت مند روایت بھی قائم کی کہ زندہ ادب اور زندہ ادیبوں پر خاص ایڈیشن نکالے۔ان کے مرنے کا انتظار نہیں کیا اور ایسے زمانے میں نکالے۔ جب مردوں کو زندہ کرنے کی وبا عام تھی۔ ہمارے ہاں شاعر مرجاتا ہے،مگر کلام باقی رہ جاتا ہے۔اردو کو یہی چیز لے ڈوبی ہے۔‘‘ [۳]

افکار کی ترویج واشاعت کا مقصد تعمیری ادب کی تخلیق وفروغ تھا۔اسی لیے افکار نے ایک ایسے ادب کو پیش کیا ہے جو اس ملک اور یہاں کے رہنے والے لوگوں کی امنگوں اور آرزوؤں کا ترجمان تھا۔اس مقصد کے حصول کے لیے افکار نے خاص طور پر جن ادباء وشعراء کے فن اور شخصیت کا احاطہ کرنے کے لیے منتخب کیا وہ لوگ یگانہ روزگار ہی نہ تھے بلکہ رجحان ساز بھی تھے۔جگن ناتھ آزاد لکھتے ہیں

''ماہنامہ افکار ایک ماہنامہ ہی نہیں ہے ایک انسٹی ٹیوشن ہے۔اس کے خاص نمبر دیکھئے جوش، حفیظ، فیض، ندیم اختر حسین رائے پوری، زوبی اور سردار جعفری پر اور دوسرے خاص نمبر' یہ طویل جادے ہیں جسے ہم جادۂ زبان وادب کہتے ہیں روشنی کے مینار ہیں جو اس جادے پر چلنے والوں کی ہمیشہ رہنمائی کرتے رہیں گے۔'' [۴]

فن وادب کے چمکتے تاروں کی تابانی کو شخصیات نمبر کی صورت میں محفوظ کرنے کی وجہ سے افکار ایک خاصے کی چیز بن گیا اور اس کی حیثیت ایک ادبی جریدے سے بڑھ کر ایک تاریخی وادبی دستاویز کی سی ہوگئی۔مجلّہ ''افکار'' کراچی نے چوبیس شخصیات نمبر شائع کیے ہیں۔جن میں غالب، اقبال، جوش اور فیض پر دو خصوصی اشاعتیں اور مصطفیٰ زیدی نمبر دوبار شائع کیا گیا ہے۔ماہنامہ ''افکار'' کراچی نے شعروادب کے لیے اپنی زندگیاں وقف کردینے والے اہل جنوں کی تخلیقات کو امر کرنے اور ان کی خدمات کے اعتراف کے طور پر حوالے کے لیے مبسوط دستاویزات مرتب کر کے ارباب نقد ونظر کے لیے مزید کام کا موقع فراہم کیا ہے۔ان شخصیات نمبر میں شخصیت اور فکر وفن کے حوالے سے مختلف تنقیدی وتحقیقی مضامین ومقالات، انتخاب کلام میں غزلیں، نظمیں، رباعیات، قطعات، گیت، افسانے، ناولٹ، ڈرامے، خاکے، فکاہیئے، تبصرے، تجزیے، نادر ونایاب تحریریں، خطوط، پیغامات، تاثرات، نذرانے، یادداشتیں، سوانح، خودنوشتیں اور سفرنامے وغیرہ پڑھنے کو ملتے ہیں۔قیصر تمکین لکھتے ہیں

''وہی افکار کے خصوصی شمارے جنھوں نے اپنے ممدوحین کو زمانے، علاقے ومقام کے تعینات سے بے نیاز کر دیا ہے۔جس طرح غالب کو غالب دہلوی اور اقبال کو اقبال سیالکوٹی کہنا مضحکہ خیز ہے اسی طرح جوش کے ساتھ ملیح آبادی یا حفیظ کے ساتھ جالندھری کا لاحقہ قطعی غیر ضروری بن کر رہ جائے گا۔'' [۵]

افکار کے خصوصی شمارے اپنی نوعیت اور انفرادیت کی وجہ سے دوسرے ادبی رسائل وجرائد کے خصوصی نمبروں سے ایک امتیازی مقام رکھتے ہیں۔اردو ادبی رسائل میں یہ امتیازی اور خصوصی مقام ان شماروں کی تاریخی، تحقیقی اور تنقیدی حیثیت کی وجہ سے ہے۔بقول محمد خالد اختر

''ان خصوصی نمبروں کو ہمارے ادب میں تاریخی قیمت حاصل ہوچکی ہے اور جب کوئی مستقبل کا ادیب اس عہد

کی ادبی تاریخ مرتب کرنے بیٹھے گا اسے ان شماروں کو کھنگالنے کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہوگا''۔ [٦]

افکار کے ان شخصیات نمبر میں زیر بحث شاعر و ادیب کی شخصیت، فکر، شاعری اور فن کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ مختلف عنوانات کے تحت ان کے افکار و خیالات کا احاطہ کیا گیا ہے اور ان کی شخصیت کا مطالعہ ان کے فن کے حوالے سے سامنے آتا ہے۔ ان خصوصی نمبروں میں جن لوگوں کی تحریریں شامل ہیں ان میں موجودہ دور کے بعض نامور اور مستند لکھنے والے شامل ہیں ان شخصیات نمبر میں ایک حصہ یادگار تصویروں پر مشتمل ہے ۔ان خاص اشاعتوں میں شاعری کا انتخاب بھی دیا گیا ہے۔ اجمالی طور پر یہ جان لیجئے کہ ان خصوصی نمبروں میں ادباء وشعراء کی شخصیت، افکار و خیالات اور فن کو بہتر انداز اور وسیع تناظر میں سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ڈاکٹر سلیم اختر لکھتے ہیں-

''ہم قبر پرست لوگ زندگی بھر معاصرین اور محترمین کو سنگسار کر کے اپنا قد اونچا کرنے کی فکر میں رہتے ہیں حتیٰ کہ وہ بیچارے دلبر داشتہ اللہ کو پیارے ہو جاتے ہیں جب ہم انھیں اعزاز کے ساتھ دفنا کر ان کے مجاور بن بیٹھتے ہیں۔ ہمارے ادبی معاشرے میں دو قماش کے لوگ بہت بُرا کردار ادا کرتے ہیں ایک مزارعے اور دوسرے مجاور! مزارعوں کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ مردے کو دفن نہیں ہونے دیتے جبکہ مجاور مردے کو مرنے نہیں دیتا مگر آپ نے الگ راہ نکالی ہے۔ کہ بہت محبت اور تحسین کی صورت ـــــــ میں زندہ شخصیت کو اس کا حق اس کی زندگی میں ہی ادا کر دیتے ہیں۔ اور وہ بھی اس اعتراف کے ساتھ ـــــــ

؎ حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا [٧]

افکار کے شخصیات نمبر کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ ان کی اشاعت کی ترتیب سے پیش کیا جا رہا ہے۔

منٹو نمبر　　　　افکار کراچی، ١٩٥٥ء، شمارہ ٤٤، ٤٥

مشہور ادیب اور افسانہ نگار سعادت حسن منٹو فن افسانہ نگاری میں بین الاقوامی شہرت کے حامل تھے کیونکہ ان کی شہرت اور مقبولیت محض اردو زبان تک محدود نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے افسانے انگریزی، جرمنی، فرانسیسی ،پولش، زیک، بنگلہ اور گجراتی زبانوں کے قالب میں ڈھالے جا چکے ہیں۔

اس خاص نمبر میں منٹو کے فن اور شخصیت کے حوالے سے صہبا لکھنوی کا نڈر اور بے باک افسانہ نگار، سردار جعفری کا بدزبان، سید اکمل علیمی کا منٹو کے آخری ایام، سعادت حسن منٹو کا اپنے ہمزاد کی نظر میں، ضیاء الحسن موسوی کا بے غیرتی، ثریا قمر کا کچھ منٹو کے بارے میں، ممتاز شیریں کا منٹو ایک فنکار، وقار عظیم کا بدنام منٹو، کرشن چندر کا خالی

بوتل بھرا ہوا دل،قرۃ العین حیدر کا دیکھ کبیرا رویا،محمد علی صدیقی کا منٹو اور میں، ابراہیم جلیس کا اٹھاؤ بوتل اور چلو منٹو کے پاس ،ظ انصاری کا سیاہ حاشیے اور شورش کاشمیری کا چند یادیں جیسے مضامین شامل ہیں۔اس نمبر میں منٹو کے چار افسانے نیا قانون، ہتک،ممی اور پس منظر دیے گئے ہیں۔

افسانہ نگاری کے علاوہ منٹو بحیثیت صحافی و مدیر مختلف رسائل وجرائد سے بھی منسلک رہے۔ادبی جرائد ''ہمایوں'' اور ''عالمگیر'' کے روسی اور فرانسیسی نمبر مرتب کیے جو بے حد مقبول ہوئے۔بطور ڈراما نگار ریڈیو سے بھی ان کی وابستگی رہی جہاں ڈیڑھ سال کے عرصے میں انھوں نے سو سے زیادہ ریڈیائی ڈرامے لکھ کر شہرت حاصل کی۔کہانی نویس، مکالمہ نگار اور منظر نویس کی حیثیت سے بھی منٹو نے فلمی دنیا میں تقریباً تیرہ کہانیاں لکھ کر پیسہ اور نام کمایا۔(۲۶) منٹو کی تحریریں معاشرے کی ایسی سچی تصویریں ہیں جنھیں دکھا کر انھوں نے معاشرے کے سوئے ہوئے ضمیر پر نشتر زنی کی ہے۔

مجاز نمبر افکار کراچی، جون جولائی ۱۹۵۶ء، شمارہ ۵۸، ۵۹

اس شمارے میں سبط حسن کا مضمون مجاز ایک ناتمام غزل ،قرۃ العین حیدر کا اندھیری رات کا مسافر ،حمیدہ سالم کا جگن بھیا، جاں نثار اختر کا میرا دوست میرا مہمان، نصیر حیدر کا کہاں کہاں نہ ترے بے خبر پکار آئے ،سعید اختر نعمانی کا چچا، شاعر ساتھی اور رند، عصمت چغتائی کا عشق مجازی ،ڈاکٹر عبادت بریلوی کا مطرب بزم دلبراں ،مصطفیٰ زیدی مجاز نوراشمیم امیر بھائی اور میں ،اظہر پرویز کا سارا چمن اداس ہے، ابوالخیر کشفی کا اس کے جنوں کی داستاں ، وجد چغتائی کا رندِ میخانہ کبھی آپ سے بیگانہ کبھی ،فیض احمد فیض کا مطرب انقلاب ،سجاد ظہیر کا آہنگ شب تاب ،ڈاکٹر ملک راج آنند کا ایک شاعر ایک شہید ،سید احتشام حسین کا فکر وفن کے چند پہلو ،فراق گورکھپوری کا ایسے پیدا کہاں ہیں مست وخراب ،ممتاز حسین کا حریف جبریل ، پروفیسر حنیف فوق مجاز کی انقلابی رومانیت ،ظ۔انصاری کا مذاق طرب آگیں کا شکار ،نریش کمار شاد کا مجاز کے چند لطیفے شامل ہیں۔مجتبیٰ حسین نے مجاز کے کلام سے انتخاب بھی پیش کیا ہے۔

جوش نمبر افکار کراچی، اکتوبر نومبر ۱۹۶۱ء، شمارہ ۱۲۲، ۱۲۳

اس ایڈیشن میں جوش ملیح آبادی کا تازہ وغیر مطبوعہ کلام، ان کے مکتوبات ،شعری تصانیف اور مضامین سے انتخاب کے علاوہ ان کی شخصیت اور فن پر مضامین شامل ہیں۔ان کی شخصیت پر پروفیسر سید احتشام حسین ، ڈاکٹر عبادت بریلوی ، تمکین کاظمی ، محمد حبیب اللہ رشدی ، اعجاز الحق قدوسی ، محمود علی خاں جامعی ،شاہد احمد دہلوی ، میاں محمد

صادق، ماہر القادری، پنڈت سوز ہوشیار پوری، خواجہ حمید الدین شاھد، مبین الحق، عبدالحلیم انصاری، سلام مچھلی شہری، جمیل جالبی اور نریش کمار شاد نے قلم اٹھایا ہے۔

جوش کے فکر و فن کے حوالے سے اہم مضامین میں مجتبیٰ حسین کا شاعر اعظم، ڈاکٹر محمد حسن کا جوش کی شاعری، پروفیسر انجم اعظمی کا نصف صدی اور جوش، ڈاکٹر حنیف فوق کا جوش کا آہنگ شاعری، مصطفےٰ زیدی کا شبیر حسن خان، فضیل جعفری کا جوش بحیثیت تخلیقی نثر نگار، نریش کمار شاد کا جوش صاحب کی اصلاحیں، اثر لکھنوی کا شاعر فطرت جوش، ل احمد اکبر آبادی کا سخنہائے گفتنی شامل ہیں اور جوش کے کلام سے انتخاب بھی۔ شعرا کا خراج، پیغامات، تاثرات اور نذرانے وعذرانے بھی شامل تصنیف ہیں۔ جوش نمبر کے اشاریہ میں صہبا لکھنوی لکھتے ہیں

''میرے سامنے نیرنگ خیال کا اقبال نمبر بھی تھا۔ ساقی کا عظیم بیگ چغتائی نمبر بھی اور بابائے اردو پر دو تین عبدالحق نمبر بھی۔ ان کے علاوہ بھی میں نے زندہ شخصیتوں پر شائع ہونے والے چند اور نمبروں کو بھی سامنے رکھا اور بالآخر جوش نمبر کو مکمل کر کے ہی دم لیا۔'' [۸]

حفیظ نمبر　　　افکار کراچی، اگست ستمبر اکتوبر ۱۹۶۳ء، شمارہ ۱۴۴، ۱۴۵، ۱۴۶

افکار کا شمارہ حفیظ جالندھری نمبر ادبی، تحقیقی، تنقیدی اور تاریخی حوالے سے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اس شمارہ میں جہاں حفیظ جالندھری کے ادبی کارناموں کا احاطہ کیا گیا ہے وہاں حفیظ جالندھری کے فن اور شخصیت پر ملک کے نامور اہل قلم کی تخلیقات بھی شائع کی گئی ہیں۔ اس شمارے میں حفیظ جالندھری کے حوالے سے ڈاکٹر عندلیب شادانی، جمیل الدین عالی، عبدالرحمٰن چغتائی، پروفیسر محمد منور، میجر سید ضمیر جعفری، دوارکا داس شعلہ، شاہد احمد دھلوی، ظہیر الاسلام فاروقی، عزیز ملک، اے۔ ڈی اظہر، ایم اسلم، احسان دانش، بوبا کے مضامین شامل ہیں۔

اس شمارے میں حفیظ جالندھری کی تصویری جھلکیوں کے ساتھ ساتھ ان کے خیالات و افکار کا جامع انداز میں احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ادبی افادیت کے اعتبار سے یہ مجلّہ اردو ادب میں ایک اہم باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس شمارے میں حفیظ جالندھری کے گیت، نظمیں اور خطوط بھی دیے گئے ہیں۔

حفیظ جالندھری کے فکر و فن پر سید احمد شاہ بخاری پطرس، شیخ عبدالقادر، ڈاکٹر تاثیر، پنڈت ہری چند اختر، امتیاز علی تاج، ڈاکٹر سید عبداللہ، بریگیڈیر گلزار احمد، میجر سید ضمیر جعفری، پروفیسر حمید کوثر، فاروق علی خاں، فضیل جعفری، پروفیسر صدیق کلیم، منظر ایوبی، نصیر احمد زار، محمد خورشید عاصم، پرویز کاکوی، مودود احمد صابری کی تحریریں شامل ہیں۔ ان کے علاوہ مولانا عبدالماجد دریابادی، پروفیسر سید احتشام حسین، پروفیسر آل احمد سرور، شیخ عبدالقادر، مولانا

نیاز فتح پوری، جوش ملیح آبادی، تاجور نجیب آبادی، پروفیسر تلوک چند محروم، ڈاکٹر تاثیر، عبدالرحمٰن چغتائی، پروفیسر اللہ بخش، اثر لکھنوی، رشید احمد صدیقی، پروفیسر تاج محمد خیال، چراغ حسن حسرت، ممتاز حسن، شاد عارفی، پیر علی محمد راشدی، حمید نظامی، الحاج خواجہ ناظم الدین، سردار عبدالرب نشتر، نواب مشتاق احمد گورمانی، خواجہ شہاب الدین، میجر جنرل آغا محمد رضا، چودھری نذیر احمد، خان بہادر ایس ایم شریف، چودھری غلام عباس، خلیفہ شجاع الدین، ابن انشا کے نذرانے شامل ہیں۔

زندہ شخصیات پر قلم اٹھانا، ان کی شخصیت وفن کو ضابطہ تحریر میں لانا اور ان پر ضخیم نمبر نکالنا ایک کٹھن اور نازک کام ہے جس کو جتنا بھی سراہا جائے وہ کم ہے۔ جوش اور حفیظ جیسی شخصیات پر نمبر نکالنے کے حوالے سے مرزا ادیب رقمطراز ہیں

''افکار کے دو شخصی نمبر نکال کر آپ نے صدیوں کی ایک روایت کو عملاً غلط ثابت کر دیا ہے۔'' [۹]

فیض نمبر افکار کراچی، ۱۹۶۵ء، شمارہ ۱۶۴، ۱۶۵، ۱۶۶

اس نمبر میں فیض احمد فیض کی نادر و یادگار غیر مطبوعہ تحریر و تخلیقات کے علاوہ احباب کو لکھے گئے ۱۴ خطوط اور ایلس فیض کو لکھے گئے ۵ خطوط شامل ہیں۔ ۳۳ شعراء و ادبا کے پیغامات و تاثرات اور ۳۲ ہم عصر شعراء کے نذرانوں کے علاوہ ۱۶ مضامین فیض احمد فیض کی زندگی اور شخصیت پر اور ۲۹ مضامین و مقالات ان کے فکر و فن پر اور ۱۱ مضامین فیض احمد فیض کے اس ایڈیشن میں شامل ہیں۔ فیض کے حوالے سے ۱۳ تذکرے و تبصرے، فیض کی کتابوں سے انتخاب اور فیض کے حوالے سے دس افسانے و فکاہیے فیض نمبر کی زینت ہیں۔ اس نمبر کے حوالے سے شبنم رومانی لکھتے ہیں

''فیض نمبر صاحب موصوف کے شایان شان بھی ہے اور افکار کے لئے فخر کا سامان بھی۔ بعض اہل الرائے کا خیال ہے کہ یہ ضخیم نمبر محض ستائش پر مبنی ہے مگر مولانا ماہر القادری کا مضمون اس اعتراض کی تردید ہے۔ مولانا کا مضمون اگر شامل اشاعت نہ ہوتا تو غضب ہوتا۔'' [۱۰]

فیض احمد فیض پر خصوصی گوشہ فنون لاہور نے مئی جون ۱۹۸۵ء میں شائع کیا۔ [۱۱] جبکہ نومبر ۱۹۸۵ء میں افکار کراچی نے بیاد فیض اور ماہ نو لاہور نے فروری ۲۰۰۲ء میں فیض نمبر شائع کیا۔ [۱۲] اس کے علاوہ متعدد دوسرے ادبی رسائل نے بھی فیض احمد فیض پر خصوصی اشاعتیں پیش کیں۔

غالب نمبر افکار کراچی، فروری مارچ ۱۹۶۶ء، شمارہ ۱۷۴، ۱۷۵

گوہر نایاب کے عنوان سے ۷ نادرو یادگار تخلیقات پیش کی گئی ہیں جن میں ڈاکٹر مولوی عبدالحق، مسلم ضیائی، غالب، عبادت بریلوی، تحسین سروری کی تخلیقات شامل ہیں۔ رعنائی خیال کے عنوان سے غالب پر ۱۱ نئے مضامین شامل کیے گئے ہیں مضمون نگاروں میں ڈاکٹر سید عبداللہ، فیض احمد فیض، پروفیسر احمد علی، ڈاکٹر وزیر آغا، انجم اعظمی، سحر انصاری، آغا افتخار حسین، نظیر صدیقی، لطیف اللہ، نریش کمار شاد اور عبدالحق افروز کے نام شامل ہیں۔ فارسی شاعری پر پروفیسر محمد اسلم قریشی اور مالک رام کے مضامین ہیں۔ مسلم ضیائی نے فارسی کلام سے اور صہبا لکھنوی نے اردو کلام سے انتخاب پیش کیا ہے۔ ۱۴ نئے مضامین بھی دیئے گئے ہیں ان میں اہم مضمون نگار پروفیسر آل احمد سرور، مجنوں گورکھپوری، ، عبادت بریلوی، مجتبیٰ حسین، رضیہ سجاد ظہیر وغیرہ شامل ہیں۔ ۳ مضامین طنز و مزاح پر مبنی ہیں۔ آخر میں عبدالرحمٰن چغتائی کا مضمون الہامی کتاب شامل ہے۔

مجاز نمبر، جوش نمبر، حفیظ نمبر اور فیض نمبر کے بعد غالب نمبر نکال کر ایک نئی روایت قائم کی ہے زندہ اور زندہ جاوید ہر دو قسم کی شخصیتیں فن کے اعتبار سے سراہے جانے کے لائق ہیں۔ یقیناً یہ ایک ایسی دستاویز ہے جسے غالب اور اس کے فن پر انسائیکلو پیڈیا قرار دیا جا سکتا ہے۔ خالد محمود لکھتے ہیں

''افکار کی یہ روش لائق تحسین ہے کہ وہ قدیم و جدید کو یکساں اہمیت دیتا ہے اگر ایک طرف اس نے مجاز، فیض، حفیظ، جوش اور منٹو پر نمبر نکالے ہیں تو دوسری طرف کلاسیکی شعراء کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ اس کی ایک زندہ مثال غالب نمبر ہے گویا

گنجینۂ معنی کا طلسم اس کو سمجھئے [۱۳]

غالب نمبر افکار کراچی، فروری مارچ ۱۹۶۹ء، شمارہ ۲۱۰، ۲۱۱

اس ایڈیشن میں رشید احمد صدیقی کا کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا، سحر انصاری کا غالب کے تین نقاد، سحر انصاری کا واقعات غالب، بیگم افضل کاظمی کا غالب شاعر بت شکن، بلقیس جہاں کا غالب .میری سوت، سید احمد علی کا مسائل اسلوب اور بیان غالب، افتخار احمد عدنی کا غالب اور آزادی، انعام الحق کوثر کا غالب و ناطق، عبدالمنان غازی کا غالب کا ذہن، ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری کا محاسن کلام غالب، عرش ملسیانی کا غالب بحیثیت غزل گو، مالک رام کا ذکر غالب، مولانا غلام رسول مہر کا فکر غالب کی معجز نمائیاں، محمد یوسف کا دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں، مختار زمن کا مرزا غالب جو ہوتے اب تو کیا ہوتا، یاس یگانہ چنگیزی کا غالب شکن، مرتضیٰ حسین لکھنوی کا غالب کی ایک نئی تحریر جیسے مضامین شامل ہیں۔

اقبال نمبر افکار کراچی، اپریل مئی ۱۹۶۹ء، شمارہ ۲۱۲، ۲۱۳

اس خاص نمبر میں علامہ اقبال کے حوالے سے ۶ نئے مضامین شامل کیے گئے ہیں۔ جن میں صہبا لکھنوی کا اقبال کا ایک غیر مطبوعہ خط، کامل القادری کا اقبال کی ایک نادر تحریر، پروفیسر ممتاز حسین کا اقبال ایک گفتگو، بیگم افضل کاظمی کا اقبال کا تصور وطنیت، ڈاکٹر حنیف فوق کا جہان تازہ، مختار زمن کا خودی عشق کلچر وغیرہ شامل ہیں۔ اقبال کے حوالے سے عزیز احمد لکھتے ہیں

''جس طرح پریم چند دو تمدنوں کو ایک پل کی طرح ملاتے ہیں اسی طرح اقبال کی شاعری دو تمدنوں کو نہیں ملاتی بلکہ دنیا کے ہر تمدن کا جوہر اپنے اندر رکھتی ہے۔ اور اسی لیے بے زمان اور لازوال ہے۔ ترقی پسند شاعری کی سب سے بڑی محرک بنی۔'' [۱۴]

علامہ محمد اقبال کی وفات کے بعد شائع ہونے والے اقبال نمبروں میں درج ذیل رسائل اہمیت کے حامل ہیں۔ علی گڑھ میگزین، علی گڑھ (اپریل ۱۹۳۸ء)، جوہر دہلی (۱۹۳۸ء)، سب رس حیدر آباد دکن (جون ۱۹۳۸ء)، اردو دہلی (اکتوبر ۱۹۳۸ء، طبع جدید انجمن ترقی اردو کراچی ۱۹۷۷ء)

اس عرصے میں چھوٹے بڑے، بیسیوں بلکہ سینکڑوں اقبال نمبر منظر عام پر آئے۔

پیغام حق لاہور (۱۹۴۶ء)، نوید صبح سرگودھا (۱۹۵۲ء)، نگار پاکستان کراچی (۱۹۶۲ء)، خیابان پشاور (۱۹۶۲ء)، ادبی دنیا لاہور (۱۹۶۳ء)، سیارہ لاہور (۱۹۶۳ء)، ماہ نو لاہور (۱۹۷۰ء)، ضیاء بار سرگودھا (۱۹۷۳ء)، صحیفہ اول لاہور (۱۹۷۳ء)، صحیفہ دوم لاہور (۱۹۷۴ء)، اسلامی تعلیم لاہور (۱۹۷۴ء)، راوی لاہور (۱۹۷۴ء)، مہک گوجرانوالہ (۱۹۷۵ء)، نقوش لاہور (ستمبر ۱۹۷۷ء)، نقوش دوم لاہور دسمبر (۱۹۷۷ء) وہ خصوصی اشاعتیں ہیں جو علامہ محمد اقبال کے حوالے سے وقتاً فوقتاً منظر عام پر آئیں۔ [۱۵]

مصطفیٰ زیدی نمبر افکار کراچی، نومبر ۱۹۷۰ء، شمارہ ۸، دسمبر ۱۹۷۰ء، شمارہ ۹

مصطفیٰ زیدی نمبر نومبر ۱۹۷۰ء میں شائع ہوا۔ یہ ہاتھوں ہاتھ لے لیا گیا اسی لیے اس کا دوسرا اضافہ شدہ ایڈیشن دسمبر ۱۹۷۰ء میں شائع کیا گیا۔ مصطفیٰ زیدی جوش اور مجاز سے بہت متاثر تھے۔ زیدی نے اردو شاعری کی مجرد ہئیت سے انحراف کر کے اسے اپنے فن سے نامیاتی ہئیتیں بخشی ہیں۔ اس کے فن کی معراج تاثر کی یکسانی ہے۔ [۱۶]

اس خاص نمبر میں مصطفیٰ زیدی کی غیر مطبوعہ و نادر تخلیقات میں دس نظمیں، دو غزلیں اور انتخاب غزلیات شامل ہیں۔ مضامین و مقالات میں سید رضا کاظمی کا مصطفیٰ کہ جو تھا، سبط حسن کا شاعر محفلِ وفا، سید احمد علی کا مصطفیٰ

زیدی کچھ یادیں کچھ باتیں،احمد ندیم قاسمی کا زیدی کا فن،سحر انصاری کا جو سنا افسانہ تھا،فراق گورکھپوری کا پیش لفظ (زنجیریں)،محمد علی صدیقی کا ایک زندہ شاعر،ابن انشا کا اس کے تین خط،محسن بھوپالی کا مصطفیٰ زیدی کا چہلم،لطیف کاشمیری کا زیدی۔ایک کھلی کتاب،مسعود اشعر کا انبوہ کی تنہائی کا المیہ،نصیر ترابی کا ایک خط چار نظمیں،مصطفیٰ زیدی کے اپنا دیوان بغل میں داب کے میر،مجاز،نورا،شمیم امیر بھائی اور میں،شامل ہیں۔رئیس امروہوی،قمر ہاشمی،شبنم رومانی،سحر انصاری اور حسن اکبر کمال کے حروف عقیدت،نیاز میر کا طنزیہ،مقصود الٰہی شیخ،آغا سہیل،اعتبار ساجد،علی حیدر ملک،مرغوب راحت اور مظہر الاسلام کے افسانے شامل ہیں۔مصطفیٰ زیدی نمبر کے حوالے سے ستار طاہر لکھتے ہیں

''افکار نے شخصیات پر نمبر شائع کرنے کی ایک صحت مند روایت قائم کی ہے اور افکار کا یہ خاص نمبر بھی اسی صحت مند روایت کی ایک کڑی ہے اور اس کے مطالعے کے بعد مصطفیٰ زیدی کی شخصیت اور فن نکھر کر سامنے آجاتے ہیں اور کہیں تشنگی محسوس نہیں ہوتی۔'' [۱۷]

مصطفیٰ زیدی کے ذاتی خطوط اور غیر مطبوعہ نظموں نے اس کی قدر و قیمت بڑھا دی ہے۔انتخاب کلام میں اس کی شاعری کے تمام نمایاں گوشے سامنے آجاتے ہیں۔اس نمبر میں شامل مضامین و مقالات اور مصطفیٰ زیدی کی شاعری کے حوالے سے ممتاز شاعر محشر بدایونی لکھتے ہیں

''اس میں مصطفیٰ زیدی کی شخصیت اور شاعری کے پہلوؤں کو جس صداقت اور صفائی سے اجاگر کیا گیا ہے وہ ہماری تاریخ ادب کے لئے ایک سرمائے کی حیثیت رکھتے ہیں۔ان کے نام کے ساتھ افکار کا یہ نمبر بھی زندہ رہے گا۔ [۱۸]

حفیظ ہوشیار پوری ایڈیشن افکار کراچی،مارچ ۱۹۷۳ء،شمارہ ۳۶

حفیظ جالندھری ایک محقق،دانشور اور شاعر کی حیثیت سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔اس ایڈیشن میں ان کی شخصیت و فن پر سات مقالات ہیں جن میں احمد ندیم قاسمی کا حفیظ کی پہلو دار شخصیت،پروفیسر مجتبیٰ حسین کا حفیظ ہوشیار پوری مرحوم،محمد علی صدیقی کا حفیظ ہوشیار پوری۔سراغ رفتگاں،محشر بدایونی کا آہ حفیظ خوش بیاں،ضیاء جالندھری کا عہد وفا کا شاعر،جاذب قریشی کا حفیظ ہوشیار پوری کا ایک شعر،حنیف فوق کا ایک دبی دبی صدا شامل ہیں۔حفیظ کے چار خطوط بنام محشر بدایونی،ان کے کلام سے انتخاب،ان کا انٹرویو،اور آٹھ شعراء کا نذرانہ عقیدت،تعزیتی جلسے اور تاثرات بھی اس ایڈیشن کی زینت ہے۔

سجاد ظہیر ایڈیشن   افکار کراچی دسمبر ۱۹۷۳ء شمارہ ۴۵

سجاد ظہیر ایک فعال ادبی شخصیت کے مالک تھے جنھوں نے ترقی پسند انجمن قائم کر کے برصغیر کے ادبی ماحول کو یک سر بدل دیا۔ اس ایڈیشن میں سجاد ظہیر کے چار خطوط بنام سبط حسن، واجدہ تبسم اور سجاد ظہیر کے نام پریم چند کے چار خط دیے گئے ہیں، ان خطوط کے علاوہ صہبا لکھنوی نے اشاریہ میں سجاد ظہیر کا وہ خط بھی بجنسہ پیش کیا ہے جو سجاد ظہیر نے مچھ جیل سے رضیہ سجاد ظہیر کو بھیجا تھا اور اسے افکار کراچی نے شمارہ ۲۹، ۱۹۵۳ء میں شائع کیا تھا۔ اس کے علاوہ سجاد ظہیر کی شخصیت اور فن پر تیرہ مضامین و مقالات کے ساتھ ساتھ ۶ شعراء کے نذرانے بھی شامل ہیں۔ متاع لوح قلم کے عنوان سے سجاد ظہیر کے سات مضامین ایڈیشن کی زینت ہیں۔ اس ایڈیشن کے حوالے سے مسعود اشعر لکھتے ہیں

’’اس ایڈیشن میں صرف سجاد ظہیر کی شخصیت ہی پوری طرح سامنے نہیں آتی بلکہ ترقی پسند تحریک کی تاریخ بھی سامنے آجاتی ہے۔‘‘ [۱۹]

مجلّہ ’’افکار‘‘ نے جہاں ادب سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات کو ان کی زندگی ہی میں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے شخصیات نمبر شائع کیے وہاں اس نے دنیا سے رخصت ہو جانے والے شعراء و ادبا کو بھی فراموش نہیں کیا۔ اور ان کی وفات کے فوری بعد ان شخصیات کے حوالے سے اچھا خاصا مواد فراہم کیا۔ انور سدید لکھتے ہیں

’’مصطفٰے زیدی اور حفیظ ہوشیار پوری کے بعد رفتگاں کو فوری طور پر خراج عقیدت پیش کرنے کی یہ بہت اچھی مثال ہے اور یہ میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ کسی ادبی پرچے کو تو اتنی توفیق بھی نہیں ہوتی کہ وہ مردے کی قبر پر مٹھی بھر لفظوں کی مٹی ہی ڈال دے۔‘‘ [۲۰]

حمید احمد خان ایڈیشن   افکار مئی ۱۹۷۴ء، شمارہ ۵۰

حمید احمد خان ایڈیشن میں غیر مطبوعہ خطوط کے ضمن میں ان کے خطوط بنام ان کے بیٹے سعید احمد خان، سید وقار عظیم، امجد علی خاں اور ہاجرہ مسرور، شان الحق حقی، محسن بھوپالی کے نام ہیں۔ ان کی دو یادگار یں تحریریں رسالتمآب کے عہد میں حقوق انسانی اور اردو ادب (۴۵۔۱۹۷۰) کے ساتھ ڈاکٹر سید معین الرحمٰن کا مضمون بابائے اردو اور حمید احمد خان شامل ہیں۔ شعراء کے نذرانے کے علاوہ تاثرات، تعزیتی خطوط، قراردادیں شامل ہیں۔ ان کے فکر و فن پر ڈاکٹر سید عبداللہ کا مضمون حمید احمد خان ذوق وشوق کا پیکر، سید وقار عظیم کا ارمغان حالی، ڈاکٹر فرمان فتح پوری کا پروفیسر حمید احمد خان اور مرزا غالب، محمد علی صدیقی کا اقدار کا سفیر جیسی تحریریں بھی موجود ہیں۔ اس ایڈیشن

کے بارے میں انور سدید لکھتے ہیں

''حمید احمد خان ایڈیشن میں وہ تمام مواد موجود ہے جس سے مرحوم پر کام کرنے کی تحریک ہو سکتی ہے۔'' [۲۱]

احمد ندیم قاسمی نمبر افکار کراچی، جنوری فروری ۱۹۷۵ء، شمارہ ۵۸، ۵۹

اس خاص نمبر میں ۱۸ شعرا و ادباء کے پیغامات و تاثرات احمد ندیم قاسمی کی ۱۶ غیر مطبوعہ تخلیقات، قاسمی صاحب پر ۳۷ تنقیدی مضمون اور شخصیت کے حوالے سے ۲۴ مضامین اور ایک یادگار انٹرویو، احمد ندیم قاسمی کے ۹ منتخب افسانے، دھڑکنیں، رم جھم، جلال جمال، شعلۂ گل اور دشت وفا سے انتخاب کلام، ۳۸ شعرا کا منظوم نذرانہ، احمد ندیم قاسمی کی زمینوں میں ۳۱ شعراء کی غزلیں ۱۳ شعراء وادباء کے نام احمد ندیم قاسمی کے غیر مطبوعہ خطوط اور آخر میں احمد ندیم قاسمی، پروفیسر ممتاز حسین، ہاجرہ مسرور، جمیل الدین عالی، سید انور اور محسن احسان کی تحریریں ہیں۔ احمد ندیم قاسمی نمبر کے حوالے سے کوثر چاند پوری لکھتے ہیں

''ایک ہزار صفحات کا یہ نمبر یقیناً ایک شاہکار ہے۔ ندیم کی زندگی کے تمام گوشے بے نقاب ہو کر سامنے آ گئے ہیں۔'' [۲۲]

احمد ندیم قاسمی نمبر میں شامل مضامین و مقالات میں ڈاکٹر سید عبداللہ کا وہ کہ شاعر بھی ہے انسان بھی ہے، سید وقار عظیم کا ندیم کے افسانے سناٹا کے بعد، اسلوب احمد انصاری کا احمد ندیم قاسمی اور اردو افسانہ، ڈاکٹر حنیف فوق کا ندیم کی شخصیت فن اور رابطہ عصر، ڈاکٹر وزیر آغا کا احمد ندیم قاسمی کا فن، پروفیسر غلام رسول تنویر کا اکیلا کولمبس، ڈاکٹر فرمان فتح پوری کا ندیم اور علامتی افسانہ، ڈاکٹر قمر رئیس کا افسانہ نگار ندیم، پروفیسر شریف کنجاہی کا ندیم کے ترقی پسندانہ افکار، جمیل ملک کا شہر و دیہات کا سنگم، سحر انصاری کا دشتِ وفا کا سفر، فتح محمد ملک کا احمد ندیم قاسمی کا آدم نو، لالۂ صحرا کا کلام ندیم کے جلال میں جمال کے پہلو، محمد علی صدیقی کا قاسمی کی شاعری کا فکری پس منظر، جابر علی سید کا ندیم کی ایک تمثیلی نظم، نصر اللہ خان کا قاسمی بحیثیت کالم نگار، حسن عابدی کا ندیم بحیثیت صحافی، شہزاد منظر کا ندیم اور ترقی پسند تحریک، سلیم اختر کا کپاس کا پھول، امجد اسلام امجد کا احمد ندیم قاسمی کی نظمیں، آصف ثاقب کا ندیم کا دبستانِ شاعری، مبارک اکمل گیلانی کا غم کی تیسری جہت، خالد عرفان کا احمد ندیم قاسمی ایک تاثر، غلام محمد قاصر کا چوتھا عنصر، غلام قادر آزاد کا ندیم۔ ایک آفاقی شاعر علی حیدر ملک کا احمد ندیم قاسمی اور آبلے، عذرا اصغر کا ندیم صاحب بعد شامل ہیں۔ تاریخ ادب کے اس شاہکار کے بارے میں ابوسلمان شاہجہان پوری لکھتے ہیں

''ندیم نمبر نظر سے گزرا۔۔۔ احمد ندیم قاسمی ہی کی طرح وقیع و شاندار ضخامت معیار اور جامعیت ہر لحاظ سے

بلند و عظیم ایک دور کی ادبی تاریخ اور افکار و رجحانات کا آئینہ ۔۔۔۔۔۔تاریخ ادب میں ہمیشہ زندہ رہنے والا کارنامہ ایک ایسا درخت جس کی جڑیں زمین میں مضبوط جمی اور شاخیں فضا میں پھیلی ہوئی ہوں اور پھلوں سے لدا ہوا ہو۔'' [۲۳]

احمد ندیم قاسمی اپنی تخلیقات شاعری، افسانہ نگاری اور کالم نگاری کی وجہ سے اردو ادب اور برصغیر کے شعراء وادبا میں ایک ممتاز مقام اور رتبہ کے حامل ہیں۔ان کے اعتراف فن کے طور پر مجلّہ ''افکار'' نے ان کے شایان شان یہ ضخیم، جامع اور ہمہ گیر خصوصیات کا حامل نمبر شائع کیا ہے۔رام لعل لکھتے ہیں

''قاسمی صاحب ہر لحاظ سے اس بات کے مستحق ہیں کہ ان پر نہ صرف اس طرح شاندار نمبر شائع کیے جائیں بلکہ کتابیں بھی لکھی جائیں جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ کا کام دیں گی۔۔۔ان کا رتبہ ہمارے عہد کے شعراء فراق فیض اور سردار جعفری کے ساتھ اور افسانہ نگاروں میں کرشن چندر، منٹو اور بیدی کے ساتھ ہی متعین ہو چکا ہے۔''

[۲۴]

امیر خسرو ایڈیشن افکار کراچی، نومبر دسمبر ۱۹۷۵ء، شمارہ ۶۸، ۶۹

اس نمبر میں ضمیر نیازی کا امیر خسرو کی زندگی۔شخصیت وفن کا مستند جائزہ، ریاض صدیقی کا مضمون خسرو کی خود نوشت، ضمیر نیازی کا امیر خسرو تذکروں میں، خلیق احمد نظامی کا امیر خسرو مؤرخ کی حیثیت سے، نثار احمد فاروقی کا امیر خسرو کی دو تصانیف کا جائزہ، امیر حسن عابدی کا امیر خسرو کی نادر تصانیف ترکی میں، معین الدین عقیل کا قران السعدین کی تاریخی حیثیت، ڈاکٹر فرمان فتح پوری کا خسرو کی اردو شاعری اور اس کا پس منظر، احمد رئیس کا امیر خسرو اور سلسلہ چشتیہ، ڈاکٹر صدیقہ ارمان کا خسرو اردو کا پہلا شاعر، ادیب سہیل کا حضرت امیر خسرو اور موسیقی، حسن منظر کا نمی دانم، حنیف فوق کا ترکیہ میں آثار خسرو، ظ انصاری کا امیر خسرو کے غیر ملکی قدردان، ڈاکٹر ظہیر فتح پوری کا ہندی میں خسرو کا شعری رویہ، عبدالمنان غازی کا حضرت امیر خسرو، عمیق حنفی کا امیر خسرو اور عصر جدید، محمد علی صدیقی کا امیر خسرو سیاسی اور سماجی پس منظر، سید فیضی کا امیر خسرو اور سماع، اس نمبر میں شامل اہم مضامین ہیں۔اطہر نادر لکھتے ہیں

''میرا خیال ہے پچھلی سات صدیوں میں امیر خسرو پر ایسی کوئی ادبی دستاویز اب تک شائع نہیں ہوئی۔''

[۲۵]

امیر خسرو ایڈیشن کے لئے علی عباس حسینی کی تمثیل امیر کا انعام، راہ کا رومان اور امیر نے آب نیساں برسایا بطور خاص شائع کی گئی ہیں۔آخر میں سحر انصاری نے انتخاب غزلیات خسرو امیر خسرو کے درج ذیل دو دواوین سے

پیش کیا ہے۔

۱۔دیوان کامل امیر خسرو دہلوی مرتبہ سعید نفیسی مطبوعہ تہران

۲۔دیوان امیر خسرو دہلوی مرتبہ ڈاکٹر انوارالحسن مطبوعہ نول کشور اکیڈمی لکھنؤ مملوکہ ضمیر نیازی

امیر خسرو کے حوالے سے مجلّہ ''افکار'' کا یہ نمبر مقالوں، مضامین اور خسرو کے متعلق معلومات کا محض ایک مجموعہ نہیں ہے بلکہ مندرجات کو جس توازن کے ساتھ مختلف ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے وہ ادارتی صلاحیتوں کا غماز ہے۔افکار کا خسرو نمبر ایک بھرپور نمبر ہے اب تک ہندوستان میں کسی رسالے نے ایسا نمبر شائع نہیں کیا ہے۔یہ نمبر نہ صرف خسرویات کے باب میں ممتاز ترین حیثیت اور خصوصیت کا حامل ہے بلکہ بین الاقوامی ادبی فورم پر اہل پاکستان اور پاکستان کی جانب سے خسرو کے سات سوسالہ جشن کی سب سے اہم یادگار ہے۔[۲۶]

خسرو تقریبات اور امیر خسرو پر خصوصی اشاعتوں کے حوالے سے ڈاکٹر محمد علی صدیقی لکھتے ہیں

''خسرو تقریبات کے سلسلے میں بہت کچھ ہوا۔اخبارات کے خصوصی ضمیمے ریڈیو اور ٹی وی سے خصوصی پروگرام اور بین الاقوامی سیمینار۔لیکن افکار ہی کو یہ فخر حاصل ہوا کہ اس کا خسرو ایڈیشن تمام رسالوں کے خصوصی نمبروں پر ہر لحاظ سے بھاری ہے۔'' [۲۷]

کرشن چندر ایڈیشن   افکار کراچی، مئی ۱۹۷۷ء، شمارہ ۸۶

اس ایڈیشن میں صہبا لکھنوی کے اشاریہ کے بعد کرشن چندر کی زندگی، شخصیت اور فن کے حوالے سے ڈاکٹر احمد حسن کا ساز حیات اور کرشن چندر کا آئینہ خانے میں اہم ہیں۔فکر وفن کے بارے میں پروفیسر ممتاز حسین کا کرشن چندر کی یاد میں، محمد علی صدیقی کا کرشن چندر۔ہمہ جہت فنکار، ضمیر نیازی کا کرشن چندر سچائی کا علمبردار، ریاض صدیقی کا کرشن چندر اور پورتاژ، ڈاکٹر احمد حسن کا کرشن چندر کا آرٹ اور تکنیک، کرشن چندر کی شخصیت کے حوالے سے قدوس صہبائی کا کرشن چندر چند یادیں، ڈاکٹر صابر آفاقی کا کرشن چندر اور پیر پنجال، میرزا ادیب کا گہرے پانیوں کے مسافر کو آخری سلام، احمد جمال پاشا کا ان کی یادوں کے چنار، اختر جمال کا میرے بھائی کرشن جی، سرور جمال کا کرشن چندر کچھ یادیں کچھ آہیں جیسے مضامین و مقالات شامل ہیں۔

کرشن چندر کی منتخب تخلیقات میں اردو کی ترقی پسند تحریک، کہانی کی کہانی، مہالکشمی کا پل، جنتا سے اجنتا تک اور لیڈر کی کرسی، چند غیر مطبوعہ خطوط رام لعل کے نام شائع کی گئی ہیں۔اس کے علاوہ آٹھ شعراء کا نذرانہ اور سبط حسن، احمد ندیم قاسمی، ڈاکٹر جمیل جالبی، حمید اختر، ابن انشا اور انتظار حسین کے تعزیتی ریفرنس بھی شامل کیے گئے

ہیں۔آخر میں قدوس صہبائی کی خودنوشت کی دوسری قسط دی گئی ہے۔

نذرِ اقبال　　　　افکار کراچی، دسمبر ۱۹۷۷ء، شمارہ ۹۳

سال اقبال کی مناسبت سے شائع ہونے والے خصوصی شماروں میں افکار غالباً پہلا قابل توجہ شمارہ ہے۔افکار نے اکثر ایسے موضوعات کا سراغ لگایا ہے جو نادرونایاب بھی ہیں اور طالبان علم وادب کیلئے سرمایہء خاص بھی۔اقبال کے قطعات پر جواباً نظم کیے گئے شاد کے وہ قطعات جو کبھی خواجہ حسن نظامی نے پریم سنگم کے نام سے شائع کیے تھے شمارہ متذکرہ کی زینت بنے ہیں۔اقبال اور شیش محل کے عنوان پر ممنون حسن خاں اور ڈاکٹر اخلاق اثر کی تحریریں تحقیق کے سرمائے میں اہم اضافہ شمار ہوں گی۔پروفیسر ایم ایم شریف کا مضمون بھی بلاشبہ نئی تلاش ہے اقبال کی ایک تصویر جس پر ان کے دستخط ثبت ہیں اور گاندھی جی کا اردو خط جس میں اقبال کی نظم پر تبصرہ ہوا اور اقبال کے ماہانہ وظیفے کے احکام کی نقل بھی زیر نظر شمارے میں شامل ہے۔

اس ایڈیشن میں کارگہِ فکر کے عنوان سے اقبال پر ۹ مقالات دیے گئے ہیں مقالہ نگاروں میں محمد علی صدیقی، ڈاکٹر یوسف حسین خان، پروفیسر مجتبیٰ حسین، انجم اعظمی، ریاض صدیقی وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔نصراللہ خان، مختار زمن اور صبیح محسن نے اقبال کے حوالے سے شوخ مضامین تحریر کیے ہیں۔فیضان نظر کے عنوان سے ۱۴ شعراء کا اقبال کو شعری خراج تحسین بھی اس نمبر میں شامل ہے۔

۱۹۷۷ء میں صد سالہ تقریبات اقبال کے موقع پر افکار کراچی، کتاب لاہور، قومی زبان کراچی، سہ ماہی اردو کراچی، فکرونظر اسلام آباد، نگار پاکستان، فنون لاہور، ماہ نو لاہور، صحیفہ لاہور، سب رس لاہور، العلم کراچی، غالب کراچی، بیاد اقبال لاہور، پیغام کراچی، صریر خامہ حیدرآباد سندھ، رگ سنگ لورالائی نے بھی اقبال نمبر شائع کیے۔

[۲۸]

رومی ایڈیشن　　　　افکار کراچی، اپریل ۱۹۷۸ء، شمارہ ۹۷

پشاور میں سات سو سالہ جشن رومی منایا گیا تو اس یادگار موقع پر یہ ایڈیشن شائع کیا گیا۔اشاریہ میں مہمان مدیر محمد علی صدیقی نے اس ایڈیشن اور سات سو سالہ جشن رومی پر روشنی ڈالی ہے۔فضل الٰہی چودھری کے افتتاحی خطبہ اور جسٹس عبدالحکیم خان اور پروفیسر اسمٰعیل سیٹھی کے خطبہ استقبالیہ کے علاوہ اس ایڈیشن میں رومی کے حوالے سے ڈاکٹر مظہر علیخاں، ڈاکٹر سید عبداللہ، امجد اسلام امجد، عطاء الحق قاسمی اور صہبا لکھنوی کے مضامین، ریاض صدیقی کا سال اقبال اور ادبی رسائل کے حوالے سے مختصر جائزہ شامل ہیں۔سات مختصر طویل نظمیں، ۹ غزلیں، سات افسانے

اور پروفیسر مجنوں گورکھپوری کی داستان حیات بھی شائع کی گئی ہے۔

بیادِ جوش افکار کراچی، جولائی ۱۹۸۲ء، شمارہ ۱۴۸

جوش ملیح آبادی کی یاد میں شائع ہونے والے اس ایڈیشن میں محمد علی صدیقی کا جوش اور عظمت انسان، مسعود احمد برکاتی کا جوش ایک ذاتی مطالعہ، قمر اجنالوی کا شاعر انقلاب، ڈاکٹر فرمان فتح پوری کا کراچی میں جوش صاحب کی پہلی آمد، تابش دہلوی کا جوش حیدرآباد دکن میں، جمیل جالبی کا جوش کے لطیفے، حنیف فوق کا جوش پاکستان اردو اور اسلام، خلیق ابراہیم خلیق کا جوش اور لکھنؤ، عبدالمنان غازی کا جوش حواس خمسہ کا شاعر، شمیم اکرام الحق کا جوش ملیح آبادی مذہب سے برگشتہ کیوں ہوئے، رشید نثار کا جوش شاعر انسانیت، ڈاکٹر سلیم اختر کا جوش کا نفسیاتی مطالعہ، نور الصباح بیگم کا یادوں کی برات اور بیگم جوش، نیاز فتح پوری کا جوش کی صحیح عظمت شاعرانہ، ممتاز حسین کا جوش فکر وفن کے آئینے میں، ہلال نقوی کا اردو مرثیہ اور جوش، شامل ہیں۔

مجلّہ ''افکار'' نے جوش ملیح آبادی کی ادبی خدمات کو سراہنے اور انھیں خراج تحسین پیش کرنے کے لیے پہلے جوش نمبر شائع کیا اور پھر ان کی وفات کے موقع پر شمارہ بیاد جوش شائع کیا۔ احمد رئیس لکھتے ہیں

''جوش نمبر سے تازہ جوش ایڈیشن تک افکار نے بلاشبہ جوش شناسی کی ایک مہتمم بالشان تاریخ مرتب کی ہے اور جوش صاحب کو اس سچائی، خلوص اور بے باکی سے پروجیکٹ کیا ہے کہ ایسی کوئی مثال نہیں ملتی۔'' [۲۹]

جوش ملیح آبادی کی شخصیت اور فن کے مکمل احاطہ کرنے کیلئے افکار کی جوش کے حوالے سے خصوصی اشاعتوں کو نہایت اہمیت حاصل ہے۔ الطاف احمد لکھتے ہیں

''بیادِ جوش ایک جامع اور مربوط ریکارڈ ہے۔'' [۳۰]

جوش ملیح آبادی کی نظمیں ہوں، رباعیات ہوں یا کوئی دوسری تخلیقات، اپنی جگہ سب اہم ہیں۔ ڈاکٹر سلیم اختر لکھتے ہیں

''جوش کے کلام کا انتخاب بھی خوب ہے اور بہت سی تاریخی اہمیت کی نظمیں آپ نے جمع کر لی ہیں جو شاعر سورۂ رحمٰن کا اتنا خوبصورت ترجمہ کر سکتا ہے وہ بھلا ملحد اور دہریہ کیسے ہو سکتا ہے۔'' [۳۱]

بیادِ فیض افکار کراچی، نومبر ۱۹۸۵ء، شمارہ ۱۸۸

یہ خصوصی شمارہ فیض احمد فیض کی پہلی برسی کے موقع کی مناسبت سے شائع کیا گیا ہے۔ مجلّہ افکار پہلے بھی فیض پر ایک ضخیم نمبر نکال چکا ہے۔ اس نمبر کا اشاریہ مہمان مدیر محمد علی صدیقی نے لکھا ہے۔ فیض کے مستند حالات زندگی صہبا

لکھنوی نے ترتیب دیے ہیں۔ ایلس فیض نے فیض کے اعزازات اور ان پر ہونے والے تحقیقی کام پر روشنی ڈالی ہے۔

فیض نمبر کے حوالے سے صہبا کے نام فیض کا ایک خط اور فیض احمد فیض کے تین غیر مطبوعہ آٹو گراف بھی اس نمبر میں شامل کیے گئے ہیں۔ فیض احمد فیض کا صہبا کے نام بیروت سے آخری خط، حزیں لدھیانوی کے نام فیض کا آخری قلمی خط، فیض کی دو یادگار قلمی تحریریں فیض کی غیر مطبوعہ، نادر و نایاب تصاویر تین یادگار انٹرویوز فیض کی ۱۶ تخلیقات اس شمارے میں شامل کی گئی ہیں۔ نوامی لیزرڈ کا انگریزی میں اور شیلندر کمار سنگھ کا اردو میں فیض کو نذرانہ عقیدت کے علاوہ نو شعراء کا منظوم نذرانہ عقیدت بھی اس خصوصی نمبر کا حصہ ہے۔ فیضان عارف لکھتے ہیں

''یوں تو فیض پر تقریباً ہر اخبار اور جریدے نے خصوصی ایڈیشن چھاپے۔ لیکن یقیناً افکار کا فیض نمبر پتھروں میں ہیرے کی مثال ہے۔'' [۳۲]

فیض احمد فیض کی وفات پر شائع ہونے والا افکار کا بیادِ فیض شمارہ فیض کی شخصیت اور فکر و فن پر روشنی ڈالتا ہے ۔اس شمارے کے بارے میں پروفیسر ظہور احمد اعوان لکھتے ہیں

''یہ شمارہ ایک دستاویز کا درجہ اختیار کرے گا۔ فیض کی اپنی تحریر کے نقوش، کیلنڈر، پوسٹر، غرض کیا نہیں ہے خوشبو کی طرح بولتا مہکتا اور فکر و خیال میں گندھا یہ نمبر یادگار رہے گا۔'' [۳۳]

نذرِ اختر حسین رائے پوری افکار کراچی، مئی ۱۹۸۶ء، شمارہ ۱۹۴

شخص و عکس کے عنوان کے تحت صہبا لکھنوی نے ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری کے مستند حالات زندگی رقم کیے ہیں اور ان کا تصویری البم بھی دیا ہے۔ سید سبط حسن، الطاف فاطمہ، سید نور، ڈاکٹر اسلم فرخی، ڈاکٹر کلیم سہسرامی، قمر ہاشمی اور محمد عصام عظیم آبادی نے اختر حسین رائے پوری کی شخصیت پر مضامین لکھے ہیں۔ ڈاکٹر اختر حسین جعفری کے فکر و فن کے حوالے سے ۱۵ مضامین مقالات شامل کیے گئے ہیں۔ جن میں احمد ندیم قاسمی، علی سردار جعفری، ڈاکٹر حنیف فوق، مظفر علی سید، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، سحر انصاری، مختار زمن وغیرہ کے مضامین شامل ہیں۔

ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری کی خودنوشت ''گردِ راہ'' پر گیارہ ادیبوں کے تبصرے اور تذکرے اکٹھے کیے گئے ہیں اور اختر حسین رائے پوری کا مضمون کچھ اپنے اور سوانح نگاری کے بارے میں بھی اس ایڈیشن میں شامل ہے۔ ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری کے تین انٹرویو، چار مضامین ''ادب اور زندگی''، ''عصر حاضر میں ادب کا مقام''، ''محفل رقص کی تصویر''، ''مقدمہ'' اور چار افسانے ''باغی''، دل کا اندھیرا''، مجھے جانے دو''، اور'' کافرستان کی شہزادی'' شامل

ہیں۔

اختر حسین رائے پوری اردو ادب کی ایک ممتاز و مشہور شخصیت تھی سہ ماہی فنون لاہور نے بھی اختر حسین جعفری پر ایک خصوصی اشاعت مئی اگست ۱۹۹۲ء میں پیش کی۔[۳۴] کسی نثر نگار پر اس کی زندگی میں اتنا بھرپور جامع نمبر آج تک شائع نہیں ہوا۔ مجلّہ ''افکار'' اس کتاب دشمنی اور دانش سوزی کے ماحول میں قابل مبارکباد ہے کہ اس نے ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری ایسی ہمہ جہت شخصیت پر اتنا معیاری اور دستاویزی نمبر شائع کیا۔ [۳۵] اس اشاعت کے بارے میں رئیس امروہوی لکھتے ہیں

''اس یادگار اشاعت میں ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری کے پورے معنوی وجود کا احاطہ کرلیا گیا ہے۔''

[۳۶]

اختر حسین رائے پوری کے ادبی نظریہ کے بارے میں اے حمید لکھتے ہیں

''ادب کو وہ زندگی کا آئینہ تصور کرتے ہیں یہی نہیں بلکہ وہ ادب کو کاروان حیات کا رہبر تسلیم کرتے ہیں۔''

[۳۷]

نذرِ زوبی افکار کراچی، اگست ۱۹۸۹ء، شمارہ ۲۳۳

مجلّہ ''افکار'' نے برصغیر کے نامور مصور مجسمہ ساز اور خطاط آزر زوبی کی سالگرہ کے موقع پر ان کی خدمات کے اعتراف میں 'نذر زوبی نمبر' پیش کیا۔ اس نمبر میں زوبی کو شان الحق حقی اور محشر بدایونی کا منظوم خراج تحسین، زوبی کا ایک انٹرویو، السنید ور بوسانی کا مطالعاتی مضمون ''زوبی، روحانی نظریہ فن کا نقیب'' کے علاوہ ان کی شخصیت اور فن پر ۲۹ مضامین ومقالات شامل کیے گئے ہیں۔ زوبی کی دو آئل پینٹنگ، دو وڈ ورک، چار پین ڈرائنگ، آٹھ مجسمے اور زوبی کی بنائی چھ رنگین ڈرائنگ تصاویر شامل ہیں۔ اس نمبر کا اشاریہ مہمان مدیر محمد علی صدیقی نے تحریر کیا ہے۔ زوبی نمبر کے حوالے سے پروفیسر ضیاء علیگ لکھتے ہیں

''مردہ پرستی اور روایت پسندی کے اس دور میں زوبی نمبر نکال کر ایک بار پھر تم نے نہ صرف زندہ دوستی کا ثبوت دیا ہے بلکہ آج کے انسان کی کج روی اور کم فہمی کے خلاف بغاوت بھی ہے۔۔۔۔ ایک عظیم فنکار کے فن کی مختلف تہوں اور پرتوں کو سمجھنے کا موقع بھی اس کی زندگی میں افکار پڑھنے والوں کو مہیا کیا ہے۔'' [۳۸]

آذر زوبی جنھوں نے کئی ممتاز اردو ادیبوں کو جیتے جاگتے پلاسٹک کے قالب میں ڈھالا اور اقبال کے شکوہ اور جواب شکوہ کی لکیر اور رنگ سے بے مثال عکاسی ہے فی الواقع اس کے مستحق تھے کہ ایک اردو کا ادبی پرچہ ان کے

فن اور شخصیت پر ایک خوبصورت نمبر انھیں پیش کرتا۔[۳۹] ڈاکٹر منیر الدین لکھتے ہیں

''ان کے مجسموں، تصویروں اور پنسل ورک کی طباعت دیر تک یاد کی جاتی رہے گی۔'' [۴۰]

آذر زوبی ایک ایسا تخلیق کار ہے جس نے اپنی تخلیقات کو کسی ایک فن تک محدود نہیں کیا بلکہ انھوں نے مصوری، خطاطی، مجسمہ سازی اور جدید ڈرائنگ اور ڈیزائننگ کے حوالے سے خدمات انجام دی ہیں اور اپنے کمالِ فن سے شاہکار تخلیق کیے ہیں۔ حنیف رامے لکھتے ہیں

''آذر زوبی کی ابتدائی تربیت لاہور کے میو اسکول آف آرٹس میں ہوئی۔ قیام پاکستان کے کچھ ہی عرصہ بعد انھوں نے فیض، منٹو، ممتاز مفتی اور اشفاق احمد جیسے ادیبوں اور شاعروں کے مجسمے بنائے، جن کے عکس ۱۹۵۲ء میں سعادت حسن منٹو اور محمد حسن عسکری کے زیرِ ادارت شائع ہونے والے جریدے ''اردو ادب'' میں چھپے تو ان کے فن کی دھاک بیٹھ گئی پھر وہ جلد ہی اٹلی کے شہر روم چلے گئے جہاں وہ جدید مغربی تحریکوں سے متاثر ہوئے۔ ان کے کام میں مشرق و مغرب کا بہت خوبصورت امتزاج ملتا ہے۔ آخری عمر میں انھوں نے انسانی محبت کے موضوع پر متعدد نفیس ترین ڈرائنگز بنائیں۔'' [۴۱]

سردار جعفری نمبر افکار کراچی، نومبر دسمبر ۱۹۹۱ء، شمارہ ۲۶۰، ۲۶۱

علی سردار جعفری صرف شاعر ہی نہیں بلکہ ایک انشا پرداز، خطیب، صحافی، محقق اور دستاویزی فلموں کے کامیاب فلم ساز اور ہدایت کار بھی تھے، وہ اردو دنیا کے معدودے چند اہم اقبال شناسوں میں تھے۔[۴۲] اس ایڈیشن میں سردار جعفری کی شاعری سے انتخاب ان کے سات انٹرویوز، اور پانچ منتخب تحریروں کے علاوہ ان کی شخصیت پر نو مضامین اور تنقیدی جائزوں پر مشتمل اکیس مضامین و مقالات شامل ہیں۔ آخر میں اہل قلم حضرات کے پیغامات، تاثرات اور نذرانے دیے گئے ہیں۔

سردار جعفری ترقی پسند ادب میں ایک ایسا نام ہے جن کے ادبی نقطہ نظر سے اختلاف تو کیا جا سکتا ہے لیکن ان کی ادبی خدمات اور ادبی حیثیت سے انکار ممکن نہیں ہے وہ گزشتہ نصف صدی کے دوران تخلیق ہونے والے ادب میں اہم کردار ہیں۔ جدید عہد کی شاعری میں ان کا منفرد انداز فکر ان کی پہچان ہے اور ان کا لہجہ اپنے ہم عصروں سے بالکل الگ نظر آتا ہے۔

صہبا لکھنوی نمبر افکار کراچی، مارچ اپریل ۲۰۰۴ء، شمارہ ۱۰۸، ۱۰۹

یہ شمارہ صہبا لکھنوی کی یاد میں ان کے انتقال کے بعد شائع کیا گیا ہے۔ اس شمارے کا اشاریہ ڈاکٹر حنیف

فوق نے لکھا ہے۔صہبا لکھنوی پر یادوں کے عنوان سے شوکت صدیقی، محمد احمد سبزواری، پروفیسر عبدالقوی ضیاء، مقصود الٰہی شیخ، رضیہ فصیح احمد، ڈاکٹر اسداریب، صابر صدیقی، راشد نور، مقصودہ صہبا کی تحریریں اور ۳۷ شعراء کا صہبا لکھنوی کو منظوم خراج عقیدت شائع ہوا ہے۔صہبا کی شخصیت پر جمیل الدین عالی،، جوگندر پال، رفعت سروش، پروفیسر ریاض صدیقی، حسن عابدی، محمود رحیم، احسان الٰہی احسن، ڈاکٹر حنیف فوق کے مضامین شامل ہیں۔ادارت افکار کے عنوان سے ڈاکٹر قمر رئیس، ڈاکٹر آغا سہیل، ڈاکٹر شارب ردولوی، محسن احسان، اختر جمال، حسن منظر، انور سدید، ڈاکٹر محمود الرحمٰن، مسعود احمد برکاتی، افتخار امام صدیقی، سید ثروت ضحیٰ، احمد رئیس، ڈاکٹر رضیہ حامد، خالدہ شفیع، یحیٰی خلیل انصاری، مشتاق احمد، کلیم احسان، حیدر طباطبائی، پروفیسر مجیب انوار حمیدی کے مضامین دیے گئے ہیں۔افکار کے خاص شماروں کے علاوہ عام شماروں کا جائزہ بھی دیا گیا ہے۔یہ نمبر صہبا لکھنوی اور افکار پر ایک مستند اور تاریخی و ادبی حوالے کی حیثیت رکھتا ہے۔

افکار کے یہ شخصیات نمبر اردو ادب میں ایک قیمتی سرمائے کی حیثیت رکھتے ہیں جو نہ صرف ان خصوصی اشاعتوں میں زیر بحث لائی گئی شخصیات کے حالات زندگی اور فکر وفن کا احاطہ کرتی ہیں بلکہ یہ اشاعتیں اس دور کی ادبی تاریخ کی امین بھی ہیں۔

حوالہ جات

۱۔ علی جواد زیدی، صہبا ادارہ ساز ادارہ مشمولہ صہبا لکھنوی شخصیت اور ادبی خدمات (مرتبہ نکہت بریلوی) ارتقا مطبوعات کراچی ۱۹۹۹ء، ص ۹۵

۲۔ الطاف مشہدی، جنوری ۱۹۶۶ء افکار کراچی، شمارہ ۱۷۱، ص ۹۴

۳۔ مشتاق احمد یوسفی، ذکر افکار اور صاحب افکار مشمولہ افکار کراچی، نومبر ۱۹۷۱ء، ص ۴۸

۴۔ جگن ناتھ آزاد، کثیر الجہت شخصیت مشمولہ صہبا لکھنوی شخصیت اور ادبی خدمات مرتبہ نکہت ص ۱۷۱

۵۔ قیصر تمکین، صہبا افکار اور خاص نمبر، افکار کراچی، صہبا لکھنوی نمبر، مارچ اپریل ۲۰۰۴ء، ص ۲۷۲

۶۔ محمد خالد اختر، یاران محفل، افکار کراچی، نومبر ۱۹۸۹ء ص ۷۸، ۷۹

۷۔ سلیم اختر' ڈاکٹر، افکار کراچی، جولائی ۱۹۸۶ء ص ۷۷

۸۔ صہبا لکھنوی، اشاریہ، افکار کراچی، جوش نمبر ص ۱۱

۹۔ مرزا ادیب، افکار کراچی، جنوری ۱۹۶۴ء ص ۹۷

۱۰۔ شبنم رومانی، افکار کراچی، جولائی ۱۹۶۵ء یاران محفل ص ۸۹

۱۱۔ فنون لاہور، فیض نمبر مئی جون ۱۹۸۵ء شمارہ ۲۲

۱۲۔ ماہنامہ ماہ نو لاہور، بیاد فیض، فروری ۲۰۰۲ء

۱۳۔ خالد محمود، افکار کراچی، مئی ۱۹۶۶ء شمارہ ۱۷۷، ص ۱۰۶

۱۴۔ عزیز احمد، ترقی پسند ادب، ص ۴۹، کاروان ادب ملتان، ۱۹۸۶ء

۱۵۔ رفیع الدین ہاشمی، محمد طفیل اور نقوش کے اقبال نمبر، مشمولہ نقوش لاہور محمد طفیل نمبر جولائی ۱۹۸۷ء جلد اول شمارہ ۱۳۵، ص ۵۰۹

۱۶۔ ظفر اللہ خان، مصطفیٰ زیدی شخصیت اور فن، ص ۱۰۵، مجلس فکر و ادب کراچی، ۱۹۸۴ء

۱۷۔ ستار طاہر، افکار کراچی، جنوری فروری ۱۹۷۱ء ص ۲۱۲، بحوالہ ماہنامہ کتاب لاہور

۱۸۔ محشر بدایونی، یاران محفل افکار کراچی، افسانہ ایڈیشن جنوری فروری ۱۹۷۱ء ص ۲۰۲

۱۹۔ مسعود اشعر، افکار کراچی، جنوری ۱۹۷۴ء ص ۸۱

۲۰۔ انور سدید، افکار کراچی، جنوری ۱۹۷۴ء ص ۸۱

۲۱۔ انور سدید، افکار کراچی، اگست ۱۹۷۴ء ص ۷۰

۲۲۔ کوثر چاند پوری، افکار کراچی، جون ۱۹۷۵ء ص ۶۷

۲۳۔ ابوسلمان شاہجہان پوری، افکار کراچی، مئی ۱۹۷۵ء ص ۸۲

۲۴۔ رام لعل، افکار کراچی، جون ۱۹۷۵ء ص ۶۶

۲۵۔ اطہر نادر، افکار کراچی، فروری ۱۹۷۶ء ص ۶۵

۲۶۔ محسن بھوپالی، افکار کراچی، فروری ۱۹۷۶ء ص ۶۹،

۲۷۔ محمد علی صدیقی، افکار کراچی، فروری ۱۹۷۶ء ص ۶۶

۲۸۔ ریاض صدیقی، سال اقبال اور ادبی مسائل، افکار کراچی خاص نمبر رومی ایڈیشن اپریل ۱۹۷۸ء ص ۱۳۶ تا ۱۳۹

۲۹۔ احمد رئیس، افکار کراچی، اگست ۱۹۷۲ء ص ۷۳

۳۰۔ الطاف احمد، افکار کراچی، اگست ۱۹۸۲ء ص ۷۵ بحوالہ روز نامہ امن کراچی

۳۱۔ سلیم اختر، ڈاکٹر، افکار کراچی، ستمبر ۱۹۸۲ء ص ۸۰ (جوش ملیح آبادی کی نظم سورۃ الرحمٰن کا ترجمہ افکار فروری ۱۹۸۱ء کے شمارہ میں ص ۳۹ پر شائع ہوئی)

۳۲۔ فیضان عارف، افکار کراچی، جنوری ۱۹۸۶ء ص ۸۱

۳۳۔ ظہور احمد اعوان، پروفیسر، افکار کراچی، جنوری ۱۹۸۶ء ص ۸۱

۳۴۔ سہ ماہی فنون لاہور، اختر حسین جعفری نمبر مئی اگست ۱۹۹۲ء

۳۵۔ روز نامہ جنگ کراچی، ۲۳ مئی ۱۹۸۶ء

۳۶۔ روز نامہ جنگ کراچی، ۳۰ مئی ۱۹۸۶ء

۳۷۔ اے حمید، اردو نثر کی داستانیں، ص ۲۴، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، س ن

۳۸۔ ضیاء علیگ، پروفیسر، افکار کراچی، اکتوبر ۱۹۸۹ء ص ۸۰ یاران محفل

۳۹۔ محمد خالد اختر، افکار کراچی، نومبر ۱۹۸۹ء ص ۷۹

۴۰۔ منیر الدین، ڈاکٹر، افکار کراچی، اکتوبر ۱۹۸۹ء ص ۷۹

۴۱۔ حنیف رامے، پاکستان میں مصوری، جنگ کراچی سنڈے میگزین ۱۸۔ اپریل ۲۰۰۴ء ص ۱۴

۴۲۔ محمد علی جعفری، اشاریہ۔ علی سردار جعفری۔ دار ورسن سے کوچہ دلدار تک، افکار کراچی علی سردار جعفری نمبر ص ۱۰

'ملکہ حیات بخش بیگم' یا 'حیات بخشی بیگم'؟
(تحقیقی و تنقیدی جائزہ)

ابرار عبدالسلام*

Abstract

This Research Article deals with a misunderstanding spread in the all histories of Urdu Literature. Malka Hayat Baksh is very important women from Deccan. Histories of Urdu literature name this famous women Hayat Bakhshi Begum. This article tries to correct this misunderstanding with the help of valuable histories of Deccan.

دکن میں قطب شاہی اور عادل شاہی سلطنتیں اردو زبان و ادب کی سرپرستی میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ان ریاستوں کی دوسوسالہ تاریخ اردو کی نشوونما اور فروغ میں نہایت سازگار ثابت ہوئی۔وہاں کے سازگار سیاسی اور معاشرتی ماحول نے اس سرزمین میں اس پائے کا ادب تخلیق کر دیا تھا جس کی برابری کرنے کے لیے شمالی ہند کو کم و بیش ایک صدی کا عرصہ لگ گیا۔اسی سرزمین سے اٹھنے والی ہواؤں نے شمالی ہند کے ادبی انجماد کو توڑنے اور متحرک کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔گول کنڈہ اور بیجاپور کے سلاطین نہ صرف علم و ادب کے سرپرست تھے بلکہ ان میں سے اکثر شاعر بھی تھے۔عادل شاہیوں میں یوسف عادل شاہ،اسمٰعیل عادل شاہ،علی عادل شاہ ثانی شاہی،ابراہیم عادل شاہ،قطب شاہیوں میں جمشید قطب شاہ،محمد قلی قطب شاہ،سلطان محمد قطب شاہ نہ صرف شاعر بلکہ شاعر نواز بھی تھے۔محمد قلی قطب شاہ کو تو شاعر بادشاہ کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا تھا۔اس کے زمانے میں گولکنڈہ علما،فضلا اور شعرا کا مرکز و مرجع بن گیا تھا۔یہ پہلا صاحب دیوان شاعر ہے اور اس نے پچاس ہزار سے زائد اشعار تخلیق کیے۔(۱) چنانچہ یہ فطری امر تھا کہ ان بادشاہوں کی ذاتی دلچسپیوں اور سرپرستی کے نتیجے میں علم و ادب بالخصوص اردو ادبیات کو خوب فروغ حاصل ہو۔ان حکمرانوں کے علاوہ دکن کے ادبی اور سیاسی منظرنامے میں بعض خواتین کا نام بھی سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ان خواتین میں بھاگ متی،چاند بی بی،خدیجہ سلطان،اور ملکہ حیات بخش بیگم اہمیت کی حامل ہیں۔

* استاد شعبہ اُردو، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، خانیوال۔

ان خواتین میں بھاگ متی محمد قلی قطب شاہ کی منظورِ نظر تھی (۲) یہی وہ خاتون ہے جس سے ملاقات کے فرطِ شوق میں شہزادے نے اپنا گھوڑا اس وقت ندی میں ڈال دیا اور صحیح وسلامت پار اتر گیا تھا جب ندی طغیانی پر تھی (۳)۔زورؔ کے خیال میں غالب گمان یہی ہے کہ محمد قلی قطب شاہ نے اسے اپنے حرم میں لانے کے بعد اسے حیدر محل کے خطاب سے نوازا تھا۔اور قلی قطب شاہ کے درباری شاعر ملا وجہی نے 'قطب مشتری' میں اسی بھاگ متی اور محمد قلی قطب شاہ کی داستان محبت بیان کی ہے۔قلی قطب شاہ نے اسی خاتون کے نام سے بھاگ نگر شہر آباد کیا تھا جسے بعد میں حیدر آباد کے نام سے یاد کیا جانے لگا۔(۴) چاند بی بی علی عادل شاہ کی بیوی اور مرتضٰی نظام شاہ کی بہن تھی جو چاند سلطان کے نام سے مشہور ہوئی۔اس خاتون نے دکن کی تاریخ میں اپنی بہادری ،حوصلہ مندی اور دانشمندی کے انمٹ نقوش رقم کیے۔مرتضٰی نظام شاہ نے اسے جہیز میں شولا پور کا قلعہ دیا تھا۔جب مغلوں نے احمد نگر پر چڑھائی کی تو یہ خاتون اپنی جنم بھومی کی بقا اور سلامتی کے لیے احمد نگر آئی اور فوج کی کمان خود سنبھالی اور اس بے جگری سے لڑی کہ خود مغل فوج حیران تھی۔اس کی اسی بہادری کی وجہ سے اسے چاند سلطان کہا جانے لگا تھا۔چاند سلطان نے ڈٹ کر مغل فوج کا مقابلہ کیا اور اپنی آخری سانسوں تک مغل فوج کے قدم اپنے علاقوں پر جمنے نہیں دیے۔(۵)

خدیجہ سلطان عبداللہ قطب شاہ کی بہن اور سلطان محمد عادل شاہ کی ملکہ تھی۔گول کنڈہ سے بیجا پور میں اپنے ساتھ وہ ادبی مذاق بھی ساتھ لائی تھی جس کی تربیت اس نے اپنے میکے میں حاصل کی تھی۔اسی خاتون کے ادبی ذوق کے باعث بیجا پور میں اردو شاعری کو فروغ حاصل ہوا اور اسی شہزادی کی حوصلہ افزائی کا نتیجہ تھا کہ کمال خاں رستمی نے ڈیڑھ سال کے عرصے میں 'خاور نامہ' جیسی ضخیم مثنوی کو اردو شعر کے روپ میں ڈھالا اور اس کے جہیز میں آئے ہوئے غلام ملک خوشنود نے خسرو کی 'ہشت بہشت' کا منظوم اردو ترجمہ 'جنت سنگار' کے نام سے کیا۔اسی خاتون کی ادبی تربیت کا ثمرہ تھا کہ علی عادل شاہ ثانی متخلص بہ شاہی جیسا تخلیق کار بادشاہ پیدا ہوا۔(۶)

تاریخ دکن کے صفحات پر جن شہزادیوں کے نام زریں کارناموں کی وجہ سے درخشاں ہیں ان میں ایک نام حیات بخش بیگم کا بھی ہے۔یہ خوش نصیب ملکہ ایک بادشاہ کی بیٹی (سلطان محمد قلی قطب شاہ) ایک بادشاہ کی بیوی (سلطان محمد قطب شاہ) ایک بادشاہ کی ماں (سلطان عبداللہ قطب شاہ) اور ایک بادشاہ کی ساس (سلطان محمد عادل شاہ) تھی۔اس کے تدبر، سیاست، عقلمندی اور فراست کے علاوہ رفاہی کاموں میں اس کی دلچسپی سے کسی کو انکار نہیں۔اس خاتون نے نئے قصبات تعمیر کروائے ،عمارتیں بنوائیں اور ایسی سرگرمیوں کی ایک مثال قائم کر دی۔ملکہ

حیات بخش بیگم سلطان محمد قطب شاہ کی مشیر اور صلاح کار بھی تھی۔(۷)

دکن کی ادبی اور سیاسی تاریخیں لکھنے والوں نے اس ملکہ کا نام بالعموم حیات بخشی لکھا ہے، جو درست نہیں۔ دکن کی ادبی اور سیاسی تاریخیں لکھنے والوں نے اپنی تاریخوں میں اس غلط نام کو اس کثرت اور تسلسل سے استعمال کیا ہے کہ اسی وجہ سے پچھلی نصف صدی میں اس کے غلط ہونے کا گمان بھی نہیں گزرا اور نہ ہی کسی محقق نے اس طرف توجہ مبذول کی۔ مثال کے طور پر ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے اپنی تصنیف 'سلطان محمد قلی قطب شاہ' میں اس ملکہ کا نام حیات بخشی بیگم لکھا(۸)۔ غالباً زور ہی کی تقلید کرتے ہوئے نصیر الدین ہاشمی نے اس خاتون کا یہی نام تحریر کیا اور اس ملکہ کی ایک مختصر سوانح 'ملکہ حیات بخشی بیگم' کے نام سے تحریر کی (۹)۔ 'علی گڑھ تاریخ ادب اردو' کا چھٹا باب ڈاکٹر ظہیر الدین مدنی اور سخاوت مرزا نے تحریر کیا ہے اس میں بھی دو مقامات پر ملکہ کا نام حیات بخشی بیگم ہی مرقوم ہے (۱۰)۔ ڈاکٹر گیان چند اور ڈاکٹر سیدہ جعفر کی تحقیقی کاوشوں کے نتیجے میں سامنے آنے والی تاریخ 'تاریخ ادب اردو ۱۷۰۰ء تک' میں بھی کئی مقامات پر اس ملکہ کا یہی نام تحریر ہے (۱۱)۔ اس کے علاوہ 'کلام الملوک مصنفہ میر سعادت علی رضوی'، 'مقدمہ تاریخ دکن مصنفہ عبدالمجید صدیقی' اور 'تاریخ گولکنڈہ مصنفہ عبدالمجید صدیقی' میں بھی اس خاتون کا یہی غلط نام بار بار دہرایا گیا ہے۔(۱۲)

اگر چہ ان سب تصانیف میں ملکہ کا نام حیات بخشی بیگم تحریر ہے لیکن تاریخ دکن کے معتبر مآخذ میں یہ نام حیات بخش بیگم ملتا ہے جو ماں صاحبہ کے نام سے مشہور تھی۔ ملکہ حیات بخش بیگم کے نام کی تحقیق سے پہلے ان مآخذ کا تعارف ضروری ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ جن تصانیف کو بنیاد بنا کر مذکورہ بالا نام کی تکرار ہوتی رہی، اس کی کوئی تاریخی سند ہے بھی یا نہیں؟

ان تصانیف میں سب سے پہلی تاریخ 'حدیقۃ السلاطین قطب شاہی' ہے۔ اس کے مصنف مرزا نظام الدین احمد ابن عبداللہ صاعدی شیرازی ہیں۔ یہ عبداللہ قطب شاہ کے دور میں بہ حیثیت حکیم حاذق کافی شہرت رکھتے تھے۔ ان کی اس سے بڑی حیثیت یہ ہے کہ یہ عبداللہ قطب شاہ کے داماد ہیں۔ نظام الدین کی یہ تصنیف عبداللہ قطب شاہ کی ولادت ۱۰۲۳ھ سے انتیسویں جلوس ۱۰۵۳ھ تک کے اکتیس سالہ دور پر محیط ہے۔ مصنف کی وفات ۱۰۵۹ھ مطابق ۱۶۵۰ء میں ہوئی۔(۱۳)

دوسری تصنیف مآثر دکن ہے۔ یہ سید علی اصغر بلگرامی کی تالیف ہے۔ علی اصغر بلگرامی ناظم آثار قدیمہ سرکار عالی حیدر آباد دکن کے اہم منصب پر فائز رہ چکے ہیں۔ دکن کی تاریخ اور دکن کے آثار قدیمہ کے ماہرین میں ممتاز حیثیت

رکھتے ہیں۔بطور ناظم آثار قدیمہ ان کی نظروں سے ایسا نادر اور کمیاب تاریخی مواد گزرا ہے جو دکنی ادب پر کام کرنے والوں میں سے شاید ہی کسی محقق کی نظروں سے گزرا ہو۔اس تصنیف میں بلگرامی نے بڑی محنت اور تلاش کے بعد حیدرآباد اور اس کے مضافات میں موجود قدیم عمارتوں اور صاحب عمارات کا حال رقم کیا ہے۔اس کتاب کی سب سے اہم خوبی یہ ہے کہ اس میں ان علاقوں میں موجود قدیم عمارات پر کندہ تحریروں اور کتبوں کا عکس بھی شامل کیا گیا ہے۔جس نے اس کتاب کی تاریخی اہمیت دو چند کر دی ہے اور اسے ہم عصر مآخذ کی صف میں لا کھڑا کر دیا ہے۔

تیسری تصنیف 'تاریخ گلزار آصفیہ' ہے۔تاریخ گلزار آصفیہ میں غلام حسین نے سلاطین قطب شاھیہ سے ناصر الدولہ تک کے واقعات اور رؤسا، امرا، علما، شعرا اور دیگر ارباب کمالات کے حالات جامع مگر مختصر انداز میں قلمبند کیے ہیں لیکن اختصار کا یہ عالم ہے کہ دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے۔دکن کی تاریخوں میں یہ کتاب بڑی اہمیت کی حامل ہے۔

ان تصانیف کے تعارف کے بعد اپنے مؤقف کی تائید میں شہادتیں پیش کی جاتی ہیں۔'حدیقۃ السلاطین قطب شاہی' میں مرزا نظام الدین صاعدی نے دو مقامات پر اس خاتون کا نام 'حیات بخش' تحریر کیا ہے۔ذیل میں اس کتاب سے متعلقہ عبارتیں پیش کی جاتی ہیں۔

(۱) ''بلقیس الزماں و خدیجۂ دوراں اعنی زیب دہندہ بارگاہِ عصمت و صلاح صدر نشیں محافل قدسی شمایل عفت و فلاح حیات بخش خاصان حرم مکرم محترم والدہ اعز سلطان سکندر شیم بجہت ایں فرزند دلبند اولیں کہ نصرت رب العالمین بخاقانِ زمان و زمین کرامت و عنایت فرمود'' (۱۴)

(۲) ''و در ممالک محروسۂ دکن رسم است کہ از ابتدا چوں موی محاسن بستر دند بعیش و سور باین امر قیام نمایند و بعشرت و سرور ایں مرام بانجام رسانند بنابریں عالی حضرت مریم عصمت بلقیس منزلت خدیجہ مرتبت فخر النساء الزمان حیات بخش خاصگیان سرادق حرم خاقانِ زماں والدۂ ماجدۂ اعلیحضرت یوسف طلعت سکندر شان متکفل اخراجات ایں جشن طرب افزاے خسروانہ و متحمل ایں میزبانی شاہانہ گردیدہ قرار دادند'' (۱۵)

مذکورہ بالا دونوں عبارتوں میں عبداللہ قطب شاہ کی والدہ کا نام حیات بخش ہی مرقوم ہے۔سید علی اصغر بلگرامی نے اس نسخہ کو مرتب کرتے ہوئے چار قلمی نسخوں سے مدد لی ہے۔جس میں سے تین نسخے لندن اور ایک نسخہ آثار قدیمہ حیدرآباد دکن میں موجود ہے(۱۶)۔

مذکورہ بالا عبارتوں کی تصدیق 'مآثر دکن' سے بھی ہوتی ہے۔سید علی اصغر بلگرامی نے اس تالیف میں حیات

بخش بیگم کے مقبرے پر موجود ایک کتبے کے اندراجات کی تفصیل پیش کی ہے۔ جس میں اس ملکہ کا نام اور تاریخ وفات درج ہے۔ عبارت یہ ہے۔

''وفات جنت مکانی حیات بخش بیگم بتاریخ بست وہشتم ماہ شعبان شب سہ شنبہ، ۱۰۷۷ھ'' (۱۷)

اس عبارت کے علاوہ مؤلف نے اس کتبے کا عکس بھی پیش کیا ہے جس میں واضح طور پر اس ملکہ کا نام حیات بخش ہی پڑھا جاتا ہے۔ کتبے کا عکس پیش کیا جاتا ہے۔

(۱۸)

یہ کتبہ حیات بخش بیگم کے مزار کا ہے جو ملکہ کے درست نام کی واضح شہادت پیش کر رہا ہے۔ کتبے کی تحریر اور اس کی تنصیب ملکہ حیات بخش بیگم کے مقبرے کی تعمیر کے وقت ہی عمل میں آئی ہوگی۔ بالفرض یہ کتبہ ملکہ حیات بخش بیگم کی وفات کے بعد بھی نصب کیا گیا ہو تب بھی یہ مذکورہ بالا مصنفین کی تصانیف سے بہت پہلے کی شہادت ہے اس لیے اس کے قبول کرنے میں کوئی امر مانع نہیں رہتا۔

ملکہ حیات بخش کے نام کی تائید میں تیسری شہادت خواجہ غلام حسین کی تصنیف ''تاریخ گلزار آصفیہ'' سے پیش کی جاسکتی ہے۔ مصنف نے دو مقامات پر اس خاتون کا نام حیات بخش ہی تحریر کیا ہے۔ وہ عبارتیں درج ذیل ہیں:

(۱) ''حیات بخش بیگم صاحبہ مادر سلطان عبداللہ زوجہ سلطان محمد دختر محمد قلی قطب شاہ کہ رابعۃ الدورانِ وقت خود بودند وبصفات بسیار مشہور بحیات ماں صاحبہ اند'' (۱۹)

(۲) ''شمہ از احوال نیک مال حیات بخش بیگم کہ بحیات ماں صاحبہ مشہور ومعروف اند'' (۲۰)

مذکورہ بالا شہادتوں کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ عبداللہ قطب شاہ کی والدہ کا درست نام حیات بخش بیگم ہے نہ کہ حیات بخشی بیگم۔ نصیر الدین ہاشمی نے اپنی تصنیف 'ملکہ حیات بخشی بیگم' میں مذکورہ بالا عبارت ''شمہ از احوال۔۔۔الخ''، رقم کرتے وقت ملکہ کا نام 'حیات بخشی بیگم' لکھا ہے۔ ہاشمی صاحب نے مذکورہ طویل اقتباس درج کرنے کے بعد صفحہ ۴۹ کا حوالہ دیا ہے۔ میرے پیش نظر 'گلزار آصفیہ' کا جو نسخہ ہے اس میں مذکورہ عبارت صفحہ ۴۸

سے شروع ہوکر صفحہ ۴۹ پر ختم ہوتی ہے۔ جس سے یہ بات بآسانی معلوم کی جاسکتی ہے کہ ہاشمی صاحب کے پیش نظر بھی یہی نسخہ رہا ہے۔ مذکورہ نسخے میں ملکہ کا نام حیات بخشی بیگم نہیں بلکہ حیات بخش بیگم مرقوم ہے۔ ہاشمی صاحب نے ملکہ کا نام حیات بخش بیگم لکھنے کی بجائے معلوم نہیں کس بنیاد پر حیات بخشی بیگم لکھ دیا۔ بغیر کسی تحریری ثبوت کے ایسا کرنا تحقیق کے اصولوں کے منافی ہے۔(۲۱)

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دکنی ادب کے مؤرخین اور محققین نے اس ملکہ کے نام میں یہ غلطی کیوں کی۔ ان کے پیش نظر وہ کون سے مآخذ رہے ہیں جن میں یہ نام مرقوم ہے۔ اس بارے میں یقین سے تو کچھ نہیں کہا جا سکتا لیکن قیاساً یہ کہا جاسکتا ہے کہ محی الدین قادری زور اور نصیر الدین ہاشمی کے علاوہ بقیہ تمام مؤرخین کی غلط فہمی کا باعث 'تاریخ گلزار آصفیہ' ہی بنی ہے۔ ذیل میں وہ عبارت پیش کی جاتی ہے جو اس غلط فہمی کا باعث بنی۔ عبارت یہ ہے:

''اما حضرت بخشی بیگم صاحبہ قبلہ کہ ہزار درجہ آنجناب را بالای ایشان تفوق است ۔۔۔۔'' (۲۲)

مذکورہ بالا عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ یہاں مصنف نام کی بجائے ملکہ کی صفت بیان کرتے ہوئے اس کے نام کے ایک جز کو استعمال کرتے ہوئے اپنی بات لکھ رہا ہے۔ اور عبارت کی ساخت بھی ایسی ہے کہ اس میں بخش بیگم کی گنجائش ہی نہیں نکلتی۔ چنانچہ مصنف نے مجبوراً بخش کو بخشی کیا ہوگا۔ لیکن اس عبارت سے یہ کہاں ثابت ہوتا ہے کہ ملکہ کا نام حیات بخشی بیگم ہے؟ غالب گمان یہی ہے کہ دکنی ادب کے مؤرخین اور محققین نے اسی عبارت سے دھوکہ کھاتے ہوئے ملکہ کا نام حیات بخشی سمجھ لیا اور اسی کی تقلید میں بقیہ محققین بھی اسی نام کو دہراتے رہے۔

قواعد کے لحاظ سے بھی 'حیات بخشی' کی ترکیب درست نہیں۔ صحیح ترکیب 'حیات بخش' ہے۔ جیسے مغل شہزادوں کے نام کام بخش اور مراد بخش ہیں۔ مرزا نظام الدین احمد صاعدی نے سلطان عبداللہ قطب شاہ کا لقب 'لک بخش' لکھا ہے۔(۲۳) ان ہی ناموں کی مناسبت سے ملکہ کا نام بھی حیات بخش ہی ہونا چاہیے۔ مذکورہ بالا دلائل کی بنا پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ ملکہ کا نام حیات بخش بیگم ہے، حیات بخشی بیگم نہیں۔ جن محققین اور مؤرخین نے اس ملکہ کا نام حیات بخشی بیگم لکھا ہے وہ محض غلط فہمی کی بنا پر لکھا ہے۔ اور اس کا امکان بھی بہت کم ہے کہ ان کے پیش نظر کوئی ایسی معاصر شہادت رہی ہو جس کی بنا پر ملکہ کا نام حیات بخشی ثابت کیا جاسکے۔

حواشی

۱۔ کلام الملوک از میر سعادت علی رضوی نیز مقدمہ کلیات شاہی از سید مبارز الدین رفعت

۲۔ دیکھیے: محمد قلی قطب شاہ از زور ص ۹۷

۲۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: ایضاً ص ۸۸۔۷۹

۴۔ دیکھیے: تاریخ گلزار آصفیہ ص ۱۵۔۱۴

۵۔ دیکھیے: تاریخ فرشتہ ص ۱۴۴،۱۶۶۔۱۵۹

۶۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: اردو شہ پارے از زور ص ۴۳ نیز تاریخ ادب اردو از ڈاکٹر جمیل جالبی، جلد اول ص ۲۶۵،۳۲۱،۳۳۴،

۷۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: ملکہ حیات بخشی بیگم، سلطان محمد قلی قطب شاہ ص ۳۸۰۔۳۷۶

۸۔ دیکھیے: سلطان محمد قلی قطب شاہ ص ۷،۸،۲۹۳،۳۱۶،۳۱۹،۳۴۵،۳۷۴،۳۸۰۔۳۷۵

۹۔ دیکھیے: ملکہ حیات بخشی بیگم

۱۰۔ دیکھیے: علی گڑھ تاریخ ادب اردو ص ۳۸۴،۳۹۵

۱۱۔ دیکھیے: تاریخ ادب اردو ۱۷۰۰ء تک جلد اول ص ۳۱۷، جلد پنجم ص ۳۳۲

۱۲۔ دیکھیے: کلام الملوک ص ۳۲، مقدمہ تاریخ دکن ص ۷۷، تاریخ گولکنڈہ ص ۱۲۳،۱۲۸،۱۳۰،۱۵۷،۱۶۱،۱۷۱، ۱۷۲،۱۷۶،۱۷۷،۲۲۵،۲۳۸،۲۴۴،۳۶۳،۴۱۰،۴۲۴،۴۲۵

۱۳۔ دیکھیے: حدیقۃ السلاطین قطب شاہی، ص ۶، مکتوبات سلاطین قطب شاہی ص ۳۷

۱۴۔ حدیقۃ السلاطین قطب شاہی ص ۱۰۲

۱۵۔ ایضاً ص ۱۲۳

۱۶۔ دیکھیے: مقدمہ حدیقۃ السلاطین قطب شاہی ص ۱۳

۱۷۔ مآثر دکن ص ۱۶۸

۱۸۔ ایضاً ص ۱۷۱

۱۹۔ تاریخ گلزار آصفیہ ص ۴۲

۲۰۔ ایضاً ص ۴۸

۲۱۔ دیکھیے: ملکہ حیات بخشی بیگم ص ۳۴

۲۲۔ تاریخ گلزار آصفیہ ص ۴۹

۲۳۔ دیکھیے: حدیقۃ السلاطین قطب شاہی ص ۲۹۲